# ریاضی

## جماعت پنجم

**MATHEMATICS - CLASS V**

**FREE**



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔

ناشر حکومت تلنگانہ، حیدرآباد

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے

ریاضی جماعت پنجم

Mathematics - Class V

ریاضی جماعت پنجم



حکومت تلنگانہ، حیدرآباد

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے

SCERT TELANGANA

**Graph Paper**

حکومت تلنگانہ
محکمہ ترقی نسواں و بہبود اطفال - چائلڈ لائین فاؤنڈیشن
خطروں اور مشکلوں سے بچوں کے تحفظ کے لیے
جب اسکول یا اسکول سے باہر بدسلوکی ہو
CHILD LINE
1098
NIGHT & DAY
24 گھنٹے قومی ہلپ لائین
جب افراد خاندان یا رشتہ دار بدتمیزی سے پیش آئیں
جب بچوں کو اسکول سے روک کر کام پر لگایا جائے
مفت خدمات کے لیے (دس......نو........آٹھ) 1098 پر ڈائیل کریں

## بچو! یہ ہداتیں آپ کے لیے ہیں۔

- ☆ درسی کتاب میں دیئے گئے ہر ایک تصور سے آگہی کے لیے Situations یا مثالیں یا سوالات یا کھیل وغیرہ دیے گئے ہیں۔ان سے متعلق تصویریں/ خاکے بھی دیے گئے ہیں۔Situation کو خاکہ/تصویر سے جوڑتے ہوئے تصور کو جاننے کی کوشش کریں۔
- ☆ تصورات کی تفہیم کے لیے مشغلوں میں حصہ لینے کے دوران پیدا ہونے والے شکوک وشبہات کا ازالہ آپ اپنے معلم سے فوراً کرلیں۔
- ☆ تصورات کا فہم حاصل ہوا ہے یا نہیں جاننے کے لیے آپ ''یہ کیجیے'' کے تحت دیئے گئے سوالات خود حل کریں۔اگر آپ حل نہ کر پائیں تو نمونہ کے طور پر دیا گیا مسئلہ حل کرتے ہوئے آگہی حاصل کریں۔یا اپنے معلم سے معلوم کریں۔
- ☆ ''کوشش کیجیے'' عنوان کے تحت دیے گئے سوالات آپ کی سوچ کو ابھارنے میں مدد ومعاون ثابت ہوں گے۔یعنی یہ آپ میں غور وفکر کی صلاحیت کو فروغ دیں گے۔ یہ مسائل آپ خود سے حل نہ کر پائیں تو اپنے ساتھیوں کے ساتھ گروہی طور پر حل کرنے کی کوشش کریں' یا معلم سے گفتگو کرتے ہوئے کس طرح حل کیا جائے معلوم کریں۔
- ☆ ''یہ کیجیے'' اور ''کوشش کیجیے'' کے تحت دیئے گئے سوالات معلم کی نگرانی میں اسکول ہی میں حل کریں۔
- ☆ ''درسی کتاب میں جہاں کہیں بھی منصوبہ کام دیا گیا ہے۔اسکو گروہی طور پر حل کریں۔لیکن اس سے متعلق رپورٹ آپ کو انفرادی طور پر لکھنا ہوگا۔
- ☆ تصورات کی تفہیم کے لیے منعقد کیے جانے والے مشغلوں اور مشقوں کے تحت جو سوالات ہیں۔ان سے متعلق ردعمل اگر درسی کتاب میں لکھنا ہو تو وہیں پر لکھیں۔
- ☆ جس دن جو سوالات حل کرنا ہے ان کی تکمیل اسی روز کرلیں اور اپنے معلم سے تصحیح کروالیں۔
- ☆ آپ سیکھے ہوئے تصورات سے متعلق مسائل مزید چند حاصل کرکے یا خود سے تیار کرکے اپنے معلم یا ساتھیوں کو دکھائیں سب مل کر ان کو حل کریں۔
- ☆ ریاضی کے تصورات سے تعلق رکھنے والے کھیل' معمے اور دلچسپی معلومات آپ کی درسی کتاب میں دیے گئے ہیں۔ان کے بارے میں آگہی حاصل کرکے ان جیسے مزید چند مسائل حاصل کرکے ان کو حل کریں۔
- ☆ درسی کتاب کے ذریعہ سیکھے ہوئے تصورات کو کمرہ جماعت محدود نہ رکھیں بلکہ ان کا استعمال اپنی روزمرہ زندگی میں موقع ومحل کے اعتبار سے کریں۔
- ☆ ریاضی میں خاص طور پر مسئلہ کا حل' وجوہات بیان کرنا' نتیجہ اخذ کرنا' ریاضی کی زبان میں اظہار' ریاضی کے تصورات کا فہم حاصل کرتے ہوئے مختلف حالات اور روزمرہ زندگی سے جوڑتے ہوئے' حل کرنا وغیرہ جیسی صلاحیتوں کے حاصل ہونا چاہیئے۔
- ☆ مذکورہ بالا ریاضی کے تصورات کے حصول کے لیے' تصورات کی تفہیم کے تحت اگر آپ کو دشواریاں پیش آتی ہوں تو بروقت معلم کی مدد حاصل کریں۔

SCERT TELANGANA

# ریاضی

Mathematics - Class V جماعت پنجم

## کمیٹی برائے فروغ واشاعت درسی کتاب

**چیف ایکزکیوٹیو آفیسر**

اے ستیہ نارائنا ریڈی

ڈائرکٹر ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق وتربیت آندھرا پردیش، حیدرآباد

**چیف ایکزکیوٹیو آرگنائزر**

شری۔ بی۔ سدھاکر

ڈائرکٹر گورنمنٹ ٹکسٹ بک پریس، حیدرآباد۔

**آرگنائزنگ انچارج**

ڈاکٹر این۔ اوپیندر ریڈی

پروفیسر شعبہ نصاب و درسی کتب، ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق وتربیت' تلنگانہ، حیدرآباد۔


ناشر

حکومت تلنگانہ، حیدرآباد


قانون کا احترام کریں
اپنے حقوق حاصل کریں

تعلیم کے ذریعے آگے بڑھیں
صبر وتحمل سے پیش آئیں

SCERT TELANGANA



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

© Government of Telangana, Hyderabad.

First Published 2013

New Impressions 2014 , 2015, 2016, 2017, 2018

All rights reserved.

No part of this publication may be reproduced, stored in a retrieval system, or transmitted, in any form or by any means without the prior permission in writing of the publisher, nor be otherwise circulated in any form of binding or cover other than that in which it is published and without a similar condition including this condition being imposed on the subsequent purchaser.

The copy right holder of this book is the Director of School Education, Hyderabad, Telangana

This Book has been printed on 70 G.S.M. SS Maplitho

Title Page 200 G.S.M. White Art Card

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2018-19

SCERT TELANGANA

**Printed in India**

**For the Director, Telangana Govt. Text Book Press,**

**Mint Compound, Hyderabad,**

**Telangana.**

# کمیٹی برائے تشکیل درسی کتاب

## مصنّفین

سری کے راجندر ریڈی' کوآرڈنیٹر، نصابی کتب' ایس سی ای آر ٹی' حیدرآباد
سری سی۔ ایچ۔ کیشوا ریڈی' SGT، پی ایس موتلا پلی، ضلع کریم نگر۔
سری اے۔ سیدی ریڈی' SGT، یو پی ایس وٹی پلی، ضلع نلگنڈہ۔
سری سی۔ ایچ۔ کیشوا' SGT، یو پی ایس لنگم پیٹ، ضلع کریم نگر۔
سری ٹی۔ سریش' SGT، یو پی ایس، لنگم پیٹھ، جگتیال، ضلع کریم نگر۔
سری این سرینواس' SGT، پی ایس، وائی سیمبی، ضلع وجیانگرم۔
سری ایس۔ دھرمیندر سنگھ' SA، یو پی ایس پونا، ضلع عادل آباد۔

سری این روی گوڑ' SA، زیڈ پی ایچ ایس لوکیشورام، ضلع عادل آباد۔
سری کے سریدھراچاریولو' SA، زیڈ پی ایچ ایس، رنگیا پلی، ضلع میدک۔
سری کے رامیا' SA، زیڈ پی ایس ایس، قاسم دیوپیٹ، ضلع ورنگل۔
سری خواجہ بندہ نواز' SA، زیڈ پی ایچ ایس، کلوگوٹلہ، ضلع کرنول۔
سری راج شیکھر ریڈی' SA، زیڈ پی ایچ ایس، میڈی ویمولہ، ضلع کرنول۔
سری کے۔ ناگیشور راؤ' HM، جی ایچ ایس پیراولی، ضلع مغربی گوداوری۔
سری ٹی سائی رام کرشنا' HM، بی ایف ایم ایچ ایس، سائمل کوٹ، مشرقی گوداوری

سری ایم راما انجینیلو' لکچرر، ڈائیٹ وقار آباد، ضلع رنگا ریڈی

## کوآرڈنیٹر

جناب محمد افتخار الدین' کوآرڈنیٹر (اردو)
ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق و تربیت' تلنگانہ' حیدرآباد۔

## ایڈیٹرس برائے انگریزی

ڈاکٹر ایس سوریش بابو' پروفیسر، ایس سی ای آر ٹی، اے پی حیدرآباد۔
سری کے برہمیا' موظف پروفیسر، ایس سی ای آر ٹی، اے پی حیدرآباد۔
سری بی۔ ہری سروتما راؤ' موظف لکچرر، ایس سی ای آر ٹی، اے پی حیدرآباد۔

## ایڈیٹرس برائے اُردو

جناب ظہیر الدین' ہیڈ ماسٹر، گورنمنٹ ہائی اسکول، وجے نگر کالونی، حیدرآباد
جناب سید واجد ہاشمی' ہیڈ ماسٹر، گورنمنٹ ہائی اسکول، سیتا رام پیٹھ، حیدرآباد
جناب میر سجاد حسین' موظف پرنسپال، اسلامیہ بوائز ہائی اسکول، سکندرآباد

## چیف اڈویزر

سری چکا رامیا، ایجوکیشنسٹ' آندھرا پردیش، حیدرآباد

ڈاکٹر ایچ۔ کے۔ دیوان، ایجوکیشن اڈویزر، ویدیا بھوان سوسائٹی، اُدیپور، راجستھان

## مترجمین

جناب ابوطاہر محمد عبدالشکور، ایس اے، جی بی ایچ ایس، اولڈ ملک پیٹ' حیدرآباد
محترمہ انیسہ تسنیم، ایس اے، جی جی ایچ ایس، سیکنڈ لانسر، گولکنڈہ، حیدرآباد
جناب سلیم معین الدین، ایس اے، جی بی ایچ ایس، مغل پورہ نمبر ۳، حیدرآباد
جناب محمد عبدالعلیم، ایس اے، جی ایچ ایس، معظم شاہی، حیدرآباد
جناب عنایت الرحمن، ایس اے، جی بی ایچ ایس، گوشہ محل، حیدرآباد
جناب سید عمران، ایس اے، گورنمنٹ ہائی اسکول ایم بی محلہ، گدوال، ضلع محبوب نگر

جناب خواجہ تقی الدین' ایس اے، جی ایچ ایس، معظم شاہی، حیدرآباد
جناب احمد علی طیب، ایس اے، جی ایچ ایس، معظم شاہی، حیدرآباد
جناب محمد عبدالمتین، ایس اے، جی ایچ ایس، ٹی ڈی سنگھ، حیدرآباد
محترمہ سائرہ انجم، ایس اے، جی بی ایچ ایس، ہمایوں نگر نمبر-۱، حیدرآباد
جناب محمد احمد علی، ایس اے، جی ایچ ایس، مستعد پورہ اُردو، حیدرآباد
جناب محمد ایوب احمد، ایس اے ضلع پریشد ہائی اسکول (اردو) آتما کور، ضلع محبوب نگر

## ڈی۔ٹی۔پی۔اینڈ لے آوٹ ڈیزائننگ

جناب محمد ایوب احمد، ایس اے
ضلع پریشد ہائی اسکول (اردو) آتما کور، ضلع محبوب نگر

جناب ٹی محمد مصطفےٰ، حبیب کمپیوٹرس
بھولکپور' مشیرآباد' حیدرآباد۔

محمد ذکی الدین لیاقت، ممتاز کمپیوٹرس، شاہ گنج، حیدرآباد

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

# پیش لفظ

ریاضی ہر بچے کی روز مرہ زندگی کا ایک حصہ ہے۔ ہر بچہ جو وہ اپنے والدین کی مدد کسی کھیت میں کر رہا ہو کہ کسی باورچی خانے میں یا اپنے دوستوں کے ساتھ کھیل میں مصروف ہو مختلف اقسام کے حسابی مسائل سے مستقل طور پر دو چار ہونا پڑتا ہے۔ چنانچہ جب ایک بچہ اسکول آنا شروع کرتا ہے تو اعداد اور جگہ کے متعلق ہمہ اقسام کے ایسے تجربات اپنے ساتھ لے آتا ہے جو بسا اوقات ہم میں سے کسی کے بھی وہم وگمان سے کہیں زیادہ ہوتے ہیں اور اس بات کی نفی ہوتی ہے کہ بچہ ریاضی سے عدم واقفیت رکھتا ہے۔

بچوں کے اندر اکتساب کا مادہ بہت زیادہ ہوتا ہے اور اہم بات یہ ہے کہ تمام بچے ریاضی سیکھنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ دنیا کے بارے میں معلوم حاصل کرنے کا ان کے اندر پایا جانے والا تجسس اور اس کو سمجھنے کی ضرورت ان کی قابلیت کو استعمال کرنے کا بھرپور موقع فراہم کرتا ہے۔ بچوں کے اندر پائی جانے والے ریاضی کی مخفی صلاحیتیں جیسے زمرہ بندی، تقابل، جوڑ لگانا، تخمینہ کرنا، تجزیہ، نقشہ سازی، عام اصول بنانا وغیرہ اور اس کے ساتھ ساتھ مقدار اور جگہ کے متعلق ان کے تجربات کمرۂ جماعت کی تدریس میں معاون ثابت ہوتے ہیں اور اساتذہ کو چاہیے کہ ان تمام چیزوں کو بھرپور طریقے پر تدریس کے دوران استعمال میں لائیں۔

یہ بات اہمیت کی حامل ہے کہ جہاں ریاضی کا اکتساب انسانی تجربات پر ہوتا ہے لیکن اس کا مسلسل ارتقا ان پر منحصر نہیں ہوتا بلکہ اس کا انحصار منطق اور انسانی دماغ کی اختراعی صلاحیت پر ہوتا ہے۔ چنانچہ ریاضی کی تدریس کا مقصد'' کارآمد' عددی صلاحیتوں کی ترویج سے کہیں اعلیٰ ہوتا ہے اور ریاضی کے اکتساب کا اصل مقصد حسابی سوچ پیدا کرنا اور خیالی ومجرد امور سے مسابقہ کرنے کی صلاحیت کو فروغ دینا ہوتا ہے۔ ریاضی کے اکتساب کو محض اعداد اور جگہ کے تخیل واشکال سے موازنہ نہیں کرنا چاہیے جو کہ ریاضی کی معلومات کا حصہ ہے اور ان سب کا علم بہ ہر صورت بچوں کو دینا ضروری ہوتا ہے۔

تدریس ریاضی کے مذکورہ بالا منصوبے کو آندھرا پردیش اسٹیٹ کریکلم فریم ورک 2011 (APSCF) میں بیان کیا گیا ہے اور اس کی وضاحت اس کے ریاضی کے پوزیشن پیپر میں تفصیلی طور پر کی گی ہے جس میں واضح طور پر ریاست میں ریاضی کی تدریس کے تعلیمی معیارات کا تعین کر دیا گیا۔ ان تمام دستاویزات کی اصل روح کو بروئے کار لانے کی نصابی کتب کے ذریعے سعی کی جاتی ہے۔

ریاضی کے تصورات کی تفہیم کے لیے معنی خیز تجربات' مختلف نمونوں کے مشاہدات اور طلبا کو اپنے الفاظ میں بیان کرنے کا موقع فراہم کیے جائیں۔ تعریفات اور غیر متعلق الفاظ کے استعمال سے کنارہ کشی اختیار کی گئی ہے۔ کسی مسئلے کو متعدد طریقے سے حل کرنے کے لیے بچوں کی حوصلہ افزائی کی گئی ہے۔ میکانیکی طریقے کے بجائے اس بات کی کوشش کی گئی ہے کہ بچے الگورتھم کو سمجھ کر مسائل کو حل کریں۔ مسئلہ پیش کرنا ریاضی کا ایک اہم حصہ ہے اور بچوں کو اس جانب مائل کیا گیا ہے کہ وہ ہمہ اقسام کے مسائل پیش کریں۔ انفرادی وگروہی مشاغل کے لیے جگہ فراہم کی گئی ہے۔ نظریے کی تعمیر کے ساتھ ساتھ نئے خیالات وسوچ کی حوصلہ افزائی کے لیے جیسے مشترکہ طور پر اکتساب کا موقع فراہم کرنے کے لیے تصاویر کو سوچ سمجھ کر استعمال کیا گیا ہے۔ بچے کی دل چسپی میں اضافے کے لیے کتاب کے ڈیزائن کو رنگین بنایا گیا ہے۔

کمیٹی برائے درسی کتب کی تدوین کی محنت اور معیاری کام کو ریاستی کونسل برائے تعلیم، تحقیق وتربیت تسلیم کرتا ہے اور اس کی سائش کرتا ہے۔ اس کتاب کی تیاری میں ریاست کے کئی اساتذہ نے اپنا تعاون دیا ہے۔ ہم تمام ضلعی عہدیداران تعلیم' منڈل ایجوکیشن افسران اور ہیڈ ماسٹرس کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنھوں نے اس کو ممکن بنایا ہے۔ ہم ان تمام ادارہ جات اور تنظیموں کے بھی مشکور ہیں جنھوں نے اس کتاب کو بنانے میں اپنا وقت دیا۔ اس کتاب کی تیاری کے سلسلے میں ہم دفتر کمشنر ڈائرکٹر اسکول ایجوکیشن کے تعاون پر شکریہ ادا کرتے ہیں۔ ہمارے کام کو بہتر بنانے کی مسلسل جہت میں ہم آپ سب کے تبصروں ومشوروں کے طلب گار رہیں گے۔

اے ستیہ نارینا ریڈی

ڈائرکٹر، ریاستی کونسل برائے تعلیمی تحقیق وتربیت

حیدرآباد

# ریاضی
## جماعت پنجم


| سلسلہ نشان | عنوانات | ماہ تکمیل نصاب | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 1. | بڑے اعداد | جون | 1-16 |
| 2. | ضرب اور تقسیم | جولائی | 17-33 |
| 3. | اسمارٹ ٹیبلس Smart Tables | اگست | 34-39 |
| 4. | کم لمبائی زیادہ لمبائی | اگست | 40-48 |
| 5. | جگھیں اور حدود-1 | ستمبر | 49-56 |
| 6. | زاوئیے ھمارے گردوپیش | ستمبر | 57-64 |
| 7. | شکلوں کے کھیل | ستمبر | 65-76 |
| 8. | جگھیں اور حدود-2 | اکتوبر | 77-86 |
| 9. | نقشے اور راستے | اکتوبر، نومبر | 87-91 |
| 10. | یہ کتنا وزن رکھتا ھے | نومبر | 92-98 |
| 11. | کتنے لیٹر؟ | نومبر، ڈسمبر | 99-103 |
| 12. | وقت | ڈسمبر | 104-114 |
| 13. | کسور | ڈسمبر، جنوری | 115-132 |
| 14. | اجزائے ضربی اور اضعاف | جنوری | 133-142 |
| 15. | تشاکل | جنوری، فروری | 143-151 |
| 16. | نمونے | فروری | 152-164 |
| 17. | قلعہ گولکنڈہ کی سیر | فروری | 165-171 |
| | اعادہ | مارچ | |


SCERT TELANGANA

# قومی ترانہ

جن گن من ادھی نایک جیا ہے
بھارت بھاگیہ ودھاتا
پنجاب، سندھ، گجرات، مراٹھا، ڈراوڈ، اتکل، ونگا
وندھیا، ہماچل، یمنا، گنگا، اُچ چھل جل دھی ترنگا
تواشبھ نامے جاگے، تواشبھ آشش ماگے
گاہے تو جیا گاتھا
جن گن منگل دایک جیا ہے
بھارت بھاگیہ ودھاتا
جیا ہے، جیا ہے، جیا ہے
جیا جیا جیا جیا ہے

- رابندر ناتھ ٹیگور

# عہد

ہندوستان میرا وطن ہے۔ تمام ہندوستانی میرے بھائی اور بہن ہیں۔ مجھے اپنے وطن سے پیار ہے اور میں اس کے عظیم اور گوناگوں ورثے پر فخر کرتا ہوں/کرتی ہوں۔ میں ہمیشہ اس ورثے کے قابل بننے کی کوشش کرتا رہوں گا/کرتی رہوں گی۔ اپنے والدین، استادوں اور بزرگوں کی عزت کروں گا/کروں گی اور ہر ایک کے ساتھ خوش اخلاقی کا برتاؤ کروں گا/کروں گی۔ میں جانوروں کے تئیں رحم دلی کا برتاؤ رکھوں گا/رکھوں گی۔ میں اپنے وطن اور ہم وطنوں کی خدمت کے لیے اپنے آپ کو وقف کرنے کا عہد کرتا ہوں/کرتی ہوں۔

SCERT TELANGANA

# 1 بڑے اعداد

کرکٹ کے مقابلے چل رہے تھے، پانچویں جماعت کے طلبہ ہندوستان اور سری لنکا کے درمیان کھیلے گئے میاچ کے تعلق سے گفتگو کررہے تھے۔ کلاس ٹیچر، بچوں کے کرکٹ کے جنون سے واقف تھیں۔ اس لیے وہ پوری طرح تیار ہوکر آئی تھیں تاکہ بچوں سے کرکٹ کے متعلق سوالات کریں، انہوں نے بچوں سے انکے پسندیدہ گیند باز (بولرس) کے بارے میں سوالات کیے۔



اس کے بعد ٹیچر نے تختۂ سیاہ پر حسبِ ذیل جدول بنایا۔

| گیند باز (بولر) کا نام | ملک | ستمبر 2012 تک بین الاقوامی مقابلوں میں حاصل کیے گئے وکٹ |
|---|---|---|
| مرلی تھرن | سری لنکا | 1347 |
| شین وارن | آسٹریلیا | 1001 |
| انیل کمبلے | ہندوستان | 956 |
| کپل دیو | ہندوستان | 687 |
| کورٹنی والش | ویسٹ انڈیز | 519 |

ٹیچر نے جدول میں درج کی گئی تفصیلات کی بنیاد پر سوالات پوچھنا شروع کیا۔

(a) کس بولر نے سب سے زیادہ وکٹ حاصل کیں؟ ______

(b) انیل کمبلے نے کپل دیو سے کتنی وکٹیں زیادہ حاصل کیں؟ ______

(c) کپل دیو نے کورٹنی والش سے کتنی وکٹیں زیادہ حاصل کیں؟ ______

SCERT TELANGANA



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے



ٹیچر: بچو! اب آپ وکٹوں کی بالکل صحیح تعداد معلوم کیے بغیر اندازہ لگائیے کہ مرلی تھرن نے کورٹنی والش سے کتنی وکٹیں زیادہ حاصل کیں؟

ریحانہ نے بتایا: ٹیچر! والش نے تقریباً 500 وکٹیں حاصل کیں اور مرلی تھرن نے تقریباً 1300 وکٹیں' اس لیے مرلی تھرن نے کورٹنی والش سے تقریباً 800 وکٹیں زیادہ حاصل کیں۔

ٹیچر: شاباش! اب آپ حسب ذیل سوالات پڑھ کر جواب کا اندازہ لگائیے۔

(a) مرلی تھرن نے کپل دیو سے تقریباً کتنی وکٹیں زیادہ حاصل کیں؟

__________

(b) مرلی تھرن کو انیل کمبلے کے مقابلے تقریباً کتنی وکٹیں زیادہ حاصل ہوئیں؟


__________

(c) مرلی تھرن نے شین وارن سے کتنی وکٹیں زیادہ حاصل کیں؟

__________

## رگھو کی ہول سیل دکان

رگھو ہول سیل کاروبار کا تاجر ہے۔ اُس نے مختلف اناج اور دالوں کا ذخیرہ کر رکھا ہے تاکہ کرانہ دکانوں کو فروخت کر سکے۔




SCERT TELANGANA

حسبِ ذیل سوالات کے جواب دیجیے:

(a) دکان میں شکر کے کتنے تھیلے ہیں؟ اور دکان میں کتنے کلو شکر موجود ہے؟

(b) دکان میں تور کی دال کتنے کلو گرام ہے؟

(c) کونسی دو اشیا کا وزن 1000 کلو گرام سے کم ہے؟

(d) کونسی دو اشیا کا وزن 1000 کلو گرام کے مساوی ہے؟

(e) کن اشیا کا وزن 1000 کلو گرام سے زیادہ ہے؟

(f) دکان میں موجود گیہوں، مکئی اور چاول کا کُل وزن کتنا ہے؟

(g) متصلہ صفحے پر دی گئی تصویر کو دیکھتے ہوئے مزید سوالات تیار کیجیے۔

## 100 تک کا عددی جدول

ہم نے چوتھی جماعت میں 100 موتیوں کا مالا استعمال کیا تھا۔



آیئے اب 100 اعداد پر مشتمل جدول کا استعمال کریں!

اس عددی جدول کا بغور مشاہدہ کیجیے۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 91 | 92 | 93 | 94 | 95 | 96 | 97 | 98 | 99 | 100 |
| 81 | 82 | 83 | 84 | 85 | 86 | 87 | 88 | 89 | 90 |
| 71 | 72 | 73 | 74 | 75 | 76 | 77 | 78 | 79 | 80 |
| 61 | 62 | 63 | 64 | 65 | 66 | 67 | 68 | 69 | 70 |
| 51 | 52 | 53 | 54 | 55 | 56 | 57 | 58 | 59 | 60 |
| 41 | 42 | 43 | 44 | 45 | 46 | 47 | 48 | 49 | 50 |
| 31 | 32 | 33 | 34 | 35 | 36 | 37 | 38 | 39 | 40 |
| 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |
| 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |


SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

(a) ہر صف میں کتنے اعداد ہیں؟

(b) کسی بھی صف میں موجود دو متصلہ اعداد کا فرق کتنا ہے؟

(c) کسی بھی کالم میں موجود 2 متصلہ اعداد کا فرق کتنا ہے؟




اب جدول میں دیئے گئے سایہ دار حصے پر غور کیجیے جس کا مرکز 54 ہے۔

عدد 54 کا اس کے اطراف موجود اعداد سے کیا تعلق ہے؟ آیئے معلوم کرتے ہیں:

عدد 54‘ 53 سے ایک زیادہ اور 55 سے ایک کم ہے۔

عدد 54‘ 44 سے 10 زیادہ اور 64 سے 10 کم ہے۔

عدد 54‘ 43 سے 11 زیادہ اور 65 سے 11 کم ہے۔

(d) عددی جدول پر اسی طرح کسی دوسرے حصے لیجیے اور دیکھیے کہ کیا مرکزی عدد کے اطراف کے اعداد سے یہی تعلق ہے۔

## یہ کیجیے

حسب بالا اعداد کے تعلق کی بنیاد پر نیچے دیئے گئے خانوں کو پُر کیجیے۔

(a)

| | | |
|---|---|---|
| | | |
| | 73 | |
| | | |

(c)

| | | |
|---|---|---|
| | | |
| | 39 | |
| | | |

(b)

| | | |
|---|---|---|
| | | |
| | 115 | |
| | | |

(d)

| | | |
|---|---|---|
| | | |
| | 184 | |
| | | |

SCERT TELANGANA

## بڑے اعداد کا تقابل

عائشہ اور واجد 0 تا 9، ہندسوں کو استعمال کرتے ہوئے اعداد بنا رہے ہیں۔







واجد: تمھیں کیسے معلوم کہ تمھارا عدد میرے عدد سے بڑا ہے؟

عائشہ: مجھے بتانے دو۔

وہ اپنی نوٹ بُک میں اس طرح لکھتی ہے:

1 اکائی + 7 دہائیاں + 6 سیکڑے + 3 ہزار = 3671

= 3000 + 600 + 70 + 1

7 اکائیاں + 6 دہائیاں + 1 سیکڑے + 3 ہزار = 3167

= 3000 + 100 + 60 + 7

3671 اور 3167 دونوں اعداد میں ہزار کے مقام پر 3 ہے۔ تاہم 3671 میں سیکڑے 6 ہیں جب کہ 3167 میں صرف ایک سیکڑا موجود ہے۔ اس لیے عدد 3671 عدد 3167 سے بڑا ہے۔

اب آپ ہندسے 3، 6، 7، 1 کے استعمال سے جتنے ممکن ہوں اُتنے چار ہندسی اعداد لکھیے۔

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

**اشارہ:** ایسے 42 اعداد ممکن ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ......................... | ......................... | ......................... | ................... |
| ......................... | ......................... | ......................... | ................... |
| ......................... | ......................... | ......................... | ................... |
| ......................... | ......................... | ......................... | ................... |
| ......................... | ......................... | ......................... | ................... |
| ......................... | ......................... | ......................... | ................... |

(a) ان میں سب سے بڑا عدد کونسا ہے؟

(b) ان میں سب سے چھوٹا عدد کونسا ہے؟

## یہ کیجیے

1۔ (a) ذیل میں دی گئی مثال کے مطابق جدول کو مکمل کیجیے۔

| | |
|---|---|
| 3666 = | تین ہزار چھ سو چھیاسٹھ |
| = | چھ اکائیاں + چھ دہائیاں + چھ سینکڑے + تین ہزار |
| = | 3000 + 600 + 60 + 6 |
| 3570 = | |
| = | |
| = | |
| 3584 = | |
| = | |
| = | |
| 3967 = | |
| = | |
| = | |
| 3200 = | |
| = | |
| = | |

(b) مندرجہ بالا جدول کے مطابق سب سے بڑا اور سب سے چھوٹا عدد کونسا ہے؟

SCERT TELANGANA

2۔ دیئے گئے ہندسوں کی مدد سے سب سے بڑا اور سب سے چھوٹا چار ہندسی عدد لکھیے۔

| ہندسے | بننے والا سب سے بڑا چار ہندسی عدد | بننے والا سب سے چھوٹا چار ہندسی عدد |
|---|---|---|
| 5, 1, 0, 9 | ............................ | ............................ |
| 2, 5, 1, 4 | ............................ | ............................ |
| 7, 3, 6, 8 | ............................ | ............................ |
| 9, 2, 7, 3 | ............................ | ............................ |

3۔ ذیل کے اعداد میں خط کشیدہ ہندسے کی مقامی قیمت پر دائرہ بنائیے۔

(a) 8999 = 900, 90, 9000, 9

(b) 7074 = 4, 40, 400, 4000

(c) 6363 = 600, 6000, 60, 6

(d) 1273 = 1, 1000, 100, 10

(e) 9291 = 9000, 90, 9, 900

## بلند ترین پہاڑیاں

دنیا کے بلند پہاڑی چوٹیوں کی اونچائی ذیل کے جدول میں دی گئی ہے۔

| پہاڑی چوٹی کا نام | بلندی | ملک |
|---|---|---|
| کنچن چنگا | 8586 میٹر | ہندوستان/نیپال |
| K - 2 | 8611 میٹر | پاکستان |
| ماونٹ ایوریسٹ | 8848 میٹر | نیپال/تبت |
| مکال | 8485 میٹر | نیپال/تبت |
| لوتسے | 8516 میٹر | نیپال |

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

(a) ذیل کے جدول میں پہاڑی چوٹیوں کے نام زیادہ اونچائی سے کم اونچائی کی ترتیب میں لکھیے۔

| پہاڑی چوٹی کا نام | بلندی |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

(b) دنیا میں سب سے بلند پہاڑی چوٹی کونسی ہے؟ کیا اس کی بلندی تقریباً 8000 میٹر ہے یا 9000 میٹر؟

## بڑے اعداد کی جمع و تفریق

آج طلبا، بڑے اعداد کی جمع اور تفریق سیکھ رہے ہیں۔

معلمہ جویریہ نے تختۂ سیاہ پر یہ سوال تحریر کیا۔




اس سوال کو ریحانہ نے اس طرح حل کیا





اور جان نے اس طرح کیا




(a) سوال کا حل کس نے غلط کیا ہے؟ اپنے دوستوں سے غلطی کی وجوہات پر تبادلہ خیال کیجیے۔

SCERT TELANGANA

ٹیچر نے تختۂ سیاہ پر ایک اور سوال تحریر کیا ہے۔




ہاجرہ نے یہ سوال اس طرح حل کیا۔




پروین نے یہ سوال اس طرح حل کیا۔




(b) کس نے سوال غلط حل کیا؟ اپنے دوستوں سے غلطی کی وجوہات پر تبادلہ خیال کیجیے۔

## اپنے گھر کے لیے سامان خریدنا

حشمت کو اپنے گھر کے لیے حسب ذیل چیزوں کی ضرورت ہے۔ اس لیے وہ بازار جاتا ہے اور ہر شئے کی قیمت معلوم کرتا ہے۔

| | |
|---|---|
| پنکھا (فیان) | ₹ 1175 |
| پلنگ | ₹ 2950 |
| الماری | ₹ 4080 |
| سائیکل | ₹ 3690 |
| گیس اسٹو | ₹ 1200 |

(a) پلنگ اور الماری کی جملہ قیمت کیا ہوگی؟

(b) اگر حشمت ₹10,000 لے کر بازار جاتا ہے، تب کیا وہ اوپر دی گی تمام اشیا خرید سکے گا؟ ان اشیا کی قیمتوں کو جمع کیے بغیر اندازہ لگائیے۔

(c) اوپر دی گئی معلومات کی بنیاد پر جمع اور تفریق کے مزید عبارتی سوالات تیار کیجیے۔

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

## ضلع راجنا سرسلہ کے چند مواضعات کی آبادی

2011 کی مردم شماری کے مطابق راجنا سرسلہ ضلع کے چند مواضعات کی آبادی ذیل کے جدول میں دی گئی ہے۔

| موضع کا نام | مرد | عورتیں | جملہ آبادی |
|---|---|---|---|
| چیرلاونچا | 2437 | 2549 | |
| تھڈور | 3135 | 3191 | |
| پیڈور | 1372 | 1349 | |
| سرم پلی | 1027 | 971 | |

حسب ذیل سوالات کے جواب دیجیے۔

(a) ہر موضع کی جملہ آبادی معلوم کیجیے اور دیئے گئے جدول کو مکمل کیجیے۔

(b) کونسے مواضعات میں عورتوں کی آبادی مردوں کی آبادی سے کم ہے؟

(c) تمام مواضعات میں مردوں کی آبادی تقریباً کتنی ہے؟ قریب ترین جواب پر دائرہ 'O' نشان لگائیے۔

9000 8000 7000

(d) تمام مواضعات میں عورتوں کی آبادی تقریباً کتنی ہے؟ قریب ترین جواب پر دائرہ 'O' نشان لگائیے۔

9000 8000 7000

(e) چار مواضعات کی جملہ آبادی تقریباً کتنی ہے؟ قریب ترین جواب پر دائرہ 'O' نشان لگائیے۔

18000 16000 14000

### یہ کیجیے

1۔ ذیل کی خالی جگہوں میں ایسا عدد لکھئے کہ جواب 999 حاصل ہو۔

(a) 235 + 341 + ................. = 999

(b) 630 + .................+ ................. = 999

(c) .................+ ................. + .................= 999

(d) .................+ ................. + .................= 999

SCERT TELANGANA

2۔ ضابطے کی مناسبت سے خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔

(a) 25 + 75 = 100
100-25 = ............

(b) 60+40= 100
100-............=60

(c) 40+58= 106
106 - ............= 48

(d) 36 + 89 = ............
125 - 36 = ............

(e) 150 + 325 = 425
425 - 150 = ............

(f) 267 + 625 = 892
892 - ............ = 267

(g) 567 + 115 = 682
682 - 115 = ............

(h) 1235 + 2500 = 8756
5346 - ............ = 4111

(i) 6247 + 2984 = 9231
............ - 6247 = 2984

(i) 6250 + 2500 = 8756
8750 - 2500 = ............

3۔ ضابطے کی مناسبت سے خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔

(a) 39 + 42 = 42 + ..................

(b) 121 + 99 = 99 + ..................

(c) 536 + 677 = .................. + 536

(d) 1010 + 69 = ..................+ 1010

(e) .................. + 1747 = 1747 + ..................

(f) 9017 + .................. = 1150 + 9017

بالکل درست جواب معلوم کرنے کی ضرورت نہیں! صرف اندازہ لگائیے۔
صحیح جواب سے قریب ترین عدد کا انتخاب کیجیے۔اور دائرہ لگائیے۔

1۔ مشاہد بازار جاتا ہے اور غذائی اشیا پر 128 ₹ اور کپڑوں پر 413₹ خرچ کرتا ہے۔تب مشاہد نے بازار میں کتنی رقم خرچ کی؟

₹ 400 ₹ 500 ₹ 600

2۔ جاوید 372₹ لے کر بازار جاتا ہے اور اس میں سے 193 ₹ خرچ کرتا ہے۔تب جاوید کے پاس میں کتنے روپے باقی رہ جائیں گے؟

₹ 200 ₹ 100 ₹ 300

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

3۔ مشتاق کی جیب میں 321 ₹ ہے۔مشتاق کی ماں نے اسے مزید 618 ₹ دیئے۔مشتاق کے پاس اب کتنی رقم ہوجائے گی؟

₹ 800　　₹ 1200　　₹ 900

4۔ 2001 کی مردم شماری کے مطابق رچا پلی گاؤں میں 1482 مرد اور 1683 عورتیں ہیں۔اس گاؤں کی جملہ آبادی کیا ہوگی؟

₹ 5000　　₹ 4000　　₹ 3000

5۔ ایک کتاب میں 842 صفحات ہیں۔اکبران میں سے 421 صفحات پر پڑھ چکا ہے۔اسے مزید کتنے صفحات پڑھنا باقی ہے؟

₹400　　₹300　　₹500

6۔ ناریل کے ایک باغ میں 417 درخت اور دوسرے باغ میں 386 درخت ہیں۔ان دونوں باغوں میں جملہ درختوں کی تعداد کیا ہوگی؟

₹800　　₹900　　₹ 700

7۔ عدد 904 عدد 418 سے کتنا زیادہ ہے؟

₹400　　₹600　　₹500

## کوشش کیجیے

حسب ذیل سوالات کے مناسب جواب کی نشاندہی کیجیے۔

اشارہ: ہرمسئلہ میں سب سے بڑا ممکنہ جواب کیا ہوگا؟ اور ہرمسئلہ کے لیے سب سے چھوٹا ممکنہ جواب کیا ہوگا؟

(a)

```
    6 [ ]
+   7 [ ]
---------
---------
```

(i) 200
(ii) 100
(iii) 140

(b)

```
    2 [ ]
+   7 [ ]
---------
---------
```

(i) 55
(ii) 99
(iii) 198

SCERT TELANGANA

(c)

| | | |
|---|---|---|
| | 1 ☐ ☐ | |
| + | 9 ☐ | |

(i) 3 1 2
(ii) 1 5 0
(iii) 2 4 1

(d)

| | | |
|---|---|---|
| | 2 ☐ ☐ | |
| + | 6 ☐ | |

(i) 1 9 7
(ii) 3 9 4
(iii) 3 6 0

(e)

| | |
|---|---|
| | 9 ☐ |
| - | 5 ☐ |

(i) 2 8
(ii) 4 6
(iii) 8 7

(f)

| | |
|---|---|
| | 3 ☐ ☐ |
| - | 7 ☐ |

(i) 8 4
(ii) 3 5 0
(iii) 3 2 1

.2 مناسب علامت لگائیے

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مثال | 584 | = | 486 | + | 421 | - | 323 | |
| (a) | 584 | = | 205 | ☐ | 201 | ☐ | 580 | |
| (b) | 584 | = | 266 | ☐ | 124 | ☐ | 194 | |
| (c) | 584 | = | 1000 | ☐ | 350 | ☐ | 66 | |

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

## مشق

1۔ حسبِ ذیل جدول میں ستمبر 2012 تک مختلف ممالک کی جانب سے کھیلے گئے بین الاقوامی کرکٹ میاچس کی تعداد دی گئی ہے۔

| ممالک | کھیلے گئے میاچس کی تعداد |
|---|---|
| آسٹریلیا | 744 |
| ہندوستان | 926 |
| انگلینڈ | 464 |
| پاکستان | 370 |
| جنوبی آفریقہ | 369 |
| ویسٹ انڈیز | 486 |

(a) کس ملک نے سب سے زیادہ میاچ کھیلے؟ ان میاچوں کی تعداد کیا ہے؟

(b) آسٹریلیا نے ویسٹ انڈیز سے کتنے میاچ زیادہ کھیلے؟

(c) ہندوستان کو 267 میاچوں میں شکست ہوئی اور 330 میاچ ڈرا ہوئے، تب ہندوستان نے کتنے میاچ جیتے؟

(d) اندازہ لگایئے کہ ہندوستان نے ویسٹ انڈیز سے کتنے میاچ زیادہ کھیلے؟

(e) اندازہ لگایئے کہ ہندوستان نے پاکستان سے کتنے میاچ زیادہ کھیلے؟

(f) جدول میں دی گئی معلومات کی مدد سے جمع اور تفریق کے مزید سوالات تیار کیجیے۔

2۔ ذیل میں دیئے گئے جدول سے چند ہندوستانی کرکٹ کھلاڑیوں کے ذریعہ پورے ٹسٹ میاچ کیریر میں بنائے گئے رنوں کی تعداد معلوم ہوتی ہے۔

| | |
|---|---|
| سورو گنگولی | 7,212 |
| محمد اظہرالدین | 6,215 |
| کپل دیو | 5,248 |
| وی وی ایس لکشمن | 8,628 |
| روی شاستری | 6,014 |



SCERT TELANGANA

حسب ذیل سوالات کے جواب دیجیے۔

(a) کس کھلاڑی نے سب سے زیادہ رن بنائے؟ اس نے کتنے رن بنائے؟

(b) لکشمن نے روی شاستری سے کتنے رن زیادہ بنائے؟


(c) سوروگنگولی نے اظہر الدین سے تقریباً کتنے رن زیادہ بنائے؟ قریبی جواب پر دائرہ بنایئے۔

500 1000 1500

(d) لکشمن نے کپل دیو سے تقریباً کتنے زیادہ رن بنائے؟ قریبی جواب پر دائرہ بنایئے۔

2000 4000 6000

(e) کھلاڑیوں کے بنائے گئے رنوں کو نیچے دیئے گئے عددی خط پر ظاہر کیجیے۔




3۔ تحریم کا اسکول اس کے مکان سے 560 میٹر دور ہے۔ ایک دن وہ گھر سے نکلی اور 215 میٹر دور تک چلی گئی۔ تب اسے محسوس ہوا کہ وہ اپنا پنسل باکس اور ریاضی کی کتاب گھر میں ہی بھول آئی ہے۔ وہ مکان واپس ہوئی اور وہ چیزیں لے کر دوبارہ اسکول لوٹ گئی۔ تحریم نے اس دن اسکول کے لیے جملہ کتنا راستہ طے کیا؟

4۔ ایک بس میں پیر تا جمعہ ٹکٹوں کے ذریعہ حاصل ہوئی رقم اس طرح حاصل ہوئی۔ ₹2,350‘ ₹1,335‘ ₹1,750‘ ₹2,250 اور ₹1,900۔ ان 5 دنوں میں ٹکٹ کی فروخت سے جملہ کتنی رقم جمع ہوئی ہے؟

5۔ سریدھر ماہانہ ₹9,250 اور انکی اہلیہ ماہانہ ₹7,650 کماتے ہیں۔ اگر وہ ماہانہ ₹12,725 خرچ کرتے ہیں تب ان کے پاس ماہانہ کتنی رقم کی بچت ہوگی؟

6۔ میں ایک تین ہندسی عدد ہوں۔ اکائی کے مقام پر ہندسہ 1، دہائی کے مقام پر ہندسہ 4 اور سینکڑے کے مقام پر ہندسہ 6 ہے۔ میں کون ہوں؟

7۔ میں ایک تین ہندسی عدد ہوں۔ اکائی کے مقام پر ہندسہ 7 اور سینکڑے کے مقام پر ہندسہ 2 ہے۔ دہائی کے مقام پر موجود ہندسہ سینکڑے کے مقام پر موجود ہندسے کا چار گنا ہے۔ میں کون ہوں؟

8۔ سب سے بڑے تین ہندسی عدد اور سب سے بڑے دو ہندسی عدد کے درمیان کا فرق کتنا ہوتا ہے؟

9۔ سب سے چھوٹے تین ہندسی عدد اور سب سے بڑے دو ہندسی عدد کے درمیان کا فرق کتنا ہوتا ہے؟

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

10۔ ایسے تمام تین ہندسی اعداد لکھیے جن کے اکائی اور سینکڑے کے مقام پر وہی ہندسہ ہو اور دہائی کے مقام پر صفر ہو۔

11۔ وہ تمام تین ہندسی اعداد لکھیے جہاں سینکڑے کے مقام پر موجود ہندسہ اکائی کے مقام پر موجود ہندسے کا تین گنا ہے اور دہائی کے مقام پر موجود ہندسہ اکائی کے مقام پر موجود ہندسے کا دُگنا ہے۔

12۔ میں چار ہندسی عدد ہوں۔ ہزار کے مقام پر 6، سینکڑے کے مقام پر 7، دہائی کے مقام پر 8 اور اکائی کے مقام پر 9 ہے۔ میں کون ہوں؟

13۔ میں چار ہندسی عدد ہوں۔ ہزار کے مقام پر سب سے بڑا ایک ہندسی عدد ہے۔ اکائی کے مقام پر سب سے چھوٹا ایک ہندسی عدد ہے۔ دہائی اور سینکڑے کے مقام پر 5 ہے۔ میں کون ہوں؟

14۔ ان تمام چار ہندسی اعداد کو لکھیے جہاں' ہزار کے مقام پر موجود ہندسہ اکائی کے مقام پر موجود ہندسے کا 4 گنا ہے، سینکڑے کے مقام پر موجود ہندسہ اکائی کے مقام پر موجود ہندسے کا 3 گنا ہے اور دہائی کے مقام پر موجود ہندسہ اکائی کے مقام پر موجود ہندے کا 2 گنا ہے۔

15۔ عدد 5678 میں 5 اور 7 کی مقامی قیمتوں کے درمیان فرق کتنا ہے؟

16۔ سب سے بڑے چار ہندسی عدد سے سب سے چھوٹے تین ہندسی عدد کو تفرق کیجیے۔

17۔ 3600 میں کس عدد کو جمع کیا جائے کہ وہ 7450 کے مساوی ہوجائے؟

18۔ 2380 سے کس عدد کو تفریق کیا جائے کہ 1200 حاصل ہو؟

SCERT TELANGANA

# 2 ضرب اور تقسیم

حیدرآباد کا مہاتما گاندھی بس اسٹیشن ایک مصروف ترین بس اسٹیشن ہے۔ جہاں سے تلنگانہ کے مختلف اضلاع اور بڑے شہروں کے لیے بسیں روانہ ہوتی ہیں۔




درجِ ذیل جدول میں حیدرآباد سے ورنگل نگر جانے کے لیے مختلف اقسام کی بسوں کا کرایہ دیا گیا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ایکسپریس | — | ₹ 96 |
| ڈیلکس | — | ₹ 135 |
| اندرا (ایرکنڈیشن) | — | ₹ 171 |


ایک دن صبح 9 بجے سے 10 بجے کے درمیان 187 افراد نے ایکسپریس بس کے ٹکٹ خریدے۔ اس دوران 61 ٹکٹ ڈیلکس بس کے اور 36 ٹکٹ اندرا (ایرکنڈیشن) بس کے فروخت ہوئے۔

SCERT TELANGANA



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

ناگیشور ایک ٹکٹ فروش ہے اور اس کو ہر ایک گھنٹے میں فروخت کی گئی ٹکٹوں کا ریکاڈ درج کرنا پڑتا ہے۔ اُس دن کمپیوٹر خراب تھا لہٰذا وہ نوٹ بک میں ضرب دے رہا ہے۔

اس نے ایکسپریس بس کے ٹکٹوں کے ذریعے حاصل شدہ رقم کا حساب اس طرح کیا۔




اس نے اپنے دوست راموکو حاصل ضرب دکھا کر اس کی جانچ کے لیے کہا۔ رامو نے اس طرح ضرب دیا۔




کیا ناگیشور نے ایکسپریس کے کرایوں کا حساب صحیح کیا؟

آپ! ناگیشور اور رامو کے ضرب دینے کے طریقوں کے بارے میں اپنے دوستوں سے تبادلہ خیال کیجیے۔

SCERT TELANGANA

ناگیشور نے ڈیلکس بس کے کرایوں سے حاصل شدہ رقم کا حساب اس طرح کیا۔

| | |
|---|---|
| ایک ڈیلکس بس کے ٹکٹ کی قیمت | ₹ 135 = |
| مسافروں کی تعداد جنہوں نے ڈیلکس بس کا ٹکٹ خریدا | 61 = |
| جملہ حاصل شدہ رقم | 135 x 61 = |

```
   135
  x 61
  ----
   135   (135 x 1)
 +8100   (135 x 60)
  ----
  8235
  ----
```

| | |
|---|---|
| ڈیلکس بس سے حاصل شدہ جملہ رقم | 8235 = |

رامو نے اس حساب کی جانچ اس طرح کی۔

| | 100 | 30 | 5 |
|---|---|---|---|
| 60 | 100 x 60 = 6000 | 30 x 60 = 1800 | 5 x 60 = 300 |
| 1 | 100 x 1 = 100 | 30 x 1 = 30 | 5 x 1 = 5 |

135 x 61 =6000+1800+300+100+30+5

=8235

a۔ اب آپ ان دونوں طریقوں کو استعمال کرتے ہوئے اندرا (ایرکنڈیشن) بس سے حاصل شدہ رقم کا حساب کیجیے۔



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

SCERT TELANGANA

## کرکٹ کی دنیا میں سچن ٹنڈولکر کا ریکارڈ

سچن ٹنڈولکر نے ستمبر 2012ء تک ٹسٹ کرکٹ میں 15333 رن اور ایک روزہ میچوں میں 18426 رن بنائے۔ درجِ ذیل جدول ٹسٹ کرکٹ اور ایک روزہ کرکٹ میں بنائے گئے 100 رن اور 50 رن کی تفصیلات دی گئی ہیں۔

| میچ کی نوعیت | 100 رن | 50 رن |
|---|---|---|
| ٹسٹ کرکٹ | 51 | 65 |
| ایک روزہ | 49 | 96 |

(a)۔ سچن ٹنڈولکر نے ٹسٹ کرکٹ میں 100 رنوں کے ذریعہ جملہ کتنے رن بنائے؟

(b)۔ سچن نے ٹسٹ کرکٹ میں 50 رنوں کے ذریعے جملہ کتنے رن بنائے؟

(c)۔ سچن نے ٹسٹ کرکٹ میں 100 رنوں اور 50 رنوں کے ذریعے جملہ کتنے رن بنائے؟

(d)۔ سچن ٹنڈولکر نے ایک روزہ کرکٹ میں 100 رنوں کے ذریعے جملہ کتنے رن بنائے؟

(e)۔ سچن نے ایک روزہ کرکٹ میں 50 رنوں کے ذریعے جملہ کتنے رن بنائے؟

(f)۔ سچن نے ٹسٹ کرکٹ میں 100 رنوں اور 50 رنوں کے علاوہ کتنے رن بنائے؟

(g)۔ اوپر دی گئی معلومات پر مزید سوالات بنایئے۔

## ہاسٹل کا باورچی خانہ

ایک ہاسٹل میں ایک ماہ کے پکوان کے لیے خریدی گئی اشیا ذیل کے جدول میں دی گئیں ہیں۔

| اشیا | مقدار (کلوگرام میں) | قیمت فی کلوگرام (روپے) | جملہ قیمت |
|---|---|---|---|
| چاول | 600 | 25 | |
| تور دال | 45 | 50 | |
| پکوان کا تیل | 30 | 125 | |
| مسور دال | 15 | 75 | |
| روا | 15 | 25 | |


(a)۔ اوپر دی گئی اشیا کی جملہ قیمت کیا ہوگی؟

(b)۔ اسی طرح کے پر مزید عبارتی سوالات بنایئے؟



SCERT TELANGANA

## چاک کا بکس




ایک چاک کے بکس میں 100 چاک ہیں۔

(a)۔ 2 بکس میں................چاک ہوں گے

(b)۔ 8 بکس میں................چاک ہوں گے

(c)۔ 16 بکس میں................چاک ہوں گے

(d)۔ 18 بکس میں................چاک ہوں گے

(e)۔ 36 بکس میں................چاک ہوں گے

(f)۔ 72 بکس میں................چاک ہوں گے

اگر ایک بڑے کارٹون میں چاک کے 10 بکسے آتے ہوں تب بتاؤ اس میں موجود چاک کی تعداد کیا ہوگی؟...............

(a)۔ ایسے 2 کارٹون میں ................چاک ہوں گے

(b)۔ ایسے 4 کارٹون میں ................چاک ہوں گے

(c)۔ ایسے 6 کارٹون میں ................چاک ہوں گے

(d)۔ ایسے 8 کارٹون میں ................چاک ہوں گے

(e)۔ ایسے 10 کارٹون میں ................چاک ہوں گے

### کوشش کیجئے

1۔ ترتیب پر غور کیجئے اور خالی جگہوں کو پر کیجیے۔

| | | |
|---|---|---|
| $2 \times 200 = 400$ | $2 \times 300 = 600$ | $2 \times 400 = 800$ |
| $3 \times 200 = 600$ | $3 \times 300 = 900$ | $3 \times 400 = 1200$ |
| $4 \times 200 = 800$ | $4 \times 300 = 1200$ | $4 \times 400 = 1600$ |
| $5 \times 200 = 1000$ | $5 \times 300 = 1500$ | $5 \times 400 = 2000$ |
| $6 \times 200 =$ ____ | $6 \times 300 =$ ____ | $6 \times 400 =$ ____ |
| $7 \times 200 =$ ____ | $7 \times 300 =$ ____ | $7 \times 400 =$ ____ |
| $8 \times 200 =$ ____ | $8 \times 300 =$ ____ | $8 \times 400 =$ ____ |


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے
SCERT TELANGANA

| | | |
|---|---|---|
| 9 × 200 =____ | 9 × 300 =____ | 9 × 400 =____ |
| 10 × 200 =____ | 10 × 300 =____ | 10 × 400 =____ |
| 11 × 200 =____ | 11 × 300 =____ | 11 × 400 =____ |
| 14 × 200 =____ | 14 × 300 =____ | 14 × 400 =____ |
| 15 × 200 =____ | 15 × 300 =____ | 15 × 400 =____ |
| 25 × 200 =____ | 25 × 300 =____ | 25 × 400 =____ |
| 27 × 200 =____ | 27 × 300 =____ | 27 × 400 =____ |
| 39 × 200 =____ | 39 × 300 =____ | 39 × 400 =____ |
| 48 × 200 =____ | 48 × 300 =____ | 48 × 400 =____ |
| 50 × 200 =____ | 50 × 300 =____ | 50 × 400 =____ |

2۔ چند سلسلہ وار اعداد کو 500، 600 اور 700 سے ضرب دیجیے۔ حاصل ہونے والی ترتیب پر غور کیجیے؟ کیا یہ ترتیب اوپر دی گئی ترتیب سے مشابہت رکھتی ہے؟

## کیا یہ مساوی ہیں؟

1. 9 × 8 =____
   8 × 9 =____
2. 12 × 8 =____
   8 × 12 =____
3. 25 × 30 =____
   30 × 25 =____
4. 100 × 54 =____
   54 × 100 =____
5. 123 × 3 =____
   3 × 123 =____
6. 130 × 75 =____
   75 × 130 =____

آپ اپنی پسند کے دو اعداد لیجیے اور انھیں ضرب دے کر دیکھیے کہ اوپر بتایا گیا رشتہ صحیح ہے یا نہیں۔ اپنی پسند کے جتنے چاہیں اتنے اعداد کے ساتھ اس عمل کو دہرائیے۔

آپ کیا نتیجہ اخذ کر سکتے ہیں؟

SCERT TELANGANA

## یہ کیجئے

1. خالی جگہوں کو پر کیجئے

(a) $18 \times 19 = _____ \times 18$

(b) $49 \times 10 = _____ \times 49$

(c) $16 \times 56 = 56 \times _____$

(d) $999 \times _____ = 1 \times 999$

(e) $900 \times 7 = 7 \times _____$

(f) $_____ \times 145 = 99 \times 145$

## کپڑوں کی خریداری

امجد اپنے لیے شرٹ خریدنے بازار جاتا ہے۔

جب وہ دکان میں داخل ہوا تو دکاندار نے بتایا کہ چار رنگ کے شرٹس ہیں جو نیلے، سفید، گلابی اور سبز رنگ کے ہیں اور ہر رنگ کے 3 مختلف ڈیزائن ہیں۔ چوکڑی دار، دھاری دار اور سادے۔ کتنے اقسام کے شرٹس دکان میں موجود ہیں تا کہ امجد ایک شرٹ کا انتخاب کر سکے



ہر رنگ میں موجود شرٹ کی تعداد = 4

ہر ڈیزائن میں موجود شرٹ کی تعداد = 3

جملہ شرٹ کی تعداد، جس میں سے امجد شرٹ کا انتخاب کرے گا = 3 x 4 = 12 شرٹس

## یہ کیجئے

ایک فرنیچر کی دکان میں پلاسٹک اور لکڑی کے میز فروخت کئے جاتے ہیں۔ دونوں اقسام میں میز دائروی، مستطیلی اور مربعی شکل میں دستیاب ہیں۔ سلیم اپنے گھر کے لیے ایک میز خریدنے جاتا ہے۔ تب اس دکان میں دستیاب میز کی اقسام میں سے سلیم کسی ایک کا انتخاب کرے گا۔




یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

2۔ ایک دکاندار 8 رنگ کے منگل گیری کاٹن کے کپڑے فروخت کرتا ہے۔ ہر رنگ میں 3 ڈیزائین-سادہ، دھاری دار اور بارڈر والے دستیاب ہیں۔ پدما اپنے لیے سوٹ کا کپڑا خرید نے دکان جاتی ہے۔تب وہ جملہ کتنے اقسام میں سے اپنے لیے کپڑے کا انتخاب کرسکتی ہے؟



3۔ ایک پردے کی دکان میں، 8 رنگوں کے پردے دستیاب ہیں اور ہر رنگ میں 4 ڈیزائن دستیاب ہیں۔



خریدار کے لئے جملہ کتنے اقسام ہیں جن میں سے وہ ایک کا انتخاب کرسکتا ہے؟

## قیمت میں اضافہ




SCERT TELANGANA

(a)۔ سورج مکھی کے تیل کی قیمت میں 10 سال میں کتنے گنا اضافہ ہوا؟

(b)۔ چنے کی دال کی قیمت میں 10 سال میں کتنے گنا اضافہ ہوا؟

(c)۔ 8 لیٹر سورج مکھی کے تیل کی موجودہ قیمت، 10 سال قبل کی قیمت سے کتنی زیادہ ہوگی؟

(d)۔ 5 کلوگرام چنے کی دال کی موجودہ قیمت، 10 سال قبل کی قیمت سے کتنی زیادہ ہوگی؟

بالکل درست جواب کی ضرورت نہیں۔صرف اندازہ لگائیے۔

1 ۔ 2002اور 2012میں اشیا ضروریہ کی قیمتیں ذیل کے جدول میں دی گئی ہیں۔

(a) اشیا ضروریہ کی قیمتوں میں پچھلے دس سال میں کتنے گنا اضافہ ہوا۔

| اشیا | 2002میں قیمت | 2012میں قیمت | قیمت میں تقریباً کتنے گنا اضافہ ہوا ہے |
|---|---|---|---|
| پٹرول | ₹ 35 | ₹ 72 | |
| LPG | ₹ 181 | ₹ 384 | |
| رائی کا تیل | ₹ 35 | ₹ 100 | |
| دودھ | ₹ 12 | ₹ 30 | |
| | | | |
| | | | |

(b) آپ اپنی پسند کی مختلف اشیا کی قیمتوں کی فہرست بنائیے اور بتائیے کہ اوپر دیئے گئے وقفہ کے دوران ان اشیا کی قیمت میں کتنے گنا اضافہ ہوا؟

2۔ سدھا کی ایک دن کی آمدنی 189₹ ہے اور رادھا کی 112₹ ہے۔تب بتایئے کے ان میں سے ہر ایک کی 30 دن کی آمدنی کیا ہوگی؟

3۔ پوچم پلی کپڑے کی ایک میٹر کی قیمت 194 ₹ ہے۔تب بتایئے کہ 79 میٹر کپڑے کی قیمت کیا ہوگی۔

4۔ گیہوں کے آٹے کے 5 کلوگرام کے پیاکٹ کی قیمت 124 ₹ ہے۔تب بتلایئے ایسے 42 پیاکٹ کی قیمت کیا ہوگی؟

5۔ 523اور 63 کا حاصل ضرب کتنا ہوگا؟



SCERT TELANGANA

## یہ کیجئے

1۔ ایک کسان کو 30 تھیلے دھان کی پیداوار حاصل ہوئی۔اس نے 20 تھیلے 400 روپے فی تھیلے کی قیمت کے حساب سے فروخت کیا۔باقی چاول کے تھیلے فی تھیلہ 350 روپے سے فروخت کیا۔تب اس کو جملہ کتنی رقم حاصل ہوئی ؟

2۔ اگر ایک لڈّو کے باکس میں 26 لڈّو ہیں تب ایسے 385 باکس میں کتنے لڈّو ہونگے ؟

3۔ ایک سینما گھر میں کرسیوں کے 47 صف ہیں اور ایک صف میں 29 افراد بیٹھ سکتے ہیں۔تب بتلائیے کے سینما گھر میں جملہ کتنے افراد بیٹھ سکتے ہیں؟

4۔ حیدرآباد سے نلگنڈہ جانے کے لیے بس کا کرایہ فی بچہ 65₹ اور بڑوں کے لیے فی کس 110₹ ہے۔تب بتلائیے کہ 3 بچّوں اور 4 بڑوں کے لیے جملہ کتنا کرایہ درکار ہے؟

5۔ ایک کمرہ کا ماہانہ کرایہ 950 ₹ ہے تب بتلائیے کہ دو سال کے لیے کتنا کرایہ ہوگا ؟


6۔ عائشہ جماعت پنجم کی طالبہ ہے اور وہ دس سال کی ہے۔اس کے والد کی عمر اس کی عمر کا 4 گنا ہے تب اس کے والد کی عمر کیا ہوگی ؟


7۔ ایک باغ میں 125 صفوں میں درخت لگے ہوئے ہیں اور ہر صف میں 75 درخت ہیں تب باغ میں موجود درختوں کی تعداد کیا ہوگی۔

8۔ 104 ہفتوں میں کتنے دن ہوتے ہیں؟

9۔ ایک سیکل کی قیمت 2850 ₹ ہے خالد نے 3 سیکل خریدے اور دکاندار کو 9500 ₹ دیئے۔تب بتلائیے کہ دکاندار خالد کو کتنے روپے واپس کرے گا؟

ٹیچر نے تختۂ سیاہ پر یہ سوال لکھا۔




SCERT TELANGANA

کپل نے اس سوال کو اس طرح حل کیا

```
 10 + 10 + 10 + 10 + 2
23)975
   230
   745
   230
   515
   230
   285
   230
    55
    46
     9
```

خالد نے اس سوال کو اس طرح حل کیا

```
 20 + 20 + 2
23)975
   460
   515
   460
    55
    46
     9
```

نسیم نے اس طرح حل کیا

```
    42
23)975
    92
    55
    46
     9
```

(a)۔ کیا تمام جواب صحیح ہیں؟ آپ اپنے ٹیچر اور دوستوں کی جانب سے کئے گئے تقسیم کے طریقوں میں پائے جانے والے فرق پر تبادلہ خیال کیجیے۔

(b)۔ اگر ڈیزل کی قیمت ₹49 فی لیٹر ہو تب بتلایئے کہ آپ ₹2012 میں کتنے لیٹر ڈیزل خرید سکیں گے؟ حساب کرنے سے قبل اندازہ لگایئے۔

SCERT TELANGANA

## یہ کیجئے

ذیل کے جدول کو مکمل کیجیے۔

| سوال | خارج قسمت | باقی |
|---|---|---|
| 300 ÷ 100 | | |
| 425 ÷ 100 | | |
| 682 ÷ 100 | | |
| 810 ÷ 100 | | |
| 905 ÷ 100 | | |
| 1500 ÷ 100 | | |
| 4320 ÷ 100 | | |
| 5002 ÷ 100 | | |
| 6123 ÷ 100 | | |
| 7999 ÷ 100 | | |

SCERT TELANGANA

## سلیم کا مویشی گاہ (فارم)

سلیم کی اپنی ایک مویشی گاہ ہے۔ اس کے مویشی گاہ میں 27 گائیں 18 بھینسیں اور 200 مرغیاں موجود ہیں۔
درج ذیل جدول میں ایک دن میں مختلف جانور اور پرندوں کے لئے درکار غذا اور پانی کی مقدار دی گئی ہے۔

| جانور/ پرندے | درکار پانی (لیٹر میں) | درکار غذا (کلوگرام) |
|---|---|---|
| گائے | 50 | 12 |
| بھینس | 65 | 15 |
| مرغیاں (فی 100) | 25 | 5 |

1. (a)۔ سلیم کو ہر روز تمام جانوروں کے لیے کتنا پانی درکار ہوگا؟


(b)۔ گائے اور بھینسوں کے لیے سلیم کو کتنے کلوگرام گھانس کی ضرورت ہوگی؟

(c)۔ اگر روزانہ 13 گائیں 24 لیٹر دودھ اور 14 گائیں 29 لیٹر دودھ دیتی ہیں تو بتایئے کے ہر دن کتنے لیٹر دودھ حاصل ہوگا؟

2. (a)۔ ایک دن میں مرغیاں 180 انڈے دیتی ہیں۔ اگر ان انڈوں کو ایک پیاکٹ میں 6 کے حساب سے جمانے پر بتلایئے کہ کتنے پیاکٹ تیار ہونگے؟

(b)۔ اگر اوپر دیئے گئے انڈوں کی تعداد کو فی پیاکٹ میں 6 کے بجائے 12 رکھا جائے تب بتایئے کہ اس طرح کے کتنے پاکٹ تیار ہونگے؟


(c)۔ اگر اوپر بتائے گئے انڈوں کو فی پیاکٹ 30 کے حساب سے جمانے پر کچھ انڈے باقی رہ جائیں گے۔ اگر ایسا ہو تو باقی بچنے والے انڈوں کی تعداد کیا ہوگی؟



**دنیا کے سب سے بڑے جانوروں کو کتنی غذا اور پانی چاہیئے؟**

(a)۔ ایک ہاتھی کو روزانہ 80 لیٹر پانی، 150 کلوگرام گھاس اور درختوں کی چھال کی ضرورت ہوتی ہے۔ تب بتلایئے کہ ایک ہاتھی کو 7 دنوں کے لیے کتنا پانی اور غذا چاہیئے؟

(b)۔ ایک نیلی ویل مچھلی کو ایک دن میں ہاتھی سے 40 گنا زیادہ پانی اور 6 گنا زیادہ غذا درکار ہوتی ہے۔ تب بتایئے کہ نیلی ویل مچھلی کو ایک دن میں کتنے کلوگرام غذا اور کتنے لیٹر پانی کی ضرورت پڑتی ہے؟



**بالکل درست جواب معلوم کرنے کی ضرورت نہیں صرف اندازہ لگایئے!**


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

ذیل میں تلنگانہ کے مختلف شہروں کے درمیان فاصلہ دیا گیا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ♦ | سری سلہ اور کاماریڈی | 52 کلومیٹر |
| ♦ | حیدرآباد اور میڈارام | 236 کلومیٹر |
| ♦ | نرمل اور ورنگل | 212 کلومیٹر |
| ♦ | میڈچل اور عادل آباد | 265 کلومیٹر |
| ♦ | نلگنڈہ اور گجویل | 119 کلومیٹر |
| ♦ | اوٹنور اور ایٹورو ناگارم | 297 کلومیٹر |
| ♦ | باسرا اور بھدراچلم | 436 کلومیٹر |

(a)۔ ایک کار ایک لیٹر پٹرول میں 25 کلومیٹر سفر کرتی ہے تب بتائیے کہ مندرجہ بالا ہر سفر کے لیے کتنا پٹرول درکار ہے؟

## ضرب اور تقسیم

(a) 4 × 25 = ______

100 ÷ ______ = 25

(b) 8 × 25 = ______

______ ÷ 8 = 25

(c) 2 × 50 = ______

100 ÷ 2 = ______

(d) 4 × 50 = ______

200 ÷ ______ = 50

(e) 75 × 2 = ______

150 ÷ ______ = 75

(f) 75 × 4 = ______

300 ÷ ______ = 4

(g) 125 × 4 = ______ 125

______ ÷ 4 = 125

(h) 125 ×8 = ______

1000 ÷ 8 = ______

SCERT TELANGANA

## ٹیچر نے تقسیم کا یہ سوال تختۂ سیاہ پر لکھا

$$50 \div 3 = ?$$

اس سوال کو نسیم نے اس طرح کیا

```
  16↓
3)50
 -3
 ---
  20
 -18
 ---
   2
```

اور نسرین نے اس طرح کیا

```
  15↓
3)50
 -3
 ---
  20
 -15
 ---
   5
```

نسیم اور نسرین نے آپس میں بحث شروع کر دی کہ دونوں کا اپنا اپنا جواب صحیح ہے۔ پھر انھوں نے یہ طئے کیا کہ اپنی تقسیم کی جانچ کریں۔

دونوں نے مقسوم علیہ کو خارج قسمت سے ضرب دے کر
حاصل ضرب میں باقی کو جمع کیا

نسرین کی تقسیم کی جانچ

$3 \times 15 + 5$

$= 45 + 5$

$= 50$

نسیم کی تقسیم کی جانچ

$3 \times 16 + 2$

$= 48 + 2$

$= 50$

نسیم اور نسرین دونوں کو جانچ کے بعد جو جواب حاصل ہوا وہ مقسوم 50 کے مساوی ہے۔ لہٰذا دونوں نے پھر سے تکرار شروع کر دی کہ اپنا، اپنا جواب صحیح ہے۔

کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ کس نے صحیح تقسیم کیا؟ آپ اپنے دوستوں سے تبادلہ خیال کیجیے کہ نسیم اور نسرین کے جواب کیوں مختلف ہیں۔

کیا باقی، مقسوم علیہ سے
زیادہ ہوسکتا ہے

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

## یہ کیجیے

1۔ ذیل میں دیے گیے بعض تقسیم کے طریقے صحیح نہیں ہیں ۔آپ ان غلطیوں کی نشاندہی کیجیے اوران غلطیوں کی وجوہات پر دوستوں سے تبادلہ خیال کیجیے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 11↓ | 05↓ | 14↓ | 50↓ | 81↓ |
| 4) 404 | 4) 25 | 3) 312 | 12) 602 | 9) 729 |
| 450 | 0 | 3 | 60 | 72 |
| 004 | 25 | 012 | 002 | 009 |
| 4 | 20 | 12 | 0 | 9 |
| 0 | 5 | 0 | 2 | 0 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 100↓ | 101↓ | 58↓ | 43↓ |
| 9) 908 | 8) 809 | 17) 774 | 22) 963 |
| 9 | 8 | 65 | 88 |
| 08 | 09 | 124 | 83 |
| 00 | 09 | 104 | 66 |
| 8 | 00 | 20 | 17 |

2۔ ایک نمائش کے داخلہ ٹکٹ کی قیمت بچوں کے لیے ₹6 اور بالغوں کے لیے ₹10 مقرر ہے۔اگر ایک خاندان ٹکٹوں کے لیے ₹58 خرچ کرتا ہے تو بتایئے کہ اس خاندان میں کتنے بچے اور کتنے بالغ ہیں؟

3۔ مہ جبین نے چند بسوں اور کاروں کے 32 پہیوں کی گنتی کی ۔اگر ایک بس کو 6 پہیے اور کار کو 4 پہیے ہیں تو بتایئے کے کتنی بسیں اور کتنی کاریں موجود تھیں؟

### انوکھی تقسیم

- کوئی تین متصلہ ہندسوں سے تین ہندسی عدد لکھیے۔ ________________
- مثال: 456
- عدد 456 کو 3 سے تقسیم کیجیے۔ ________________
- کیا یہ 3 سے مکمل تقسیم ہوتا ہے
- اب ایسے ہی مزید متصلہ ہندسے لے کر اس عمل کو دہرایئے۔

SCERT TELANGANA

## مشق

1۔ کاشت کاری کے مقصد سے روبینہ نے ₹9750 قرض لیے۔ یہ رقم اسے 6 ماہ کے اندر مساوی قسطوں میں ادا کرنی ہے۔ تب بتائیے کہ اسکو ہر ماہ کتنی رقم ادا کرنی ہوگی؟

2۔ سیب کے ایک باغ سے 936 سیب توڑے گئے۔ انھیں 12 ڈبوں میں پیک کرتے ہوئے انھیں فروخت کے لیے مارکٹ بھیجا گیا۔ اگر ہر ڈبے میں سیب کی تعداد مساوی ہو تو بتاؤ کہ ہر ایک ڈبے میں کتنے سیب رکھے گئے؟

3۔ مارکٹ میں ایک سیب 14 ₹ کے حساب سے فروخت کیا گیا تو بتاؤ کہ سیب کا ہر ڈبہ کتنے روپیوں میں فروخت کیا جائے گا؟

4۔ کل 216 موز میں کتنے درجن موز ہوں گے؟

5۔ 771 میں کتنے سو ہوں گے؟ باقی کتنا بچے گا؟

6۔ 7645 میں کتنے ہزار ہوں گے؟ باقی کتنا ہوگا؟

7۔ 104 ہفتوں میں کتنے دن ہوتے ہیں؟

8۔ 150 دنوں میں کتنے ہفتے ہوتے ہیں؟

9۔ اگر آپ ایک دن میں 8 صفحات پڑھیں تو 120 صفحات پڑھنے کے لیے کتنے دن درکار ہوں گے؟


10۔ انارم پرائمری اسکول کی جماعتِ اوّل میں 21 بچے ہیں۔ جماعت دوم میں 24، جماعت سوم میں 32، جماعت چہارم میں 30 اور جماعت پنجم میں 18 طلبہ ہیں۔ ہر بچے کے دوپہر کے کھانے کا خرچ 4 ₹ ہو تو ایک دن میں اسکول کے دوپہر کے کھانے کے اخراجات کیا ہونگے؟ اسکول کے دوپہر کے کھانے کا ماہانہ خرچ کیا ہوگا؟

11۔ سرسلہ کپڑے کی ایک تھان میں 79 میٹر کپڑا ہوتا ہے پوچم پلی کپڑے کی تھان میں 56 میٹر کپڑا ہوتا ہے۔ سرسلہ کپڑا فی میٹر 128 ₹ اور پوچم پلی کپڑا فی میٹر 217 ₹ کے حساب سے فروخت کیا گیا۔ اگر دکان دار نے دونوں تھان ایک ہی ماہ میں فروخت کردئے تو بتاؤ کہ اس کو کتنی رقم حاصل ہوئی؟

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

# 3 اسمارٹ ٹیبلس



یوم اطفال کے دن، ایک کلاس ٹیچر ہر بچے کو انکی پسند کا ایک پھل دینا چاہتی ہے۔ ٹیچر نے کلاس لیڈر امجد اور شاہد کو تمام بچوں کی پسند کا پھل نوٹ کرنے کو کہا۔ انہوں نے اپنی نوٹ بک میں یہ فہرست تیار کی۔

| رول نمبر | پھل | رول نمبر | پھل | رول نمبر | پھل | رول نمبر | پھل |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | موز | 11 | سنترہ | 21 | موز | 31 | سنترہ |
| 2 | سیب | 12 | موز | 22 | سنترہ | 32 | سیب |
| 3 | سنترہ | 13 | سیب | 23 | موز | 33 | سنترہ |
| 4 | موز | 14 | سنترہ | 24 | سیب | 34 | موز |
| 5 | سیب | 15 | سیب | 25 | سنترہ | 35 | موز |
| 6 | موز | 16 | سیب | 26 | موز | 36 | سنترہ |
| 7 | سنترہ | 17 | سنترہ | 27 | سنترہ | 37 | سیب |
| 8 | سیب | 18 | موز | 28 | سیب | 38 | موز |
| 9 | سنترہ | 19 | سیب | 29 | سنترہ | 39 | سنترہ |
| 10 | سیب | 20 | سنترہ | 30 | موز | 40 | سیب |

امجد نے گنتی کے نشانات کی مدد سے بچوں کی پسند کے مطابق پھلوں کی درکار تعداد کا جدول تیار کیا۔

<table>
<tr><th>پھل</th><th>گنتی کے نشان</th><th>طلباء کی تعداد</th></tr>
<tr><td>موز</td><td>||||||||||||</td><td></td></tr>
<tr><td>سیب</td><td>|||||||||||||</td><td></td></tr>
<tr><td>سنترہ</td><td>|||||||||||||||</td><td></td></tr>
</table>

SCERT TELANGANA

شاہد نے بھی گنتی کے نشانات بنائے لیکن یہ کچھ مختلف ہیں۔ اُس نے ہر 5 ویں نشان کے لئے ترچھی لکیر ( / ) کا استعمال کیا ہے۔

| پھل | گنتی کے نشانات | طلباء کی تعداد |
|---|---|---|
| موز | \|\|\|\|/ \|\|\|\|/ \|\| | |
| سیب | \|\|\|\|/ \|\|\|\|/ \|\|\| | |
| سنترہ | \|\|\|\|/ \|\|\|\|/ \|\|\|\|/ | |




کس کے طریقہ میں گنتی کے نشانات کو شمار کرنا آسان ہے؟ کیوں؟

## بس اسٹانڈ پر

فرح اور عقیل چھٹیوں میں اپنی نانی کے گھر جا رہے تھے بس اسٹانڈ پر وہ اپنے والدین کے ساتھ بس کا انتظار کر رہے تھے۔ بس تاخیر سے آنے والی تھی اور وہ بہت اُکتاہٹ محسوس کر رہے تھے۔

فرح کو خیال آیا - کیوں نہ ہم سڑک پر گزرنے والی گاڑیوں کی گنتی کریں۔ عقیل نے اپنے بستے سے ایک نوٹ بک نکال کر ذیل کا جدول تیار کیا۔ انہوں نے ہر گزرتی ہوئی گاڑی کا شمار کرتے ہوئے گنتی کے نشانات لگانے شروع کیے اور اس عمل کو انہوں نے ایک گھنٹے تک جاری رکھا تب تک ان کی بس آ گئی۔

صحیح طور پر گنتی کے نشانات لگا کر جدول کو مکمل کیجیے

| گاڑی | گنتی کے نشانات | گاڑیوں کی تعداد |
|---|---|---|
| سیکل | \|\|\|\|/ \|\|\|\| | 9 |
| آٹو | | 12 |
| موٹر سیکل | | 18 |
| بیل گاڑی | | 3 |
| کار | | 7 |

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

اب ذیل کے سوالات کے جواب دیجیے.

(a) فرح اور عقیل نے ایک گھنٹے میں کتنی گاڑیاں دیکھیں؟

(b) کونسی گاڑی انھیں سب سے زیادہ نظر آئی ؟

(c) موٹرسیکلوں کی تعداد سیکل کی تعداد کے کتنے گنا ہے؟

(d) بیل گاڑی کی تعداد آٹو کی تعداد کا $\frac{1}{4}$ گنا ہے۔ کیا جدول میں دی گئی معلومات کے مطابق یہ بیان صحیح ہے؟

(e) موٹرسیکلوں کی تعداد؛ بیل گاڑیوں کی تعداد کے کتنے گنا ہے؟

## صاف مطلع ۔ ابرآلود مطلع ۔ بارش

محسن نے اگست کے ہر دن کا موسم ایک کیلنڈر پر تصاویر کے ذریعہ اس طرح درج کیا.

صاف مطلع کے لیے  ابرآلود مطلع کے لیے  بارش کے لیے 

### اگست 2012

| پیر | منگل | چہارشنبہ | جمعرات | جمعہ | ہفتہ | اتوار |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 |
| 13 | 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 |
| 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 |
| 27 | 28 | 29 | 30 | 31 | | |

SCERT TELANGANA

تصویری کیلنڈر کا مطالعہ کیجیے اور ذیل کے جدول میں اس کی مناسبت سے گنتی کے نشانات درج کیجیے۔

| موسم کی حالت | گنتی کے نشانات | دِنوں کی تعداد |
|---|---|---|
|  | | |
|  | | |
|  | | |

اوپر کے جدول میں درج کی گئی معلومات کے مطابق ذیل میں دیے گیے کونسے نتائج صحیح ہیں۔ (✓) یا (×) کا نشان لگائیے۔



(a) مہینے کے 10 دن مطلع صاف تھا۔ ☐

(b) مہینے کے 9 دن مطلع ابر آلود تھا۔ ☐

(c) مہینے کے بیشتر دن مطلع صاف تھا۔ ☐

(d) مہینے کے بیشتر دن مطلع ابر آلود تھا یا پھر بارش ہو رہی تھی۔ ☐

## پلس پولیو کی ٹیکہ اندازی مہم

بانسواڑہ گاوں میں پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پلس پولیو کی خوراک دی جارہی ہے۔ یہ ایک بڑا گاوں ہے جس میں 4 بستیاں ہیں' چونکہ اس گاوں میں بچے زیادہ ہیں لہذا طبّی کارکن (ہیلتھ ورکر) نے یہ فیصلہ کیا کہ ہر 3 بچوں کو خوراک دینے کے بعد اپنے رجسٹر میں اس طرح کا ☺ چہرہ بنائے۔ اُس نے تفصیلات کو ذیل کے جدول میں درج کیا.

| بستی | بچوں کی تعداد جنہیں پولیو کی خوراک دی گئی | بچوں کی تعداد |
|---|---|---|
| اسلام پورہ | ☺ ☺ ☺ | 9 |
| بنڈا گلی | ☺ ☺ ☺ ☺ ☺ | |
| پرانا گاؤں | ☺ ☺ ☺ ☺ ☺ ☺ | |
| کوٹ گلی | ☺ ☺ | |

سارے گاؤں میں جملہ کتنے بچوں کو پلس پولیو کی خوراک دی گئی؟

SCERT TELANGANA








یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

## اس اسکول میں کتنے طلبا ہیں؟

ذیل کے جدول میں پرائمری اسکول جگتیال کے طلبا کی جماعت واری تعداد بتلائی گئی ہے۔

 = 5 طلبا

| طلبا کی تعداد | ہر جماعت میں طلبا کی تعداد | جماعت |
|---|---|---|
| |  | I |
| |  | II |
| |  | III |
| |  | IV |
| |  | V |

اس اسکول میں جملہ کتنے طلبا ہیں؟


**کوشش کیجئے**

1۔ اگر یہ نشان  10 طلبا کو ظاہر کرے تب اس اسکول میں طلبا کی جملہ تعداد کیا ہوگی؟

## راشد کے کھیت میں مکئی کی پیداوار

راشد اپنے کھیت میں مکئی کی کاشت کرتا ہے۔ اس نے پچھلے پانچ سال کی پیداوار کی مقدار کو درج کیا ہے جس کو ذیل میں بتایا گیا ہے۔

 = 40 کلوگرام مکئی




SCERT TELANGANA

دیئے گئے بکس چارٹ کا مشاہدہ کیجیے اور راشد کے کھیت کی مکئی کی پیداوار کے متعلق تین نتائج اخذ کیجیے۔


1۔ ____________________

2۔ ____________________

3۔ ____________________


**یہ کیجئے**

اپنے افراد خاندان یا اطراف و اکناف کے افراد کی جانب سے پچھلے 5 سال کے دوران کی گئی دھان/مکئی کی پیداوار کی تفصیلات معلوم کیجیے۔(یا) پچھلے پانچ سال میں آپ کے اسکول میں داخلہ لینے والے طلبا کی تفصیلات معلوم کیجیے اور ان معلومات کو بکس چارٹ کے ذریعہ ظاہر کیجیے۔



**موٹر سیکلوں کی فروخت**

موٹر سیکل کے ایک ڈیلر نے پچھلے ہفتے، فروخت ہوئے موٹر سیکلوں کی تعداد کو ذیل کے بکس چارٹ میں بتلایا گیا ہے۔




اوپر دیئے گئے بکس چارٹ کا مشاہدہ کیجیے اور نیچے دیئے گیے سوالوں کے جواب دیجیے۔

1۔ چہارشنبہ کو کتنی موٹر سیکلیں فروخت کی گئیں؟

2۔ کس دن سب سے کم فروخت ہوئیں اور کتنی موٹر سیکلیں فروخت کی گئیں؟

3۔ منگل کے دن کی فروخت، ہفتہ کی فروخت کا کتنے گنا ہے؟

4۔ کس دن کی فروخت، سب سے زیادہ ہے؟

5۔ پورے ہفتہ میں جملہ کتنی موٹر سیکلیں فروخت کی گئیں؟

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

# 4 کم لمبائی - زیادہ لمبائی

اندازہ لگایئے کے، پنسلوں کی لمبائی کیا ہے؟




______ سمر




______ سمر

اب ان پنسلوں کو پٹری کی مدد سے ناپئے۔

نیلے پنسل کا طول 6 سمر (سنٹی میٹر) ہے۔




سُرخ پنسل کا طول 6 سمر (سنٹی میٹر) سے زیادہ ہے لیکن 7 سمر (سنٹی میٹر) سے کم ہے۔




ایک سنٹی میٹر کو 10 چھوٹے مساوی حصّوں میں تقسیم کیا جاتا ہے جو ملی میٹر کہلاتے ہیں۔ 10 ملی میٹر، ایک سنٹی میٹر کے مساوی ہوتے ہے۔
لہذا ایک ملی میٹر، ایک سنٹی میٹر کا دسواں حصّہ ہوتا ہے۔

اس طرح سُرخ پنسل کا طول 6 سنٹی میٹر 7 ملی میٹر ہے۔

سُرخ پنسل کا طول، نیلے پنسل کے طول سے ______ ملی میٹر زیادہ ہے۔

SCERT TELANGANA

1۔ ذیل کے جدول میں دی گئی اشیا کوناپ کران کی لمبائی دی گئی خالی جگہوں میں لکھیے۔

| چیزیں | لمبائی |
| --- | --- |
| آپ کا پنسل | ________ سینٹی میٹر ________ ملی میٹر |
| آپ کی چاک | ________ سینٹی میٹر ________ ملی میٹر |
| آپ کے انگھوٹے کا ناخن | ________ سینٹی میٹر ________ ملی میٹر |
| آپ کے ہاتھ کی لمبی انگلی | ________ سنٹی میٹر ________ ملی میٹر |
| آپ کا ربر | ________ سنٹی میٹر ________ ملی میٹر |

2۔ اندازہ لگایئے، اتاریئے اوراُن خطوط کی لمبائی کوناپئے۔

a) آدھا سنٹی میٹر لمبا خط　　b) 6 سنٹی میٹر لمبا خط

c) 10 سنٹی میٹر لمبا خط　　d) 15 سنٹی میٹر لمبا خط

## کوشش کیجئے


1۔ کیا آپ جانتے ہیں! ایسے کونسے حشرات ہیں جو ایک سنٹی میٹر سے بھی چھوٹے ہوتے ہیں۔

2۔ ذیل کی تصویر میں دیئے گیے چاک کے ٹکڑوں کی لمبائی کا اندازہ لگایئے اوران کو ذیل کے مطابق رنگ کیجیے۔اس کے بعدان چاک کے ٹکڑوں کی لمبائی معلوم کیجیے اور جانچیئے کہ کیا آپ کا اندازہ درست تھا؟

1 سنٹی میٹر سے کم - سُرخ رنگ

1اور 2 سنٹی میٹر کے درمیان - نیلا رنگ

2اور 3 سنٹی میٹر کے درمیان - سبز رنگ



SCERT TELANGANA

## اسپورٹس ڈے

آج ملے پلی اسکول میں اسپورٹس ڈے ہے



ذیل کے جدول میں 6 بچوں کی لمبی چھلانگ کے نتائج درج ہیں

| | |
|---|---|
| سندھیا | 3 میٹر 10 سنٹی میٹر |
| لکشمی | 3 میٹر 25 سنٹی میٹر |
| نسیم | 3 میٹر 60 سنٹی میٹر |
| امجد | 3 میٹر 5 سنٹی میٹر |
| رابرٹ | 3 میٹر 20 سنٹی میٹر |
| اکمل | 3 میٹر 50 سنٹی میٹر |

1۔ مندرجہ بالا لگائی گئی چھلانگ میں سب سے زیادہ اور سب سے کم فاصلے والی چھلانگ کا فرق کیا ہے۔__________

2۔ فاتح کون ہے؟_______________

3۔ اس نے کتنی لمبی چھلانگ لگائی؟_______________________

4۔ مندرجہ ذیل میں 4 میٹر کی لمبائی کے لیے اور کتنے سنٹی میٹر درکار ہیں؟

(a) نسیم 3 میٹر، 60 سنٹی میٹر + _______________ = 4 میٹر

(b) امجد 3 میٹر، 05 سنٹی میٹر + _______________ = 4 میٹر


(c) رابرٹ 3 میٹر، 20 سنٹی میٹر + _______________ = 4 میٹر

(d) اکمل 3 میٹر، 50 سنٹی میٹر + _______________ = 4 میٹر

SCERT TELANGANA


## کونسی گاڑیاں پُل کے نیچے سے گزر سکتی ہیں؟

ایسی گاڑی جس کی اونچائی 3 میٹر 50 سنٹی میٹر ہو وہ پُل کے نیچے سے گزر سکتی ہے تب بتلایئے ان میں کونسی گاڑی پُل کے نیچے سے گذر سکے گی؟




## جلال پور

ذیل کے نقشے میں جلال پور گاؤں کے اہم مقامات اوران کے راستوں کو بتلایا گیا ہے




اب، نقشے کی بنیاد پر حسب ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔

(a) وسیم پوسٹ آفس، دکان اور اسکول سے ہوتا ہوا، رخسانہ کے گھر پہنچتا ہے تو بتایئے وسیم نے کتنا فاصلہ طئے کیا؟

(b) رخسانہ بھی وسیم سے ملنے کے لیے گھر سے نکلی۔ وہ چرچ اور پوسٹ آفس سے ہوتی ہوئی وسیم کے گھر پہنچی تب بتایئے کہ رخسانہ نے کتنا فاصلہ طئے کیا؟

(c) رخسانہ اور وسیم میں کس نے زیادہ راستہ طئے کیا؟


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

## بس کے ذریعہ رحیم کا سفر حیدر آباد


رحیم اپنے چاچا سے ملنے حیدر آباد جارہا ہے اور دوران سفر راستے میں اس نے چند میل کے پتھر دیکھے۔









اس کے بعد وہ ایک اور میل کے پتھر کا مشاہدہ کرتا ہے۔





چند سکنڈ بعد وہ ایک اور میل کا پتھر دیکھتا ہے۔





اور پھر چند سکنڈ بعد اس نے ایک اور میل کا پتھر دیکھا۔




اور اس کے بعد یہ دیکھتا ہے




اس کے بعد اس میل کے پتھر کو دیکھا۔







وہ الجھن میں پڑ گیا، تب اس کی امّی نے اس کو سمجھایا۔

SCERT TELANGANA

## کوشش کیجئے

1۔ ایک کلومیٹر میں کتنے 200 میٹر ہوتے ہیں؟ ________________

2۔ ایک کلومیٹر میں کتنے 100 میٹر ہوتے ہیں؟ ________________

3۔ $\frac{1}{2}$ کلومیٹر = ____________ میٹر

4۔ $\frac{1}{4}$ کلومیٹر = ____________ میٹر

### ہندوستان کے بڑے دریا

ذیل کے جدول میں ہندوستان کی چند بڑی دریاؤں کی لمبائی دی گئی ہے۔



| دریا کا نام | لمبائی |
|---|---|
| گوداوری | 1465 کلومیٹر |
| گنگا | 2526 کلومیٹر |
| کرشنا | 1400 کلومیٹر |
| جمنا | 1376 کلومیٹر |
| نرمدا | 1312 کلومیٹر |

(a) لمبائی کے لحاظ سے دریاؤں کے نام لکھئے؟ (کم لمبائی والی دریا سے زیادہ لمبائی والی دریا کی جانب)

(b) دنیا کی سب سے طویل دریا ''نیل'' ہے جس کی لمبائی 6650 کلومیٹر ہے۔

دریائے گنگا، نیل سے کتنی چھوٹی ہے؟

دریائے گوداوری، نیل سے کتنی چھوٹی ہے؟

(c) ذیل میں چند پلوں کی لمبائی دی گئی ہے، ان کی لمبائیوں کو کلومیٹر اور سنٹی میٹر تبدیل کیجیے۔

پرکاشم بیاریج 1223 میٹر ہے تب اس کی لمبائی کلومیٹر میں ____________ اور میٹر میں ____________

دھوالیشورم بیاریج 2701 میٹر ہے تب اس کی لمبائی کلومیٹر میں ____________ اور میٹر میں ____________


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے
SCERT TELANGANA

## کوشش کیجئے

1۔ اندازہ لگائیے۔آپ کا اسکول گھر سے کتنی دوری پر ہے؟

2۔ اندازہ لگائیے۔آپ کا گاؤں منڈل آفس سے کتنا دور ہے؟

### میں کتنا لمبا ہوں؟

نامپلی پرائمری اسکول کے اساتذہ کی جانب سے اسکول میں ہیلتھ کیمپ رکھا گیا۔ڈاکٹروں نے بچوں کے قد اور وزن کو ان کے ہیلتھ کارڈ میں درج کیا۔


ذیل میں شہباز کا ہیلتھ کارڈ دیا گیا ہے۔

**ہیلتھ کارڈ**

| | | |
|---|---|---|
| نام | : | شہباز احمد |
| والد کا نام | : | محمد اشفاق احمد |
| جماعت | : | پنجم |
| قد | : | 4' 11" |
| وزن | : | 34 کلوگرام |

### شہباز کا قد کتنا ہے؟

اس سوال کا جواب دینے سے پہلے آپ کے جیومٹری باکس میں رکھی ہوئی پٹری کو دیکھئے۔اس کی ایک جانب سینٹی میٹر ہیں اور دوسری جانب انچ۔




چھوٹی پٹری جو اوپر بتائی گئی ہے 6 انچ لمبی ہے اس طرح بڑی پٹری میں 12 انچ ہوتے ہیں۔12 انچ مساوی ہوتا ہے ایک فٹ کے۔ ہم فٹ کو ایک چھوٹے خط (') سے ظاہر کرتے ہیں جس کو قوس میں بتلایا گیا ہے اور انچ کو دو چھوٹے خط (") سے ظاہر کیا جاتا ہے جس کو قوس میں بتلایا گیا ہے۔

اس طرح معلوم ہوا کہ شہباز کا قد 4 فٹ 11 انچ ہے

SCERT TELANGANA

## یہ کیجیے

آپ اپنا اور آپ کے چار دوستوں کے قد فٹ اور انچ میں لکھیئے۔

| سلسلہ نشان | نام | قد (فٹ میں) | قد (انچ میں) |
|---|---|---|---|
| مثال | شہباز | 4'11" | 59" |
| 1 | | | |
| 2 | | | |
| 3 | | | |
| 4 | | | |

آپ میں سب سے لمبا کون ہے؟ ____________

## مشق

1۔ ظفر کا گھر، اس کے اسکول سے 3 کیلومیٹر دور ہے۔ وہ 2 کیلومیٹر 350 میٹر کا راستہ سیکل سے طئے کرتا ہے اور باقی فاصلہ پیدل چلتا ہے بتائے کہ وہ کتنا فاصلہ پیدل چلتا ہے؟

2۔ 80 میٹر لمبی دیوار بنانے کے لیے 20 سینٹی میٹر کی کتنی اینٹیں درکار ہوں گی؟

3۔ خالی جگہوں کو پر کیجیے۔

a) 12 کیلومیٹر = __________ میٹر

b) 2 کیلومیٹر 400 میٹر = __________ میٹر

c) 4500 میٹر = __________ کیلومیٹر __________ میٹر

d) 7750 میٹر = __________ کیلومیٹر __________ میٹر

e) 22 ملی میٹر = __________ سنٹی میٹر __________ ملی میٹر

f) 75 ملی میٹر = __________ سنٹی میٹر

g) 9 سنٹی میٹر 5 ملی میٹر = __________ ملی میٹر

h) 12 سنٹی میٹر 8 ملی میٹر = __________ ملی میٹر

SCERT TELANGANA




یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

4۔ امجد کا گھر اور بازار (مارکٹ) اس کے اسکول کی مخالف سمت میں واقع ہے۔ امجد کے گھر سے اس کا اسکول 4 کلومیٹر 660 میٹر دور ہے۔ اور بازار (مارکٹ) 2 کلومیٹر 800 میٹر دور ہے۔ امجد پہلے اسکول جاتا ہے اور پھر مارکٹ تب بتائیے کہ امجد نے کتنا فاصلہ طئے کیا؟

5۔ اگر آپ نے ثنا کے گھر سے چلنا شروع کیا تو پہلے عظیم کا گھر ملے گا اس کے بعد اسکول۔ ثنا کا گھر اسکول سے 2 کیلومیٹر 345 میٹر دور ہے اور عظیم کا گھر اسکول سے ایک کیلومیٹر 650 میٹر دور ہے۔ تب بتائیے کہ ثنا کا گھر عظیم کے گھر سے کتنا دور ہے؟

6۔ ٹیلر ایک کوٹ کی سلوائی کے لیے 3 میٹر 10 سینٹی میٹر کپڑا استعمال کرتا ہے تب بتلائیے کہ 4 کوٹ کی سلوائی کے لیے ٹیلر کو کتنا کپڑا درکار ہوگا؟

7۔ جنید' حیدرآباد سے وجئے واڑہ جارہا ہے' جاتے وقت قومی شاہراہ -5 پر یہ بورڈ دیکھتا ہے۔




a) حیدرآباد سے وجئے واڑہ تک جانے کے لیے جنید نے کتنا فاصلہ طئے کیا؟

b) کونسا فاصلہ زیادہ ہے؟ سوریاپیٹ تا کوڈاڈ یا کوڈاڈ تا وجئے واڑہ؟

c) سوریاپیٹ سے وجئے واڑہ کتنی دور ہے؟

# 5 جگہیں اور حدود-1





راجو اپنی زمین کے اطراف باڑ لگانا چاہتا ہے۔




راجو کو اپنی زمین کے اطراف باڑ لگانے کے لئے کتنی تار کی ضرورت ہوگی؟

حدود کے جملہ طول کو ''احاطہ'' کہا جاتا ہے

## یہ کیجئے




1. رامیا کے کھیت کا احاطہ کیا ہے؟ وہ روزانہ 3 مرتبہ اپنے کھیت میں پانی کی سطح کا جائزہ لینے کے لئے حدود کے اطراف چکر لگاتا ہے۔ تب وہ روزانہ کھیت کے اطراف جملہ کتنا فاصلہ طئے کرتا ہے؟

SCERT TELANGANA



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے


2. رانی ایک میز پوش اور 6 تہ پوش پر لیس لگانا چاہتی ہے۔

a. میز پوش کے لئے اس کو کتنی لیس خریدنی ہوگی؟

b. 6 تہ پوش کے لئے اُسے کتنی لیس خریدنی ہوگی؟


c. رانی کو جملہ کتنی لیس خریدنی ہوگی؟








3. ذیل میں دی گئی اشکال کی پیمائش کیجئے اور احاطے معلوم کیجئے۔

(a)




(b)




4. ذیل میں دی گئی اشکال میں چند اضلاع کی لمبائی اور ان کے احاطے دیئے گئے ہیں۔ اس ضلع کی لمبائی معلوم کیجئے جو درج نہیں ہے۔

(a)





احاطہ = 24 m

(b)





احاطہ = 30 cm

## کوشش کیجئے





.1

a. اس مربع کا احاطہ کیا ہے۔




b. اس کے ہر کنارے سے ایک سمر ضلع والا ایک چھوٹا مربع کاٹا گیا۔ کیا اس کا احاطہ بدل جائے گا۔




.2


a. اس مربع کا احاطہ کیا ہے؟




b. اگر اس کے ضلعوں کو بتلائے گئے طریقہ سے تراشا گیا ہو تو کیا اس مربع کا احاطہ بدل جائے گا۔

## مربعوں سے کھیلنا


ذیل میں دیئے گئے مربع شیٹ پر 2 مربعوں کے استعمال سے جتنے چاہیں ممکنہ اشکال بنائیے، آپ کے لئے ایک مثال دی گئی ہے۔ اپنے دوستوں کے اُتارے گئے اشکال کا مشاہدہ کیجیے۔



a. کیا مربع شیٹ پر تمام اشکال یکساں طور پر جگہ گھیرے ہوئے ہیں؟

b. کیا تمام اشکال کا احاطہ یکساں ہے کونسی شکل سب سے زیادہ احاطہ رکھتی ہے اور کونسی شکل سب سے کم احاطہ رکھتی ہے؟

اب 3 مربعوں کو استعمال کرتے ہوئے مختلف ممکنہ اشکال بنائیے، اپنے دوستوں کے ذریعہ بنائی ہوئی اشکال کا مشاہدہ کیجیے۔




(a) کیا تمام اشکال مربع شیٹ پر یکساں جگہ گھیرتی ہیں؟

(b) کیا تمام اشکال یکساں احاطہ رکھتی ہیں؟ کون سی شکل کا احاطہ سب سے زیادہ ہے؟ اور کون سی شکل کا احاطہ سب سے کم ہے؟

## کوشش کیجیے

4 مربعوں کو استعمال کرتے ہوئے مختلف ممکنہ اشکال بنائیے۔ اپنے دوستوں کے ذریعہ بنائی ہوئی اشکال کا مشاہدہ کیجیے۔
(اشارہ:- 12 مختلف اشکال ممکن ہیں)



SCERT TELANGANA

(a) کیا مربع شیٹ پر تمام اشکال یکساں جگہ گھیرتی ہیں۔

(b) کیا یہ تمام اشکال یکساں احاطہ رکھتی ہیں؟ کون سی شکل سب سے زیادہ احاطہ رکھتی ہے اور کون سی شکل سب سے کم؟

## دیا سلائی کی کتنی ڈبیاں آپ کی ریاضی کی درسی کتاب کو ڈھانک سکتی ہیں؟



صفیہ ایک کھیل، کھیل رہی ہے۔ وہ ریاضی کی ایک درسی کتاب پر دیا سلائی کی ڈبیاں اس انداز سے رکھتی ہے کہ نہ تو کوئی دیا سلائی کی ڈبیہ کی درمیان خالی جگہ ہے اور نہ ہی دیا سلائی کی ڈبیاں ایک دوسرے پر ہیں۔








اب نسیم اپنی نوٹ بک کو دیا سلائی کی ڈبیوں سے ڈھانکنا شروع کرتی ہے۔

(a) اندازہ کیجئے، نوٹ بک کو مکمل طور پر ڈھانکنے کے لئے مزید کتنی ڈبیوں کی ضرورت ہے؟

(b) کیا نوٹ بک درسی کتاب سے چھوٹی ہے؟

### کوشش کیجئے

(a) ذیل کی کتابوں کو دیا سلائی کی کتنی ڈبیاں مکمل طور پر ڈھانکیں گی۔

(a)



(b)





SCERT TELANGANA

2۔ اندازہ کیجئے ،آپ کے ٹیچر کی میز کو ڈھانکنے کے لئے ریاضی کی کتنی درسی کتابوں کی ضرورت ہوگی؟
اب ،اپنے ٹیچر کی میز کو ریاضی کی درسی کتابوں سے ڈھانک کر اپنے اندازہ کو جانچئے۔کتنی کتابوں کی ضرورت ہوگی؟

ٹیچر نے صفیہ کو یہ کھیل کھیلتے ہوئے دیکھا اور ارادہ کیا کہ جماعت پنجم کے بچوں کو رقبہ کے معنی سمجھائیں انہوں نے یکساں جسامت کے مربعے اتارے جیسا کہ نیچے تختہ سیاہ پر بتلایا گیا ہے۔

اس کے بعد ٹیچر نے بچوں سے پوچھا کہ ایسے مزید کتنے مربع اس تختۂ سیاہ کو مکمل طور پر ڈھانک سکتے ہیں؟






ٹیچر: آپ نے صحیح کہا تختہ سیاہ کو 30 مربعے ڈھانکیں گے۔اس طرح گھیری ہوئی جگہ یا تختہ سیاہ کا رقبہ= 30 مربعے
اس تختہ سیاہ کے بارے میں کیا کہو گے۔



گھیری ہوئی جگہ یا تختہ سیاہ کا رقبہ= ________________ مربعے

SCERT TELANGANA


## کوشش کیجئے

اس مربع شیٹ پر اپنا قلم تراش رکھئے۔ قلم تراش کا ہر پہلو کتنا رقبہ گھیرتا ہے؟ قلم تراش کا گھیرا ہوا رقبہ کتنا ہے؟ اسی طرح آپ کے جیومیٹری باکس کا؟ مربع شیٹ پر اپنی مرضی کی کوئی بھی چیز رکھ کر اس کے پہلو کا رقبہ معلوم کیجئے۔ آپ کے لئے ایک مثال دی گئی ہے۔

قلم تراش تقریباً 6 مربعوں کے رقبہ کو ڈھانکتا ہے۔

قمر کا خیال ہے کہ سکہ 10 مربعوں کو ڈھانکتا ہے۔ جبکہ حنا محسوس کرتی ہے کہ وہ 11 کو ڈھانکتا ہے۔

آپ کا کیا خیال ہے؟





SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

## کوشش کیجیے

فرزانہ اپنی زمین کو اپنے چار بچوں میں مساوی تقسیم کرنا چاہتی ہے۔ وہ چاہتی ہے کہ زمین اس طرح سے تقسیم کی جائے کہ ہر بچہ کو ایک گھر ملے اور اس کی زمین پر واقع ایک کنویں تک ہر ایک کو راستہ ملے۔ زمین کی تقسیم میں فرزانہ کی مدد کیجیے۔ ہر بچہ کو زمین کا کتنا حصہ حاصل ہوگا؟ کسر کی شکل میں لکھیے۔



# 6 زاویے ہمارے گردوپیش



مہوین حیدرآباد میں رہتی ہے۔ وہ عید کی چھٹیاں منانے اپنے چاچا کے گھر نظام آباد جارہی ہے۔مہوین کے نکلنے سے قبل اس کی دادی اس کو ایک پرانی گھڑی دیتی ہیں۔تاکہ وہ وقت دیکھ سکے۔

دِن میں کئی مرتبہ مہوین نے اپنی گھڑی میں وقت دیکھتی رہتی ہے۔

جب وہ بس میں سوار ہورہی تھی اس وقت 3 بج رہے تھے۔ جب چائے کے وقفہ کے لئے بس رکی تب 4 بج رہے تھے۔اور جب وہ اپنے چاچا کے گھر پہنچی تب 6 بج رہے تھے۔



مختلف اوقات میں گھڑی کے چھوٹے اور بڑے کانٹوں کو دیکھیے' ٹھیک 3 بجے چھوٹا کانٹا 3 پر اور بڑا کانٹا 12 پر ہوتا ہے۔اس وقت گھڑی کے کانٹوں کے درمیان بننے والے زاویے کو شکل میں ظاہر کیا گیا ہے۔



4 بجے، چھوٹا کانٹا 4 پر آجاتا ہے اور زاویہ تبدیل ہوتا ہے۔




6 بجے دوبارہ زاویہ تبدیل ہوتا ہے۔

اس طرح ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ مختلف اوقات میں گھڑی کے کانٹوں کے درمیان بننے والے زاویے مختلف ہوتے ہیں۔


SCERT TELANGANA



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

هم اپنے اطراف مختلف زاویوں کا مشاہدہ کرسکتے ہیں۔ مہوین اپنی چھٹیاں گزار کر حیدرآباد واپس آتی ہے اور اپنے دوست حنا اور احمد سے ملاقات کرتی ہے اور کہتی ہے کہ جب کوئی چیز اپنے مستقل نقط/کونے سے مڑتی ہے تو زاویہ بنتا ہے۔ ذیل کی شکلوں میں دیوار اور دروازہ، کتاب اور اس کے اوراق، TV اور اس کے اینٹینا کے درمیان بننے والے زاویوں کا مشاہدہ کیجئے۔



مہوین کاغذ پر پنسل شکل کے مطابق رکھ کر اس کا خاکہ بناتی ہے اور پھر اس کو گھماتی ہے۔










زاویئے کونوں پر بھی بنتے ہیں۔ دو دیواریں اپنے کونے پر زاویہ بناتی ہیں۔

SCERT TELANGANA

ذیل کی شکلوں میں بتائے گئے زاویوں کو دیکھئے اور ان میں مزید زاویوں کی نشاندہی کیجئے۔






## یہ کیجئے

1. ذیل کی تصاویر میں زاویوں کی نشاندہی کیجئے۔ ہر تصویر میں ایک سے زائد زاویوں کی نشاندہی کرنے کی کوشش کیجیے۔




SCERT TELANGANA

## مشغلہ




ایک مربعی کاغذ لیجئے۔ اس کو دو مرتبہ تہہ کیجئے جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے۔

تہہ کھولئے اور دیکھئے۔




یہ اس طرح دکھائی دیتا ہے۔ اس نقطہ پر غور کیجئے جہاں پر دو تہیں مل رہی ہیں۔ بننے والے زاویوں کی نشاندہی کیجیے۔ کیا یہ تمام زاویے ایک جیسے نظر آتے ہیں یا مختلف۔



اگر ہم زاویے بناتے ہیں تو یہ اس طرح نظر آتے ہیں جیسا کہ متصلہ شکل میں بتلایا گیا ہے۔ یہ زاویے ''زاویہ قائمہ'' کہلاتے ہیں۔

ذیل میں دیے گئے اشکال کا مشاہدہ کیجیے۔ ہم ان اشکال میں ''زاویہ قائمہ'' دیکھ سکتے ہیں۔




SCERT TELANGANA

## یہ کیجئے

1. ذیل کی تصاویر میں ''زاویہ قائمہ'' کی نشاندہی کیجئے۔ آپ ایک سے زائد زاویہ قائمہ کی نشاندہی بھی کر سکتے ہیں۔





کیا آپ نے غور کیا؟ گھڑی کے کانٹے 3 بجے اور 9 بجے زاویہ قائمہ بناتے ہیں اور دوسرے اوقات میں بھی یہ کانٹے زاویہ قائمہ بناتے ہیں۔

## کوشش کیجئے

1. گھڑی کا خاکہ اس طرح اُتارئے جس میں اس کے کانٹے زاویہ قائمہ بنا رہے ہوں۔

2. آپ کے کمرے کی دیواروں پر نظر دوڑائیے اور بتلائیے کہ ان میں کتنے زاویہ قائمہ بنے ہیں؟



SCERT TELANGANA



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

## زاویہ قائمہ سے کم یا زیادہ




قینچی کو دیکھیے اس کے ساق زاویہ قائمہ بنا رہے ہیں۔

ذیل کے اشکال پر غور کیجیے۔



اس کے ساق زاویہ قائمہ نہیں بنا رہے ہیں بتایا گیا زاویہ '' زاویہ قائمہ'' سے کم ہے۔

کیا آپ زاویے قائمہ سے زیادہ زاویہ بنانے کے لیے قینچی کے ساقوں کو پھیلا سکتے ہیں؟ کوشش کیجیے۔




### یہ کیجیے

1. تصاویر دیکھئے اور زاویوں کی نشاندہی کیجیے۔

(a) اگر زاویہ ''زاویہ قائمہ'' ہو تب اس کو نیلے رنگ سے نشاندہی کیجیے۔


(b) اگر زاویہ ''زاویہ قائمہ'' سے چھوٹا ہو تب اس کو لال رنگ سے نشاندہی کیجیے۔

(c) اگر زاویہ ''زاویہ قائمہ'' سے بڑا ہو تب اس کو کالے رنگ سے نشاندہی کیجیے۔



SCERT TELANGANA


2. مندرجہ ذیل اشکال میں کونسے زاویے ''زاویہ قائمہ'' سے زیادہ ہیں اور کونسے اس سے کم؟ شناخت کیجئے۔




## مشغلہ

ہم دیکھ چکے ہیں کہ کچھ زاویے، زاویہ قائمہ سے زیادہ اور کچھ کم ہوتے ہیں ہم زاویوں کی پیمائش کس طرح کرتے ہیں؟ ہم ان کی پیمائش درجوں میں کر سکتے ہیں۔ زاویہ قائمہ کی پیمائش $90^{O}$ ہوتی ہے۔


ایک مربعی کاغذ لیجئے اسے دو آدھے حصوں میں اس طرح موڑیئے جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے۔ اسے دوبارہ موڑیئے اور کھولئے۔



اب اس کاغذ کو بتائے گئے آدھے حصہ سے موڑیئے اور پھر دوبارہ موڑیئے۔ کاغذ کو کھولئے۔ کاغذ پر سلوٹیں دکھائی دیتی ہے۔



زاویوں کی پیمائش درج کیجئے جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے۔




مشاہدہ کیجئے کہ چار سلوٹیں (نقاط سے ظاہر کئے گئے خط) کہاں پر مل رہی ہیں۔ کیا وہ ایک ہی جگہ اور ایک ہی نقطہ پر مل رہی ہیں؟ یہ نقطہ مربع کا مرکز ہے۔



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

کوشش کیجئے

1. اسی طریقے سے ہم دائرہ کا مرکز بھی معلوم کر سکتے ہیں۔ ایک چوڑی کی مدد سے کاغذ پر دائرہ بنائیے اور اس کو کاٹ لیجیے۔ اس دائرے کو اس طرح تہہ کیجئے کہ چار زاویے حاصل ہوں۔ اور دائرے کے مرکز کی نشاندہی کیجئے۔

### رقص کرتے ہوئے افراد سے بننے والے زاویے

ذیل میں دی گئی تصاویر پر غور کیجئے۔ زاویوں کی نشاندہی کیجیے اور اس طرح کی مزید 2 تصاویر بنائیے۔



SCERT TELANGANA

# 7 شکلوں کے کھیل





آسیہ،فوزیہ اور رحیم لوڈو کھیل رہے تھے۔

دادی اماں: تم لوگ اپنا وقت کیوں ضائع کر رہے ہو؟ تم کو تو پڑھنا چاہیے۔

فوزیہ: دادی ماں ! ہم پانسہ سے کھیلتے ہوئے ریاضی سیکھ رہے ہیں۔

دوسرے دن ٹیچر نے فوزیہ کو یہ سوال دیا کہ تراشے ہوئے پانسہ کا اصل پانسہ سے تقابل کیجئے۔









SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

## مشغلہ

ذیل میں 3 جالیاں دی گئی ہیں۔کاغذ پر ان کا خاکہ بنائیے۔


گہرے خطوط پر کاٹیے۔ان میں کونسی جال کو موڑ کر مکعب کی شکلیں حاصل کی جاسکتی ہیں۔



SCERT TELANGANA

## یہ کیجئے

1. حسب ذیل جالیوں کا مشاہدہ کیجئے۔ اُن جالیوں پر (✓) کا نشان لگائیے جن کو ہم موڑ کر مکعب حاصل کر سکتے ہیں۔



a. آپ اپنی نوٹ بک میں ایک جال اُتاریئے جو اوپر دی گئی جال سے مختلف ہو۔ اور جس کو ہم موڑ کر مکعب کی شکل حاصل کر سکتے ہیں۔

b. ایک اور جال اُتاریئے جس کو موڑنے پر مکعب کی شکل حاصل نہ ہو۔


SCERT TELANGANA



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

کیا آپ ان دیئے گئے نقاط پر اشکال بنا سکتے ہیں؟

نیچے دیئے گئے نقاط کو ملاتے ہوئے مختلف سائز (جسامت) کے مربع، مستطیل اور مثلثات بنایئے۔ آپ کے لیے ایک شکل بنائی گئی ہے۔




SCERT TELANGANA

## سایوں سے کھیلنا



ایک رات بجلی نہیں تھی۔ واجدہ نے ٹارچ روشن کی تب اس کی دادی ماں نے اُس کو اپنے ہاتھوں کے سایوں سے جانوروں کی شکلوں کے سائے بنانا سکھایا۔



کوشش کیجیے

1. آپ، اپنے ہاتھوں کی مدد سے مختلف جانوروں کی شکلوں کے سائے بنائیے۔

واجدہ اور اس کی دادی اماں نے مختلف اشیا کے سائے دیکھنا شروع کیا۔



واجدہ: ایک کتاب سے ہم مستطیلی سایہ حاصل کر سکتے ہیں۔ اسی طرح ہم ایک دیا سلائی سے بھی مستطیلی سایہ حاصل کر سکتے ہیں۔


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے
SCERT TELANGANA

## یہ کیجیے

1. کیا آپ اصل اشیا کو ان کے سایوں سے پہچان سکتے ہیں؟
یاد کیجیے واجدہ نے کہا تھا کہ دو مختلف اشیا کے سائے ایک جیسے ہو سکتے ہیں۔



SCERT TELANGANA

## دائرہ




واجدہ نے دیکھا کہ کئی اشیا کے سائے دائروی تھے۔ مثلاً چوڑیاں، گیند، اور سکے وغیرہ۔

دوسرے دن واجدہ اسکول کو چوڑیاں لائی اُس نے ان کا استعمال دائرہ اُتارنے کے لئے کیا۔

وارث کے پاس ایک سکہ تھا۔ اس نے دائرہ اُتارنے کے لئے اُس کا استعمال کیا۔



شگفتہ نے ایک رسی لی۔ اس نے رسی کے دونوں کناروں پر لکڑی کے موٹے ٹکڑے باندھے۔ اب شگفتہ اور وارث دونوں نے مل کر اس رسی کی مدد سے میدان پر ایک دائرہ بنایا۔ ذیل کی تصویر میں دی گئی تصویر کا مشاہدہ کیجیے۔




### کوشش کیجئے

1. واجدہ رسی کی مدد سے ایک چھوٹا دائرہ بنانا چاہتی ہے۔ وہ کس طرح بنا پائے گی۔
2. آپ اپنے دوستوں کے ساتھ میدان پر جایئے اور واجدہ اور وارث کی طرح دائرے بنایئے۔



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

آپ کو مربع کا مرکز معلوم کرنے کا طریقہ یاد ہوگا جس کو آپ نے پچھلے باب میں پڑھا تھا۔ آیئے اب ہم دائرہ کا مرکز معلوم کریں گے۔

## مشغلہ



ایک چوڑی کی مدد سے کاغذ کے ایک ٹکڑے پر دائرہ اُتاریئے۔ اس دائرہ کو کاٹ لیجئے۔ اس کو 3 مرتبہ موڑیئے جیسا کہ شکل میں بتلایا گیا۔




اس کو کھولئے۔ کیا آپ کاغذ پر سلوٹیں دیکھیں گے؟

یہ تمام ایک نقطہ پر ملتے ہیں یہ نقطہ دائرہ کا مرکز ہے۔

ایک پٹری لیجئے۔ مرکز سے دائرہ کے کنارے تک کے طول کی پیمائش کیجئے۔ دائرے کے کناروں پر جتنے چاہے مختلف نقاط لیجئے اور اس کی پیمائش کیجیے۔

آپ کو پتہ چلے گا کہ مرکز سے دائرے کے کنارے کے مختلف نقاط تک کا طول یکساں ہے۔

یہ طول دائرہ کا نصف قطر کہلاتا ہے۔


SCERT TELANGANA

## یہ کیجئے

1. ذیل میں دیئے گئے دونوں دائروں کا نصف قطر معلوم کیجیے اور بڑے نصف قطر والے دائرے پر (✓) کا نشان لگایئے۔

a. بڑے دائرے کا نصف قطر ______________ سم ہے۔

b. چھوٹے دائرے کا نصف قطر ______________ سم ہے۔



## ٹینگرام (Tangram)

دادی اماں اس بات پر خوش تھیں کہ واجدہ بہت محنت سے پڑھ رہی تھی۔ انھوں نے طے کیا کہ وہ واجدہ کو انعام دیں گی۔


دادی اماں: میں تمہیں ایک جال بنانا سکھاؤں گی۔ یہ سب سے پہلے چین میں شروع کیا گیا تھا جو ٹینگرام کہلاتا ہے۔ آیئے! اب ہم ایک ٹینگرام سٹ بنائیں گے۔


### مشغلہ

آیئے ٹینگرام بنائیں۔


ایک مقوہ لیجئے اور اس بورڈ پر موٹا کاغذ یا پرانا رقعہ یا سفید کاغذ چسپاں کیجئے۔

مقوے سے ایک بڑا مربع کاٹ لیجیے۔ اس پر 4 مساوی حصے اُتاریئے۔ جیسا کہ بتلایا گیا ہے۔






ان حصوں میں ہر ایک حصے کو مزید اور چار مساوی حصوں میں تقسیم کیجئے۔ جیسا کہ بتلایا گیا ہے۔



ہمیں 16 مساوی مربعوں والا گرڈ حاصل ہوتا ہے۔ اس جال پر گہرے خطوط کھینچئے جیسا کی شکل میں بتلایا گیا ہے۔


گہرے خطوط کے مطابق کاٹیے یہ ہمارا **ٹینگرام سٹ** ہے۔ یہ 7 ٹکڑے رکھتا ہے


اس میں کتنے مربعے ہوتے ہیں۔ اور کتنے مثلثات ہوتے ہیں؟




SCERT TELANGANA

ٹینگرام کے تمام ٹکڑے مختلف اشکال بنانے میں استعمال کئے جاسکتے ہیں۔ذیل میں ایک مثلث اور ایک مستطیل بنایا گیا ہے۔





اب آپ ٹینگرام کے تمام ٹکڑوں کو استعمال کرتے ہوئے مختلف اشکال بنایئے۔

## کوشش کیجئے

1. اپنے ٹینگرام سیٹ کا استعمال کرتے ہوئے نیچے دیئے گئے اشکال بنایئے۔








2. اپنے ٹینگرام سٹ کے تمام 7 ٹکڑوں کی مدد سے دوسرے نئے اشکال بنایئے۔آپ کتنے اشکال بنا پائیں گے۔اپنے ہم جماعتو ں کے بنائے گئے اشکال کا مشاہدہ کیجیے۔


SCERT TELANGANA

## ٹائلس (Tiles)

ایک ٹینگرام میں 7 مختلف ٹکڑے ہیں۔ اگر ہمارے پاس صرف ایک ہی قسم کا ٹکڑا ہو تب کیا ہوگا؟ مثال کے طور پر آپ کے پاس ہے۔ ہم اس کو حسب ذیل طریقوں سے ترتیب دے سکتے ہیں۔



یہ ایک فرش کے نمونے جیسا نظر آرہا ہے




یہ اینٹوں کی دیوار جیسا نظر آرہا ہے


اب آپ ٹائیل کو استعمال کرتے ہوئے فرش کے کم از کم 2 اور نمونے بنائیے۔


SCERT TELANGANA

## یہ کیجئے

1. دیے گئے فرش کے نمونوں کو مکمل کیجیے اور اُس میں دہرائے جانے والے ٹائل کی شناخت کیجیے۔








2. اس  ٹائل کی مدد سے فرش کے کم از کم 3 نمونے بنائیے۔

SCERT TELANGANA

# 8 جگہیں اور حدود - 2

نیچے دیئے گئے مربعی کاغذ پر 12 مربعوں کو استعمال کرتے ہوئے ممکنہ مختلف وضع کے مستطیل بنائیے۔ایک شکل آپ کے لیے دی گئی ہے۔



SCERT TELANGANA

(a) کیا تمام مستطیل مساوی رقبہ (جگہ) گھیرتے ہیں؟


(b) کیا تمام مستطیل کے احاطے مساوی ہیں؟ کونسے مستطیل کا احاطہ سب سے زیادہ ہے؟ اور کونسے مستطیل کا احاطہ سب سے کم؟


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

## یہ ٹکٹ کتنی جگہ گھیرتے ہیں؟

(a) ٹکٹ ‘A’ 1cm ضلع والے کتنے مربع گھیرتا ہے؟

(b) ٹکٹ ‘B’ 1cm ضلع والے کتنے مربع گھیرتا ہے؟




ٹکٹ ‘D’ 4 مربعے گھیرتا ہے اور ہر مربع کے ایک ضلع کی لمبائی 1 سنٹی میٹر ہے۔ لہٰذا اسٹامپ D کا رقبہ 4 مربع سنٹی میٹر ہے۔

(c) (i کونسا ٹکٹ سب سے زیادہ رقبہ گھیرتا ہے؟________

(ii اور یہ ٹکٹ 1 سنٹی میٹر ضلع کے ________ مربعے گھیرتا ہے؟

اس لیے اس ٹکٹ کا رقبہ ______ مربع سنٹی میٹر ہے۔

(d) (i کونسا ٹکٹ سب سے کم رقبہ گھیرتا ہے؟

(ii اور یہ ٹکٹ 1 سنٹی میٹر ضلع کے ________ مربعے گھیرتا ہے؟


اس لیے اس ٹکٹ کا رقبہ ______ مربع سنٹی میٹر ہے۔

(e) سب سے زیادہ اور سب سے کم رقبہ والے ٹکٹوں کے رقبے کا فرق کیا ہے؟__________ مربع سنٹی میٹر۔

SCERT TELANGANA


مربع خانوں کے کاغذ پر حسب ذیل اشکال کے رقبے کیا ہیں؟ ہر مربع کا ضلع 1 سنٹی میٹر ہے۔ آپ کے لیے ایک حل کیا گیا ہے۔

اشارہ: 2 نصف مربعے ایک مکمل مربعے کو ظاہر کرتے ہیں۔




## کوشش کیجئے

1۔ کیا ذیل کی شکل میں دیے گئے مربع کا رقبہ مثلث کے رقبے کے مساوی ہے؟






یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

## مستطیل سے دلچسپ مشغلے

**ان مستطیل کو مساوی رقبوں کے مثلثات اور مستطیلوں میں تقسیم کیجیے۔**


آپ کے دوستوں نے ان مستطیل کو کیسے تقسیم کیا؟ دیکھنا نہ بھولیں۔

1۔ (a) ان مستطیلوں کو دو مساوی رقبہ والے مستطیلوں میں تقسیم کیجیے۔




(b) ان چھوٹے مستطیل کا رقبہ کیا ہے؟

2۔ (a) ان مستطیل کو مساوی رقبہ والے دو مثلثات میں تقسیم کیجیے۔



(b) ان مثلثات کا رقبہ کیا ہے؟

3۔ (a) ان مستطیل کو مساوی رقبہ والے چار مثلثات میں تقسیم کیجیے۔





(b) ان مثلثات کا رقبہ کیا ہے؟

SCERT TELANGANA


## مثلثات سے دلچسپ مشغلے

سلیم نے دیے گیے مستطیل میں '2' مثلثات کھینچے







سُرخ مثلث بڑے مستطیل کا نصف ہے۔ بڑے مستطیل کا رقبہ 20 مربع سنٹی میٹر ہے۔اس لیے سُرخ مثلث کا رقبہ________ مربع سنٹی میٹر ہوگا۔




سبز مثلث ایک مربع اور چھوٹے مستطیل کے نصف پر مشتمل ہے ۔اب آپ مربع اور چھوٹے مستطیل کا رقبہ معلوم کریں اوراس کے بعد مثلث کا رقبہ معلوم کیجیے۔اور بتایے کہ سبز رنگ کے مثلث کا رقبہ کیا ہے؟__________________

## رقبے کے مطابق شکل کومکمل کیجیے



شاذیہ نے ایک مطلوبہ شکل کے دوضلع اُتارے۔وہ سہیل سے یہ کہتی ہے کہ مزید دو ضلعوں کے ذریعہ اس کواس طرح مکمل کرے کہ اس کا رقبہ '8' مربع سنٹی میٹر ہوجائے۔

سہیل نے اس کو اس طرح مکمل کیا۔




(a) نیلے رنگ کے مثلث کا گھیرا ہوا رقبہ کیا ہے؟

(b) گلابی رنگ کے مثلث کا گھیرا ہوا رقبہ کیا ہے؟

[اشارہ: گلابی رنگ کا مثلث کونسے دو مربعوں کے نصف پر مشتمل ہے]

(c) کیا سہیل کی بنائی ہوئی شکل کا رقبہ '8' مربع سنٹی میٹر ہے؟








(d) سبز رنگ کا مثلث کونسے دو مربعوں کے نصف کو گھیرتا ہے؟ کیا شاذیہ کی بنائی ہوئی شکل کا رقبہ بھی '8' مربع سنٹی میٹر ہے۔

**کوشش کیجئے**


1۔ کیا آپ یہ سوچ سکتے ہیں کہ اس شکل کو دوسرے طریقے سے بھی اس طرح مکمل کیا جا سکتا ہے کہ اس کا رقبہ '8' مربع سنٹی میٹر ہو جائے۔






SCERT TELANGANA

## یہ کیجئے




1۔ یہ کسی شکل کا ایک ضلع ہے۔اس کو اس طرح مکمل کیجیے کہ اس کا رقبہ'6' مربع سنٹی میٹر ہو جائے۔




2۔ کسی شکل کے دو ضلعے یہاں بنائے گئے ہیں۔مزید دو ضلعوں کو اُتارتے ہوئے شکل کو اس طرح مکمل کیجیے کہ' اس کا رقبہ'2' مربع سنٹی میٹر ہو جائے۔

## کونسا ٹکڑا بڑا ہے

ثمینہ اور غزالہ نے دکان سے سوکھے آم کے مربعے کے ٹکڑے (آم کی قاشیں) خریدے۔ان کے ٹکڑوں کی شکلیں ذیل میں دکھائی گئی ہیں۔




ان دونوں نے اپنے اپنے ٹکڑے کو بڑا سمجھا۔آپ کسی طریقہ سے بتا سکتے ہیں کہ وہ صحیح ہیں؟





SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

ثمینہ اور غزالہ کی ایک سہیلی نے چھوٹے مربعوں کے استعمال سے ایک طریقہ بتایا۔

ثمینہ کے ٹکڑے کی لمبائی 6 سنٹی میٹر ہے اس لیے 1 سنٹی میٹر والے '6' مربعے اس کے طول' ساتھ جمائے جاسکتے ہیں۔ اور اس کے ٹکڑے کی چوڑائی '5' سنٹی میٹر ہے اس لیے '1' سنٹی میٹر والے '5' مربعے اس کے عرض (چوڑائی) ساتھ جمائے جاسکتے ہیں۔

اس آم کے مربعے کے ٹکڑے (آم کی قاشیں) پر کل کتنے چھوٹے مربعے جمائے جاسکتے ہیں؟__________



لہٰذا ثمینہ کے آم کے مربعے کے ٹکڑے کا رقبہ__________ مربع سنٹی میٹر ہے۔


ثمینہ :ان تمام کو جمع کرنے کے بجائے آسانی سے ضرب دے سکتے ہیں!

5 x 6 = ____________ مربع سنٹی میٹر

اسی طریقہ سے غزالہ کے آم کے مربعے کے ٹکڑے (آم کی قاشیں) کا رقبہ بھی معلوم کیا جاسکتا ہے۔

غزالہ کے آم کے مربعے کے ٹکڑے کا رقبہ کیا ہے؟

_____ x _____= _________ مربعے




کیا ثمینہ کے آم کے مربعے کے ٹکڑے (آم کی قاشیں) کا رقبہ غزالہ کے آم کے مربعے کے ٹکڑے (آم کی قاشیں) کے رقبہ سے بڑا ہے؟

SCERT TELANGANA

## ڈاک ٹکٹوں سے ڈھانکیے

اس ٹکٹ کا رقبہ '4' مربع سنٹی میٹر ہے۔اندازہ لگایئے کے اس قسم کے مزید کتنے ٹکٹوں سے اس بڑے مستطیل کو ڈھانکا جا سکتا ہے؟




اپنے اندازے کی جانچ کیجیے۔

(a) گلابی رنگ کے مستطیل کے طول پر کتنے ٹکٹوں کو رکھا جا سکتا ہے؟___________

(b) اب ہم گلابی رنگ کے مستطیل کے طول کی پیائش کریں گے۔اسکی لمبائی___________ سنٹی میٹر ہے۔

(c) گلابی رنگ کے مستطیل کے عرض پر کتنے ٹکٹوں کو رکھا جا سکتا ہے؟___________

(d) اب ہم گلابی رنگ کے مستطیل کے عرض کی پیائش کریں گے۔اسکی لمبائی___________ سنٹی میٹر ہے۔

(e) سارے مستطیل کو ڈھانکنے کے لیے کتنے ٹکٹوں کی ضرورت ہوگی؟___________

(f) مستطیل کا رقبہ کتنا ہے؟___________ مربع سنٹی میٹر

(g) مستطیل کا احاطہ کتنا ہے؟___________ سنٹی میٹر

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

## بڑی جگہوں کے رقبے



آپ نے ٹیلر کی دکان میں ایک میٹر کی سلاخ کو دیکھا ہوگا۔ مدرسہ میں بھی مختلف پیمائش کے لیے آپ نے میٹر کی ڈوری کو استعمال کیا ہوگا۔

آپ اپنے کمرہ جماعت میں چاک کی مدد سے 1 میٹر ضلع والا ایک مربع اُتاریئے۔ جیسا کے تصویر میں جمیلہ نے اُتارا ہے۔

اندازہ لگایئے کہ اس وضع کے کتنے مربعوں سے آپ کی کمرہ جماعت کے فرش کو ڈھانکا جاسکتا ہے؟

آپ کی کمرہ جماعت کا رقبہ کیا ہے؟________ مربع میٹر

**کوشش کیجئے**

اگر آپ کو جدول میں درج کی گئی مختلف اشیا کے رقبے معلوم کرنا ہوتو ان کے لیے آپ کونسی اکائی کا انتخاب کریں گے۔ صحیح جواب کے آگے (✓) کا نشان لگایئے۔

| اشیا | مربع سنٹی میٹر | مربع میٹر |
|---|---|---|
| دستی | | |
| ساڑی | | |
| آپکی کتاب کا ورق | | |
| مدرسہ کی زمین | | |


SCERT TELANGANA

# 9 نقشے اور راستے





رخسار اپنی ماں کے ساتھ اپنی دادی سے ملنے ان کے گاؤں گئی۔ اس نے اپنی ماں سے یہ سوال پوچھا۔

رخسار کی ماں نے ذیل کی اشکال بنا کر اس کو دکھایا۔



رخسار: اوپر کے اشکال، گھر کے صرف باہری حصے کو ظاہر کرتے ہیں۔ لیکن میں یہ کیسے جان سکتی ہوں کہ اس گھر میں کتنے کمرے، کتنے دروازے اور کتنی کھڑکیاں ہیں۔

تب رخسار کی ماں ذیل میں دیا گیا نقشہ بناتی ہیں۔




SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

شکل میں، نقشے کا نچلہ حصّہ گھر کے اگلے رُخ (سامنے کے حصّے) کو ظاہر کرتا ہے۔ نقشے میں درخت، دیوار، دروازے، کھڑکیوں اور کمروں کی نشاندہی کی گئی ہے۔

**یہ کیجئے**

نقشے پر غور کیجیے اور جواب دیجیے

- بڑے کمرے میں کتنی کھڑکیاں ہیں؟ ____________
- گھر کے دائیں جانب کتنے درخت ہیں؟ ____________
- چھوٹے کمرہ میں کتنے دروازے ہیں؟ ____________
- دیئے گئے نشان کے آگے اُن کے نام لکھیے؟ ____________




__________ __________ __________ __________

- گھر میں کل کتنے کمرے ہیں؟ ______________

## رخسار کا کمرہ

اب رخسار اپنے کمرے کے فرش کا نقشہ (فلور میاپ) بنانے کا فیصلہ کرتی ہے۔ دیکھئے۔




یہ نقشے "فرش کے نقشے" کہلاتے ہیں

SCERT TELANGANA

## یہ کیجئے

1۔ رخسار کے بنائے گئے نقشے کو دیکھتے ہوئے ذیل میں دی گئی اشیاء کی شکل بنائیے


کرسی پلنگ دروازہ

2۔ آپ کی کمرہ جماعت کا جائزہ لے کر اس کے فرش کا نقشہ تیار کیجیے۔ یہ خیال رکھئے کہ کمرے کا اگلا حصہ کاغذ کے نچلی جانب میں ہو۔ آپ کے فرش کے نقشے میں حسب ذیل اشیا کو نشانات سے ظاہر کیجیے۔

تختہ سیاہ، وہ مقام جہاں ٹیچر کھڑے رہتے ہیں، مقام جہاں بچّے بیٹھتے ہیں، دروازے اور کھڑکیاں۔

## یہ کیجئے

کیا آپ دیئے گئے فرش کے نقشے کو گھر کی مناسبت سے جوڑ سکتے ہیں؟




SCERT TELANGANA



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

## اسکول کے راستہ کا نقشہ

اسکول میں ایک نئے لڑکے ندیم نے داخلہ لیا ہے، وہ پہلی مرتبہ اس اسکول کو آیا ہے۔ وہ اسکول سے گھر کا راستہ نہیں جانتا۔ لہٰذا ٹیچر نے اس کی مدد کے لئے ایک نقشہ اُتار کر اس کو دیا۔




**یہ کیجئے**

خالی جگہوں کو پُر کرتے ہوئے ندیم کو اسکول سے گھر تک کا راستہ بتائیے۔

اسکول سے باہر آکر سڑک پر ______ جانب مڑیئے اور آگے بڑھتے ہوئے


______ جانب مڑکر آگے بڑھتے چلے جائیں، آپ کو ایک کنواں نظر آئے گا وہاں سے

______ جانب مڑیئے۔ تیسرا مکان ندیم کا ہے۔

## یہ کیجئے

شمال

مغرب




مشرق

جنوب

اوپر دیئے گئے نقشے پر غور کیجیے


(a) اگر آپ سینما سپریم سے اسٹار ہوٹل کی طرف جاتے ہیں تو چوہان رسٹورنٹ کس جانب واقع ہوگی؟

(a) سلیم سلور جم کے پاس ہے اس کو جم سے ورشا ہاسپٹل کے ایمرجنسی روم کا راستہ بتائیے۔

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

# 10 یہ کتنا وزن رکھتا ہے؟






عید کے موقع پر رؤف کی ماں 5 کلوگرام لڈّو بنانا چاہتی ہیں۔ وہ اس کے لیے درکار اشیا کی فہرست (ذیل میں دی گئی ہے) رؤف کو دیتی ہے اور اُن اشیا کو خرید کرلانے کے لیے کہتی ہے۔



| | |
|---|---|
| چنے کی دال کا آٹا | 2 کلوگرام |
| شکر | 3 کلوگرام |
| کشمش | 200 گرام |
| کاجو | 150 گرام |
| بادام | 100 گرام |





(a) رؤف کے خریدے جانے والے خشک میوؤں کا جملہ وزن کتنا ہے؟

(b) فہرست میں دی گئی اشیا کو وزن کے اعتبار سے کم سے زیادہ کی ترتیب دیجیے؟

(c) اگر رؤف کی ماں کو 10 کلو لڈّو بنانے ہوں تو بتایئے کہ رؤف کو اسٹور سے ہر شئے' مزید کتنی خرید کرلانی ہوگی؟

## چائے کے شوقین



پروین اپنے والدین کے ساتھ حیدرآباد میں رہتی ہے۔ انھیں چائے پینا پسند ہے۔ ہر دفعہ تینوں کے لیے چائے بنانے کے دوران وہ 3 چمچے پتی استعمال کرتی ہے۔ روزانہ وہ تین دفعہ چائے پیتے ہیں۔ ایک چمچے میں 5 گرام پتی آتی ہے۔



CERT TELANGANA

1۔ یہ خاندان گرما میں 4 دفعہ چائے پیتا ہے۔

(a) گرما کے ایک دن میں وہ کتنے گرام چائے کی پتی استعمال کریں گے؟

(b) وہ گرما کے ایک مہینے میں کتنی چائی کی پتی استعمال کریں گے؟ کیا یہ ایک کلوگرام سے کم ہے یا زیادہ؟

2۔ سرما میں وہ ایک دن میں 6 مرتبہ چائے بناتے ہیں۔

(a) سرما کے ایک دن میں کتنے گرام چائے کی پتی استعمال کریں گے؟

(b) سرما کے ایک ماہ میں وہ کتنی چائے کی پتی استعمال کریں گے؟ کیا یہ ایک کلوگرام سے کم ہے یا زیادہ؟

## یہ کیجئے

1۔ آپ کے قریب میں موجود کرانہ دوکان کو جایئے اور ذیل کی اشیا کو اُٹھا کر ان کے وزن کا اندازہ کیجیے پھر اُن کے اوزان دیکھ کر اپنے اندازہ کی جانچ کیجیے۔

| شئے کا نام | اندازہ کردہ وزن | حقیقی وزن |
|---|---|---|
| صابن | | |
| ٹوتھ پیسٹ | | |
| کپڑے دھونے کے پاؤڈر کا پیاکٹ | | |
| پکوان کے تیل کی پیاکٹ | | |
| نمک کا پیاکٹ | | |
| مسور کی دال کا پیاکٹ | | |


2۔ آپ کے گھر میں، پکوان میں استعمال کے لیے خریدی جانے والی کونسی اشیا گرام میں اور کونسی کلوگرام میں خریدی جاتی ہیں؟ ذیل کے جدول میں لکھیے۔

| گرام میں خریدی جانے والی اشیا | کلوگرام میں خریدی جانے والی اشیا |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |

SCERT TELANGANA

## وحید کی دکان

وحید کی پرانے سامان کی ایک بڑی دکان ہے۔ آج اس نے 45 کلوگرام اخبار، 26 کلوگرام پرانا لوہا اور 8 کلوگرام ناکارہ پلاسٹک حاصل کیا۔



1۔ ذیل کے سوالوں کے جواب دیجیے۔

(a) آج وحید نے جن اشیا کو حاصل کیا، ان کا جملہ وزن کیا ہے؟

(b) وحید نے ایک کلوگرام پرانے اخبار کے لیے 8 ` ادا کئے تب اس نے 45 کلوگرام کے لیے کتنی رقم ادا کی ہوگی؟

(c) وحید نے لوہے کے تمام پرانے سامان کے لیے 520 ` ادا کیے تو بتاؤ کہ اس نے ایک کلوگرام کے لیے کتنی قیمت ادا کی ہوگی؟

(d) اگر وحید نے تمام سامان کے لیے 1000 ` ادا کئے تو بتاؤ کہ اس نے 8 کلوگرام ناکارہ پلاسٹک کی کتنی قیمت دی ہوگی؟ اور ایک کلوگرام ناکارہ پلاسٹک کے لیے کتنی قیمت ادا کی گئی؟

(e) وحید نے ہر ایک سامان کو ان کی قیمت خرید سے 3 ` زائد قیمت پر فروخت کیا۔ تو بتاؤ کہ دن بھر میں وحید کی آمدنی کیا ہوگی؟

SCERT TELANGANA

## اپناوزن معلوم کیجیے



پیمائشی اسکیل کی مدد سے اپنا اور اپنے 4 دوستوں کا وزن معلوم کیجیے اور ذیل کے جدول میں درج کیجیے۔


| نام | وزن |
|---|---|
| | ____ کلوگرام ____ گرام |
| | |
| | |
| | |

کس کا وزن سب سے زیادہ ہے؟ ____________

کس کا وزن سب سے کم ہے؟ ____________

## کرانہ دکان پر

ایک دکاندار کے پاس 170 کلوگرام چنے کی دال، 450 کلوگرام مسور کی دال اور 240 کلوگرام مونگ کی دال کا اسٹاک ہے۔ وہ ان دالوں کو 2 کلوگرام، ایک کلوگرام اور 500 گرام کی پاکٹ بنا کر فروخت کرتا ہے۔



(a) اس نے تمام مسور کی دال کے 2 کلوگرام کے پاکٹ بنائے تو بتاؤ کہ مسور کی دال کے کتنے پاکٹ تیار ہوئے؟

(b) اُس نے 80 کلوگرام چنے کی دال کو ایک کلوگرام کے پاکٹ میں اور 90 کلوگرام کو 500 گرام کے پاکٹ بنائے گئے تو بتاؤ کے اس نے ہر وزن کے کتنے پاکٹ بنائے؟

(c) 80 کلوگرام مونگ کی دال کو 2 کلوگرام کے پاکٹ، 40 کلوگرام کو 1 کلوگرام کے پاکٹ اور 120 کلوگرام کو 500 گرام کے پاکٹ بنائے۔ ہر وزن کے کتنے پاکٹ بنائے گئے؟

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

ایک ٹھوک دکاندار کے ہاں اشیا کی وافر مقدار موجود ہے۔

ایک کنٹل = 100 کلوگرام


ذیل کے جدول کو ہر شئے کے جملہ وزن سے پُر کیجیے۔

| اشیا | تھیلوں کی تعداد | ہر تھیلے کا وزن | جملہ وزن | |
|---|---|---|---|---|
| | | | کلوگرام | کنٹل |
| پیاز | 20 | 40 کلوگرام | | |
| دھان | 18 | 75 کلوگرام | | |
| مسور کی دال | 10 | 70 کلوگرام | | |

## دنیا کے سب سے زیادہ وزنی جانور

آپ کے خیال میں ایک بلّی کا وزن کتنا ہوگا؟ اسی طرح کتے، گائے اور خرگوش کا وزن کیا ہوگا؟

آپ کس جانور کو دنیا کا سب سے بڑا جانور سمجھتے ہیں۔




(a) سونچ کر بتائیے کہ آپ کے اطراف نظر آنے والے کونسے جانور کا وزن آپ کے وزن کے برابر ہوگا؟

(b) اگر آپکی جماعت کے ہر بچے کا وزن 25 Kg ہو تو آپکی جماعت کے تمام طلبا کا مجموعی وزن ہاتھی کے وزن سے زیادہ ہوگا یا کم؟

(c) ہاتھی کا وزن آپ کے وزن کا کتنے گنا ہے؟

(d) ہاتھی کا وزن کتنے کنٹل ہے؟

SCERT TELANGANA

## زیادہ وزن لیجانے والی گاڑیاں



کنٹینر



ٹرک



لاری

## یہ گاڑیاں کتنا وزن لے جاسکتی ہیں؟

(a) ایک لاری 750 کلوگرام وزن منتقل کرسکتی ہے۔اگر ایک کارٹن کا وزن 15 کلوگرام ہے تو ایک لاری میں ایسے کتنے کارٹن منتقل کیے جاسکتے ہیں؟

(b) ایک ٹرک 9000 کلوگرام منتقل کرسکتا ہے۔اسلم اس ٹرک میں 50 کلوگرام وزنی چاول کے تھیلے لادرہا ہے۔اس ٹرک میں ایسے کتنے تھیلے ڈالے جاسکتے ہیں؟

(c) ایک کنٹینرٹرک 20,000 کلوگرام کا وزن منتقل کرسکتا ہے تو بتاؤ کہ 2500 کلوگرام وزنی کتنی کاریں اس کنٹینرٹرک میں منتقل کی جاسکتی ہیں؟

(d) اوپر کے سوال میں دی گئی تفصیلات کے مطابق، بتایے کہ ان میں ہر ایک ٹرک کتنے کنٹل وزن منتقل کرسکتا ہے؟

### مشق

1۔ ایک آم کا وزن 400 گرام، جام کا وزن 200 گرام اور ایک خربوز کا وزن 1 کلو 200 گرام ہے۔ان معلومات کی مدد سے خالی جگہوں کو پر کیجیے۔



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

2 آم کا وزن = ______ جام کا وزن

5 خربوز کا وزن = ______ آم کا وزن

5 آم اور دو جام کا وزن = ______ خربوز کا وزن

2۔ شائستہ نے 3 کلو 500 گرام جلیبی، 2 کلو 250 گرام میسور پاک، 1 کلو 750 گرام بالوشاہی اور 750 گرام گلاب جامن خریدے۔ شائستہ نے جملہ کتنی مٹھائی خریدی؟

3۔ ایک ڈبہ میں 8 کلو 750 گرام سیب ہیں۔ اگر ایسے 12 ڈبے ہوں تو بتاؤ کہ ان سیب کا مجموعی وزن کیا ہوگا؟

4۔ ماہ جون میں ایک اسکول کو دوپہر کے کھانے کے اسکیم کے تحت 6 کنٹل چاول فراہم کیے گیے۔ اس میں سے 475 کلوگرام چاول استعمال ہوا تو بتاؤ کہ کتنا چاول باقی رہے گا؟

5۔ اس ٹرک میں 10,000 کلوگرام وزن کا سامان منتقل کیا جاسکتا ہے۔



تو بتایئے کہ

(a) اس ٹرک میں کتنے کنٹل سامان منتقل کیا جاسکتا ہے؟

(b) اگر اس میں پہلے ہی سے 3650 کلوگرام وزن کا سامان رکھا گیا ہو تو مزید کتنے کلوگرام لا دا جاسکتا ہے اور یہ وزن کتنے کنٹل کے برابر ہوگا؟



SCERT TELANGANA

# 11 کتنے لیٹر؟



ایچوڑہ مِلک کوآپریٹیو سوسائٹی اطراف واکناف کے گاؤں سے دودھ جمع کرتی ہے۔



1 لیٹر =1000 ملی لیٹر
لیٹر کو "L" یا "*l*" لکھا جاتا ہے
ملی لیٹر کو "ML" یا "ml" سے
ظاہر کیا جاتا ہے

پوتا گاؤں کے چار افراد حسب ذیل مقدار میں دودھ مہیا کرتے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| لکشمن | 500ml | 12L |
| جانی | | 9L |
| رام | 800ml | 8L |
| حشمت | 700ml | 10L |

(a) افراد کے نام ان کے دودھ مہیا کرنے کی مقدار کے لحاظ سے گھٹتی ہوئی ترتیب میں لکھئے۔

(b) پوتا گاؤں کے افراد جملہ کتنے لیٹر دودھ مہیا کرتے ہیں۔

(c) اگر کوآپریٹیو سوسائٹی 20 ₹ فی لیٹر کے حساب سے دودھ خریدتی ہے تب رام کو کتنی رقم حاصل ہوگی؟

اشارہ:- 800 ml ایک لیٹر کا کتنا حصہ ہوتا ہے۔

(d) اگر پوتا گاؤں کی طرح مزید 12 گاوں سے بھی مساوی مقدار میں دودھ مہیا کیا جائے تو ایک دن میں کوآپریٹیو سوسائٹی کو حاصل ہونے والی دودھ کی مقدار کیا ہوگی؟


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

## دودھ کی صفائی اور پیا کنگ یونٹ




ملک کوآپریٹیو سوسائٹی کو روزانہ 336L دودھ حاصل ہوتا ہے حاصل شدہ دودھ کو صاف کرنے کے بعد 1 لیٹر، 500 ملی لیٹر، 250 ملی لیٹر کے پیاکٹس تیار کئے جاتے ہیں۔

(a) اگر 110 لیٹر دودھ سے 1 لیٹر کے پیاکٹس تیار کئے جائیں تو بتایئے کہ ایسے کتنے پیاکٹس تیار ہوں گے؟

(b) اگر 90 لیٹر دودھ سے 500 ملی لیٹر کے پیاکٹس تیار کئے جائیں تو بتایئے کہ کتنے پیاکٹس تیار ہوں گے؟
اشارہ:- ایک لیٹر میں کتنے 500ml ہوں گے؟

(c) 100 لیٹر دودھ کے 250 ملی لیٹر دودھ کے پیاکٹس تیار کئے جائیں تو بتایئے کہ کتنے پیاکٹس تیار ہوں گے؟
اشارہ:- ایک لیٹر میں کتنے 250ml ہوں گے؟

(d) کتنے لیٹر دودھ کے پیاکٹس تیار کئے گئے؟

(e) باقی دودھ صفائی اور پیاکٹس کی تیاری کے دوران ضائع ہو گیا۔ تو بتایئے کہ کتنے لیٹر دودھ ضائع ہوا؟

## گھروں تک دودھ کی سربراہی



کوآپریٹیو سوسائٹی دودھ فروخت کرنے کے لئے دودھ فروش لڑکوں کو مقرر کرتی ہے ہر لڑکے کو اس کام کے لئے ₹65 روزانہ کمیشن دیا جاتا ہے۔

1. صابر نے 500 ml کے ۱۲ پیکٹ، 250ml کے 24 پیکٹ اور 1L کے 22 پیکٹ ایک دن میں فروخت کئے۔

(a) بتایئے کہ اس نے ایک دن میں کتنے لیٹر دودھ فروخت کیا؟

2. طاہر 8 لیٹر دودھ کو 500 ملی لیٹر کے پیکٹ میں اور 6 لیٹر دودھ کو 250 ملی لیٹر کے پیاکٹس میں فروخت کرتا ہے۔

(a) بتایئے کہ اُس نے 500 ملی لیٹر کے کتنے پیکٹ فروخت کئے؟

(b) بتایئے کہ اس نے 250 ملی لیٹر کے کتنے پیکٹ فروخت کئے؟



SCERT TELANGANA

## کوشش کیجئے

ایک دودھ فروش لڑکا 250 ملی لیٹر اور 500 ملی لیٹر دودھ کے پیکٹ فروخت کرتا ہے۔ اگر وہ 17 پیکٹ میں 6 لیٹر دودھ فروخت کرتا ہے تب بتائیے کہ اس نے 250 ملی لیٹر اور 500 ملی لیٹر کے کتنے پیکٹ فروخت کئے؟

### گھر کو رنگ کرنا

عامر اپنے گھر کو رنگ کرنا چاہتا ہے اس نے رنگ کی دوکان جا کر پیلا، لال، ہرا اور سفید رنگ خریدا خریدے ہوئے رنگ کی تفصیلات مقدار کے لحاظ سے ذیل کے جدول میں دی گئی ہیں۔










| رنگ | ڈبہ کی گنجائش | ڈبوں کی تعداد | قیمت فی لیٹر |
|---|---|---|---|
| پیلا | 50 ملی لیٹر | 3 | ₹ 400 |
| ہرا | 100 ملی لیٹر | 2 | ₹ 500 |
| سفید | 10 لیٹر | 4 | ₹ 120 |
| لال | 200 ملی لیٹر | 3 | ₹ 500 |




(a) عامر نے جملہ کتنے لیٹر رنگ خریدا؟

(b) ہرے رنگ کے ایک 100 ml ڈبے کی قیمت کیا ہے؟

ہرے رنگ پر عامر نے کتنے روپے خرچ کئے؟

اشارہ:- 100 ملی لیٹر ایک لیٹر کا کتنا حصہ ہوتا ہے؟

(c) لال رنگ کے 200 ملی لیٹر ڈبے کی قیمت کیا ہوگی؟

عامر نے لال رنگ کی خریدی پر کتنے روپے خرچ کئے؟

اشارہ:- 200 ملی لیٹر ایک لیٹر کا کتنا حصہ ہوتا ہے؟

(d) پیلے رنگ کے 50 ملی لیٹر ڈبے کی قیمت کیا ہوگی؟

عامر نے پیلے رنگ پر کتنا خرچ کیا؟

اشارہ:- 50 ملی لیٹر ایک لیٹر کا کتنا حصہ ہوتا ہے؟

(e) 10 لیٹر سفید رنگ کی قیمت کتنی ہوگی؟ عامر نے سفید رنگ پر کتنا خرچ کیا؟


(f) عامر نے رنگ پر جملہ کتنی رقم خرچ کی؟

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

## پیٹرول پمپ

حاجی عبدالغفار پٹرول پمپ شہر محبوب نگر کا ایک معروف ترین پٹرول پمپ ہے۔



پٹرول پمپ پر ایک دن میں ہونے والی پٹرول اور ڈیزل کی فروخت کی تفصیلات ذیل میں دی گئی ہیں۔

| گاڑی | ایندھن | مقدار لیٹرس میں (فی گاڑی) | جملہ ایندھن (لیٹرس میں) |
|---|---|---|---|
| 4 کنٹینر | ڈیزل | 1000 | |
| 4 ٹرک | ڈیزل | 800 | |
| 4 لاری | ڈیزل | 600 | |
| 6 بس | ڈیزل | 300 | |
| 6 کار | پٹرول | 30 | |
| 7 جیپ | ڈیزل | 40 | |

(a) پٹرول پمپ نے اُس دن کتنے لیٹر پٹرول اور ڈیزل فروخت کیا؟

(b) پمپ کی زیر زمین ٹانکی میں اگر صبح 16000 لیٹر ڈیزل موجود تھا تب دن کے اختتام پر اس میں کتنے لیٹر ڈیزل باقی رہے گا؟

(c) اگر پٹرول پمپ کو دوسرے دن صبح میں 16000 لیٹر ڈیزل برقرار رکھنا پڑے تب اس میں مزید کتنے لیٹر ڈیزل بھرنا ہوگا؟



SCERT TELANGANA


## مشق

(1) شربت فروش نے ایک دن 67 گلاس شربت فروخت کئے ۔اگر ایک گلاس میں 250 ملی لیٹر شربت کی گنجائش ہوتب اس نے جملہ کتنے لیٹر شربت فروخت کیا؟ اگر اُس نے 15 گلاس آم کا شربت فروخت کیا تو بتائیے کہ اس نے کتنے لیٹر آم کا شربت فروخت کیا؟

(2) ایک گائے نے صبح 14 لیٹر 500 ملی لیٹر اور شام میں 13 لیٹر 750 ملی لیٹر دودھ دیا۔تو بتائیے کہ اس دن گائے نے کتنا دودھ دیا؟

(3) ایک پیالی میں 50 ملی لیٹر چائے ڈالی جاسکتی ہے تب بتائیے کہ اس طرح کی 12 پیالیوں میں کتنی چائے سمائے گی؟

(4) ایک ٹینکر میں 9000 لیٹر پانی بھرا ہے اگر اسے ہر ایک مقام پر 1500 لیٹر پانی پہنچانا ہے تب وہ کتنے مقامات پر پانی فراہم کر سکے گا؟




(5) سہیل ہر 3 دن میں ایک بار اپنی کار میں 5 لیٹر پھرواتا ہے ایک ماہ میں وہ کتنے لیٹر پٹرول بھروائے گا؟ اگر پٹرول کی قیمت ₹69 فی لیٹر ہوتب وہ ہر ماہ پٹرول پر کتنا خرچ کرتا ہے؟

(6) ایک بس ڈرائیور پٹرول پمپ پر ₹ 2250 ڈیزل کے لئے ادا کرتا ہے، اگر ڈیزل کی قیمت ₹ 50 فی لیٹر ہوتب اس نے کتنے لیٹر ڈیزل خریدا؟


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

# 12 وقت

انجم کے مدرسہ میں یوم اطفال منایا جارہا ہے تمام سرپرستوں کو دعوت نامہ کے ساتھ پروگرام کی تفصیلات بھی دی گئی ہیں۔

**ہم آپ کا استقبال کرتے ہیں**

| پروگرام | وقت |
|---|---|
| استقبال | 9:00 |
| گروپ سانگ | 9:10 |
| ڈرامہ | 9:15 |
| وائیلن | 9:45 |
| سولوسانگ | 9:55 |
| کوئز | 10:00 |
| گروہی رقص | 10:30 |
| JAM (جسٹ اے منٹ) | 10:40 |
| انعامات کی تقسیم | 10:50 |
| قومی ترانہ | 11:10 |
| مہمانِ خصوصی کی روانگی | 11:15 |

**یہ کیجیے**

**دعوت نامہ کو دیکھ کر جواب دیجیے:**

○ گروپ ترانہ ............... بجے شروع ہوگا گروپ ترانہ ................ بجے ختم ہوگا۔

○ گروپ رقص .............. منٹ کا ہے۔

○ سب سے طویل پروگرام ................ ہیں۔

○ مکمل پروگرام کا وقت ............... ہے۔

## صبح 9 بجے یا رات 9 بجے؟



انجم دعوت نامہ اپنے گھر لے گئی

انجم : نانی جان آپ مدرسہ ضرور آئیے پروگرام 9 بجے شروع ہوگا۔

نانی جان : صبح 9 بجے یا رات 9 بجے؟

انجم : مذاق مت کیجیے نانی جان یقیناً صبح 9 بجے۔

بعد میں انجم اپنی نانی جان سے پوچھتی ہے کہ ایک دن میں 9 بجے کا وقت دو دفعہ آتا ہے تب ہم کس طرح ظاہر کرسکتے ہیں کہ صبح کے 9 بجے ہیں یا رات کے؟

SCERT TELANGANA

ماں : ہم .a.m اور .p.m استعمال کرتے ہیں۔


انجم : مجھے کیسے معلوم ہوگا کہ .a.m کب استعمال کرنا ہے اور .p.m کب؟

ماں : اگر وقت دن کے 12 بجے سے پہلے کا ہو تب .a.m اور 12 بجے کے بعد کا ہو تب .p.m استعمال کرتے ہیں۔

انجم ٹھیک طرح سے سمجھ نہیں پائی اس لئے اس کی ماں نے اسے چند سوالات حل کرنے کے لئے دیے۔

## یہ کیجئے

1. خالی جگہوں کو .a.m اور .p.m سے پر کرنے کے لیے انجم کی مدد کیجئے۔



(a) ڈے رنائٹ کرکٹ میچ کا آغاز ....... 1:30 کو ہوگا۔

(b) میں اپنا ہوم ورک شام میں ....... 7:00 بجے کرتی ہوں۔

(c) میں صبح ....... 6:30 کو اُٹھتی ہوں۔

(d) سورج ....... 6:30 کو غروب ہوتا ہے۔

(e) امّی ....... 8:30 کو آفس کے لئے روانہ ہوتی ہیں۔

(f) میرا مدرسہ ....... 9:00 کو شروع ہوتا ہے۔

(g) ہم کو تارے 11:00 ...... کو دکھائی دیتے ہیں۔

(h) دوپہر کے کھانے کا وقت ....... 12:30 ہے۔


## تقریب کی تیاری

دوسرے دن انجم اور دوسرے بچوں نے تقریب کے لیے اشیا کی تیاری شروع کردی۔ اُنھوں نے غور کیا کہ ہر چیز کی تیاری میں کتنا وقت لگے گا؟

دعوت نامہ کو دیکھ کر نظام العمل میں موجود خالی جگہوں کو پر کیجئے۔

| سلسلہ نشان | پروگرام | متعین کردہ وقت | وقفہ |
|---|---|---|---|
| .1 | استقبالیہ | 9:00 - 9:10 | 10 منٹ |
| .2 | گروپ سانگ | 9:10 - 9:15 | 5 منٹ |
| .3 | .................... | .................... | .................... |
| .4 | .................... | .................... | .................... |
| .5 | سولو سانگ | 9:55 - .......... | 5 منٹ |
| .6 | .................... | .................... | .................... |
| .7 | .................... | .................... | .................... |
| .8 | JAM (جسٹ اے منٹ) | 10:40 - 10:50 | 10 منٹ |
| .9 | .................... | | .................... |
| .10 | قومی ترانہ | 11:10 - 11:15 | 5 منٹ |
| | | کل وقت = ................. | ....................منٹ |




کیا 135 منٹ اور 2 گھنٹے 15 منٹ مساوی ہیں۔ آیئے دیکھتے ہیں:

1 گھنٹہ = 60 منٹ

2 گھنٹے = 2 × 60 منٹ

= 120 منٹ

2 گھنٹے 15 منٹ = 120+15 منٹ

= 135 منٹ

SCERT TELANGANA


## یہ کیجئے



1. خالد 6-00 a.m. کو اُٹھتا ہے۔ وہ 5 منٹ اپنے دانت صاف کرتا ہے۔ اس کے بعد نہا کر 20 منٹ میں تیار ہو جاتا ہے۔ وہ 15 منٹ میں ناشتہ کرتا ہے پھر مدرسہ کے لئے روانہ ہو جاتا ہے۔ خالد کتنے بجے اسکول کے لیے روانہ ہوتا ہے؟

...........................................................................

...........................................................................




2. خالد کو مدرسہ پہنچنے کے لئے ایک گھنٹہ 15 منٹ کا وقت لگتا ہے۔ خالد کو مدرسہ پہنچنے کے لئے کتنے منٹ لگتے ہیں۔

...........................................................



3. ریشماں دوپہر میں 90 منٹ آرام کرتی ہے۔
ریشماں......... گھنٹے.......... منٹ آرام کرتی ہے۔

4. خالد 7-00 p.m. سے 8-15 p.m. تک پڑھائی کرتا ہے۔
وہ........... منٹ پڑھائی کرتا ہے۔


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

# تقریب کا دن

انجم نے JAM (جسٹ اے منٹ) پروگرام میں حصہ لیا۔

اس پروگرام میں حصہ لینے والوں کو ایک منٹ تک بغیر رُکے مسلسل بات کرنا ہوتا ہے نہ رُکنا اور نہ دہرانا اس کے اُصول ہیں۔ جو دیر تک مسلسل بات کرتا ہے وہی جیت جاتا ہے۔ اس مقابلہ میں دو ٹیموں نے حصہ لیا ان کے وقت پر نظر ڈالئے۔ جو ذیل کے جدول میں دیے گئے ہیں۔

| ٹیم A | |
|---|---|
| مقابلہ میں حصہ لینے والا | وقت (سکنڈس) |
| لکشمن | 27 |
| روجا | 40 |
| ریکھا | 32 |
| جملہ | .................. سکنڈس |

| ٹیم B | |
|---|---|
| مقابلہ میں حصہ لینے والا | وقت (سکنڈس) |
| انجم | 22 |
| میری | 33 |
| گوپی | 46 |
| جملہ | .................. سکنڈس |




(a) ٹیم A نے ........منٹ ........سکنڈس بات کی۔

(b) ٹیم B نے ........منٹ ........سکنڈس بات کی۔

(c) 2 منٹ میں ........سکنڈس ہوتے ہیں۔

(d) 5 منٹ میں ........سکنڈس ہوتے ہیں۔

(e) 190 سکنڈس ........منٹ اور ........ سکنڈس کے مساوی ہوتے ہیں

## ایک دن میں کتنے گھنٹے ہوتے ہیں؟

ہم جانتے ہیں کہ ایک گھنٹہ میں 60 منٹ اور 1 منٹ میں 60 سکنڈ ہوتے ہیں۔ مگر ایک دن میں کتنے گھنٹے ہوتے ہیں؟ انجم کے روزمرہ کے کام پر نظر ڈالیئے۔

اگر انجم 6.00AM اُٹھتی ہے اور 9PM کو سوتی ہے تب وہ کتنے گھنٹے جاگتی ہے؟ ____________________


اگر انجم 9PM سوتی ہے اور 6AM جاگتی ہے تب وہ کتنے گھنٹے سوتی ہے؟ ____________________

دونوں جواب کو جمع کرنے پر 24 گھنٹے حاصل ہوں گے۔ لہٰذا ایک دن میں 24 گھنٹے ہوتے ہیں۔

SCERT TELANGANA

اب تک ہم نے وقت کو 12 گھنٹوں کی گھڑی کے اعتبار سے ظاہر کرنا سیکھا۔ اب ہم وقت کو 24 گھنٹوں کی گھڑی کے اعتبار سے بھی ظاہر کرنا سیکھیں گے۔ چوں کہ ایک دن میں 24 گھنٹے ہوتے ہیں۔

آیئے! دیکھیں کس طرح؟




## گھنٹے

آپ پہلے ہی سیکھ چکے ہیں کہ دوپہر سے پہلے کے وقت کو ہم a.m. اور دوپہر کے بعد کے وقت کو ہم p.m. سے ظاہر کرتے ہیں۔ 24 گھنٹے کی گھڑی میں ہم اسکو مختلف انداز میں ظاہر کرتے ہیں۔

12 گھنٹوں کی گھڑی میں دوپہر کے بعد ایک گھنٹہ گزرنے پر ہم وقت کو p.m. 1-00 کہتے ہیں۔ جبکہ اسی وقت کو ہم 24 گھنٹوں والی گھڑی میں 13-00 گھنٹے سے ظاہر کرتے ہیں۔

اسی طرح ہم 12 گھنٹوں کی گھڑی میں 3-00 p.m. کو 24 گھنٹوں والی گھڑی میں 15-00 گھنٹے سے ظاہر کرتے ہیں۔ اگر 12 گھنٹوں کی گھڑی میں 5-00 p.m. ہو تو اس 24 گھنٹوں والی گھڑی میں کس طرح ظاہر کریں گے۔

11-00p.m. کو کس طرح ظاہر کرتے ہیں؟

### یہ کیجئے

| وقت (24 گھنٹوں کی گھڑی میں) | وقت (12 گھنٹوں کی گھڑی میں) |
|---|---|
| گھنٹے ______ | 6:00 am |
| گھنٹے ______ | 1:30 pm |
| 16:30 گھنٹے | _____ |
| گھنٹے ________ | 8:00 pm |
| 5:30 گھنٹے | ________ |

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

## کوشش کیجیے

بتایئے کہ ذیل کے جدول میں دیئے گئے کام کے لئے کتنا وقت لگتا ہے؟

| سلسلہ نشان | مشغلہ | گھنٹے | منٹ | سکنڈ |
|---|---|---|---|---|
| .1 | ناشتہ کرنے | $\frac{1}{3}$ گھنٹے | 20 منٹ | 1200 سکنڈ |
| .2 | نہانے | | | |
| .3 | فلم دیکھنے | | | |
| .4 | ہوم ورک کرنے | | | |
| .5 | کتاب کا ایک ورق پڑھنے | | | |
| .6 | 1 سے 50 تک گنتی کرنے | | | |

## اس کے لیے کتنا وقت لگے گا؟

مختلف کام کے لئے درکار وقت مختلف ہوتا ہے۔ جیسے اگر آپ اپنے گھر سے پڑوس کے گھر جاتے ہیں تو 5 منٹ لگتے ہیں لیکن آپ اگر حیدرآباد سے دہلی بذریعہ ٹرین جاتے ہیں تو آپ کو 24 گھنٹوں سے زیادہ وقت لگے گا۔


## سوچئے اور تبادلہ خیال کیجئے

1. آپ کے سر کے بال 5 سنٹی میٹر لمبے ہونے کے لئے کتنا وقت لگے گا؟
2. ایک آم کے بیج کو درخت کی شکل اختیار کرنے اور پھل دینے کے لیے کتنا وقت درکار رہوگا؟

SCERT TELANGANA

## یہ کیجئے

اکھیلا کی پیدائش کا صداقت نامہ دیکھئے



Book No. 2037 Sl. No. 42

GOVERNMENT OF TELANGANA

MUNICIPAL CORPORATION OF HYDERABAD

Form 9

(See Rule 10 & 15)

Government of TS

Department of MCH

CERTIFICATE OF BIRTH

(Issued under Section 12/17 of the Registration of Births and Deaths Act 1969)

This is to certify that the following information has been taken from the original record of birth which is in the register for 1997 (Local Area) of Tehsil ...

of District Hyderabad of State AP

Name K. AKHILA Sex Female

Date of Birth 16-8-1997 Registration No. 2581

Place of Birth ... Date of Registration 21-8-97

Permanent residential address of parents ...

Name of Father K. Rajender Reddy

Name of Mother K. Madhavi

Remarks ...

Date ...

Seal

Signature of Issuing Authority

Sub-Registrar, Births & Deaths, Ward No. 16 Circle No. I, M.C.H.

SCERT TELANGANA


اکھیلا کی تاریخ پیدائش،صداقت نامہ کے مطابق سے 16/08/1997 ہے۔اس کا کیا مطلب ہے؟

مہینے کی تاریخ 16 ہے۔سال کا 8واں مہینہ ہے جو اگست ہے اور 1997 سال ہے۔اس کا مطلب یہ ہے کہ اکھیلا سولہ اگست انیس سو ستیانوے کو پیدا ہوئی۔

## یہ کیجیے

.1 27/11/1997 کو اکھیلا کی عمر کتنے مہینے ہوئی ہوگی؟

.2 ذیل میں عددی خط دیا گیا ہے جو اکھیلا کی تاریخ پیدائش کے سال کے ساتھ ساتھ چند اگلے اور پچھلے سال کو بھی ظاہر کرتا ہے




(a) 2004 میں اس کی عمر کیا ہوگی؟

(b) اس کی عمر 9 سال کب ہوئی ہوگی؟

(c) اکھیلا کا بھائی اس سے 6 سال بڑا ہے۔ تب اس کا بھائی کس سال پیدا ہوا؟

.3 اب آپ اپنی پیدائش سے متعلق معلومات حاصل کیجیے اور ذیل میں دی گئی خالی جگہوں میں تفصیلات درج کیجیے۔

# صداقت نامہ پیدائش

نام :- ..................................................................................

جنس :- ..................................................................................

تاریخ پیدائش :- ..................................................نشان اندراج....................

مقام پیدائش :- ..................................................................................

تاریخ اندراج :- ..................................................................................

والد کا نام :- ..................................................................................

والدہ کا نام :- ..................................................................................

جاری کردہ تاریخ :- ..................................................................................

SCERT TELANGANA

## مشق

.1 حسب ذیل تواریخ کو الفاظ میں لکھئے۔

(a) 26/01/2000 :- ..............................................................

(b) 24/09/2010 :- ..............................................................

(c) 05/02/1999 :- ..............................................................

.2 اعداد کو استعمال کرتے ہوئے ذیل کی تواریخ لکھئے۔

(a) 19/مئی 1978 :- ..............................................................

(b) 14/نومبر 2005 :- ..............................................................

(c) 25/ڈسمبر 2014 :- ..............................................................

.3 کیا ذیل کی تواریخ ممکن ہیں؟ اگر نہیں تو کیوں؟

(a) 33/3/2010 (b) 30/13/2010

.4 ترنم نے 22/فروری 2013 کو ایک غذائی پیاکٹ خریدا۔ جس پر اس طرح تحریر کیا گیا کہ اس کا استعمال تیار شدہ تاریخ سے لے کر 180 دنوں میں کیا جاسکتا ہے۔ اس غذائی پیاکٹ پر تیاری کی تاریخ 31/08/2012 درج ہے۔ کیا ترنم کو یہ پیاکٹ خریدنا چاہیے؟

..............................................................................................

..............................................................................................

..............................................................................................

.5 فرحانہ نے 20/06/2012 کو چند دوائیں خریدیں۔ دواؤں کے پیاکٹس پر درج تھا کہ تیاری کے تین سال کے اندر ان کا استعمال کیا جاسکتا ہے۔ دواؤں کی پیاکٹس پر تیاری کی تاریخ 31/12/2009 درج تھی۔ تو بتایئے کہ خریدی ہوئی دوائیں استعمال کے قابل تھیں یا نہیں؟

..............................................................................................

..............................................................................................

..............................................................................................

SCERT TELANGANA

6. وجئے واڑہ سے مختلف مقامات کو روانہ ہونے والی ٹرین کے نظام الاوقات کو ذیل کے جدول میں 24 گھنٹوں کی گھڑی کے حساب سے دیا گیا ہے۔ان کو 12 گھنٹوں کی گھڑی کے مطابق لکھنے کی کوشش کیجیے۔

| ٹرین | وقت 24 گھنٹوں میں | وقت 12 گھنٹوں میں |
|---|---|---|
| وجئے واڑہ سے وشاکھا پٹنم | 21:00 | |
| وجئے واڑہ سے کاکی ناڈا | 17:30 | |
| وجئے واڑہ سے تروپتی | 19:15 | |
| وجئے واڑہ سے بنگلور | 16:45 | |
| وجئے واڑہ سے دہلی | 06:15 | |
| وجئے واڑہ سے چینائی | 11:45 | |

سوچئے اور تبادلہ خیال کیجئے

اگر 9/ستمبر 2012 کو اتوار ہے تب 9/اکتوبر 2012 اور 9 دسمبر 2012 کو کونسا دن آیا ہوگا؟

SCERT TELANGANA

# 13 کسور




زبیدہ بیگم ایک ضعیف خاتون ہیں۔ان کے پاس زمین کے مساوی رقبہ والے 4 قطعے ہیں ایک قطعہ اپنے لئے رکھ کر باقی تین قطعوں کو انہوں نے اپنے 2 بچوں میں تقسیم کرنا طے کیا،تب ہر بچے کو زمین کا کتنا حصہ ملے گا؟

سوچئے !دی جانے والی زمین میں ہر بچے کو کتنے 'مکمل' قطعے اور کتنے 'نصف' قطعے حاصل ہوں گے؟

زبیدہ بیگم نے زمین کی اس طرح تقسیم کی۔

ہر ایک بچے کو انہوں نے ایک زمین کا قطعہ دیا۔اور تیسرے قطعہ کو دو مساوی حصوں میں تقسیم کر کے اپنے ہر بچے کو دیا۔



اس طرح ہر بچے کو زمین کا ڈیڑھ قطعہ ملا،اس کو اس طرح لکھا جا سکتا ہے۔

$3 \div 2$ ، $\frac{3}{2}$ کے مساوی ہے


زمین کا ڈیڑھ قطعہ $1\frac{1}{2}$ یا $1+\frac{1}{2}=\frac{3}{2}$

اس طرح 2 افراد کے درمیان زمین کے قطعوں کو 3 مساوی حصوں میں تقسیم کریں تو ہر فرد کو $1\frac{1}{2}$ یا $1+\frac{1}{2}$ حصہ ملے گا۔

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے


اگر زبیدہ بیگم کو زمین کے 5 قطعے اپنے 2 بچوں کے درمیان تقسیم کرنے ہوتے تب وہ زمین کو کس طرح تقسیم کرتیں اور ہر بچہ کو زمین کے کتنے قطعے ملتے؟



اس طرح 2 افراد کے درمیان زمین کے 5 مساوی قطعوں کو تقسیم کیا جائے تو ہر شخص کو ____ یا ____ زمین کے قطع حاصل ہوں گے۔

زمین کے قطعے ____ + ____ = $\frac{5}{2}$

اگر زبیدہ بیگم کو زمین کے 7 قطعے تقسیم کرنے ہوتے تب وہ اپنے 2 بچوں کے درمیان کس طرح تقسیم کرتیں؟



اس طرح جب 2 افراد کے درمیان زمین کے 7 قطعے تقسیم ہوں تو ہر شخص کو ____ یا ____ زمین کے قطعے حاصل ہوں گے۔

زمین کے قطعے ____ + ____ = $\frac{7}{2}$


SCERT TELANGANA



اقبال بھی چاہتے ہیں کہ زمین کے 5 مساوی قطعوں کو اپنے 4 بچوں میں تقسیم کریں۔ اقبال کس طرح زمین کے قطعوں کو 4 بچوں میں مساوی تقسیم کریں گے۔

(a) ہر بچے کو زمین کے کتنے مکمل قطعے ملیں گے؟


(b) ہر بچے کو زمین کے کتنے ایک چوتھائی کتنے حصے ملیں گے



(c) جب زمین کے 5 مساوی قطعوں کو 4 افراد کے درمیان تقسیم کریں تو ہر شخص کو ایک قطعہ اور ایک چوتھائی قطعے ملے گا

$\frac{5}{4} = 1 + \frac{1}{4}$ یا $1\frac{1}{4}$

(d) اگر اقبال کو 4 بچوں میں زمین کے قطعے 9 تقسیم کرنا چاہے تو ہر بچہ کو کتنے قطعے ملیں گے؟



جب 4 افراد میں زمین کے 9 قطعے تقسیم کرنا ہو تو ہر فرد کو ________ قطعے ملیں گے۔

زمین کے قطعے ________ یا ___________ + ___________ = $\frac{9}{4}$

SCERT TELANGANA



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے




کیا ہم $1\frac{1}{2}$ کو عددی خط پر ظاہر کر سکتے ہیں!



ہاں یہ 1 اور 2 کے درمیان واقع ہوگا۔ چونکہ یہ 1 سے زیادہ اور 2 سے کم ہے

$1\frac{1}{2}$، 1 سے $\frac{1}{2}$ زیادہ ہے۔ اگر 1 اور 2 کے درمیان جگہ کو 2 مساوی حصوں میں تقسیم کریں تب ہر حصہ $\frac{1}{2}$ کے مساوی ہوگا۔ اس طرح $1\frac{1}{2}$، 1 اور 2 کے ٹھیک درمیان میں واقع ہوگا۔

کیا آپ عددی خط پر $\frac{1}{2}$ ، $2\frac{1}{2}$ اور $3\frac{1}{2}$ کو بتا سکتے ہیں۔




یاد رکھئے $\frac{1}{2}$ ''O'' سے زیادہ، لیکن 1 سے کم ہے

اور یہ بھی یاد رہے کہ $3\frac{1}{2} = 3 + \frac{1}{2}$ اور $2\frac{1}{2} = 2 + \frac{1}{2}$


SCERT TELANGANA

آیئے! اب ہم $1\frac{1}{4}$ کو عددی خط پر ظاہر کریں گے۔










اوپر دیئے ہوئے عددی خط پر کیا آپ $\frac{9}{4}$ اور $\frac{13}{4}$ بتا سکتے ہیں؟

یاد رکھئے $\frac{1}{4}$ ''0'' سے بڑا ہے اور 1 سے چھوٹا ہے

یہ بھی یاد رکھئے کہ $\frac{9}{4} = 2 + \frac{1}{4}$ اور $\frac{13}{4} = 3 + \frac{1}{4}$

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

## کرانہ بل

کرانہ کی دکان میں مختلف اشیاء کی قیمت ظاہر کی گئی ہیں۔

| شئے | قیمت |
|---|---|
| چاول | 30 ` فی کلوگرام |
| گیہوں | 20 ` فی کلوگرام |
| رائی کا تیل | 120 ` فی لیٹر |
| ہلدی | 160 ` فی کلوگرام |
| نمک | 15 ` فی کلوگرام |
| دال | 60 ` فی کلوگرام |
| شکر | 32 ` فی کلوگرام |

(a) فہد نے درج ذیل اشیاء خریدے۔ ہر ایک کے لئے اس کو کتنی رقم دینی ہوگی؟ اس کا کرانہ بل کتنا ہوگا؟

(i) 2 کلوگرام چاول ____________ (ii) $\frac{1}{4}$ کلوگرام ہلدی ____________

(iii) $\frac{1}{2}$ کلوگرام دال ____________ (iv) $2+\frac{1}{2}$ کلوگرام گیہوں ____________

(v) $\frac{1}{2}$ لیٹر رائی کا تیل ____________ (vi) $1+\frac{1}{2}$ کلوگرام شکر ____________


(b) اگر فہد $\frac{1}{2}$ کلوگرام چائے کی پتی، 90 ` میں خریدتا ہے تو ایک کلوگرام چائے کی پتی کی قیمت کیا ہوگی؟

(c) اگر فہد $\frac{1}{4}$ کلوگرام مرچ پاوڈر 40 ` روپے میں خریدتا ہے تب 1 کلوگرام مرچ پاوڈر کی قیمت کیا ہوگی؟

## نسیم نے کتنا کپڑا استعمال کیا

نسیم اپنی بیٹی کے لئے فراک اور بیٹے کے لئے شرٹ سی رہی ہیں۔ انہوں نے ایک میٹر منگل گیری کاٹن کا کپڑا اور ایک میٹر پوچم پلی کاٹن کپڑا خریدا۔ انہوں نے فراک کے لئے منگل گیری کاٹن کپڑے کا $\frac{3}{4}$ حصہ استعمال کیا اور شرٹ کے لئے پوچم پلی کاٹن کے کپڑے کا $\frac{1}{2}$ حصہ استعمال کیا۔

SCERT TELANGANA




(a) نسیم نے کتنے سنٹی میٹر منگل گیری کاٹن کا کپڑا استعمال کیا؟ اور باقی کتنا بچا ہے؟

(b) نسیم نے کتنے سنٹی میٹر پوچم پلی کاٹن کپڑا استعمال کیا؟ اور باقی کتنا بچا؟

## پلڑوں کو متوازن کیجیے

نیچے دیئے گئے کونسے اوزان، پلڑوں کو متوازن رکھیں گے۔




عافیہ کے گھر میں پکوان کا تیل کتنا ہے؟







$\frac{3}{4}$ لیٹر　　$\frac{1}{2}$ لیٹر　　$\frac{1}{4}$ لیٹر


(a) عافیہ کے باورچی خانہ میں کتنے لیٹر پکوان کا تیل ہے۔

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

## آؤاب روٹی تقسیم کریں

اگرایک روٹی 3 افراد میں تقسیم کریں تب ہرفرد کو کتنی روٹی ملے گی۔



ہرفرد کو 3 حصوں میں سے روٹی کا 1 حصہ ملے گا۔ یا ایک تہائی روٹی یا $\frac{1}{3}$ حصہ روٹی اسی طرح، اگرایک روٹی کو 5 افراد میں مساوی تقسیم کریں تب ہرایک کو 5 حصوں میں سے ایک حصہ ملے گا یا روٹی کا پانچواں حصہ یا $\frac{1}{5}$ حصہ روٹی

**یہ کیجیے**

1. اگرایک روٹی کو 6 افراد میں تقسیم کریں تب ہرایک کو روٹی کا کتنا حصہ ملے گا؟
عبارت اور عددی شکل میں ظاہر کیجیے۔


2. اگرایک روٹی کو 8 افراد میں تقسیم کریں تب ہرایک فرد کو روٹی کا کتنا حصہ ملے گا؟
عبارت اور عددی شکل میں ظاہر کیجیے۔

3. اگرایک روٹی کو 10 افراد میں تقسیم کریں تب ہرفرد کو روٹی کا کتنا حصہ ملے گا۔
عبارت اور عددی شکل میں ظاہر کیجیے۔



SCERT TELANGANA

اب 7 روٹیوں کو تین افراد میں تقسیم کیجئے تب ہر ایک کو کتنی روٹیاں ملیں گی؟



(a) کتنی مکمل روٹیاں ملیں گی؟

(b) کتنی ایک تہائی روٹیاں ملیں گی؟

یہ کیجئے

1. جب آپ 11 کو 5 سے تقسیم کریں تو کیا حاصل ہوتا ہے؟

2. جب آپ 13 کو 6 سے تقسیم کریں تو کیا حاصل ہوتا ہے؟

3. جب آپ 9 کو 8 سے تقسیم کریں تو کیا حاصل ہوتا ہے؟

4. جب آپ 12 کو 5 سے تقسیم کریں تو کیا حاصل ہوتا ہے؟


SCERT TELANGANA




یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

آؤ اب ہم عددی خط پر ان اعداد کو ظاہر کریں گے۔

$\frac{1}{3}$ عددی خط پر ظاہر کیجئے۔




$\frac{1}{5}$ عددی خط پر ظاہر کیجئے۔




$\frac{1}{6}$ عددی خط پر ظاہر کیجئے۔




$\frac{1}{8}$ عددی خط پر ظاہر کیجئے۔




$\frac{1}{10}$ عددی خط پر ظاہر کیجئے۔




**یہ کیجئے**

کونسی کسر بڑی ہے؟

(a) $\frac{1}{5}$ یا $\frac{1}{10}$

(b) $\frac{1}{6}$ یا $\frac{1}{5}$

(c) $\frac{1}{8}$ یا $\frac{1}{4}$

SCERT TELANGANA

$\frac{1}{2}, \frac{1}{4}, \frac{2}{4}, \frac{3}{4}, 1\frac{1}{2}, 2\frac{1}{2}, 1\frac{1}{4}, \frac{5}{2}, \frac{9}{4}, \frac{1}{8}, \frac{1}{10}$

وغیرہ جیسے اعداد کو عددی خط پر ظاہر کیا جاسکتا ہے انہیں کسری اعداد یا کسور کہتے ہیں۔ جب کسی شئے یا اشیاء کو مساوی حصوں میں تقسیم کرتے ہیں تب ان حصوں کو کسر میں ظاہر کیا جاتا ہے کسری عدد میں خط کے نیچے ظاہر کردہ عدد کو نسب نما کہتے ہیں۔ جو کسی شئے یا اشیاء کو کتنے مساوی حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے ان کی تعداد کو ظاہر کرتا ہے۔ خط کے اوپر کے عدد کو شمار کنندہ کہتے ہیں اور یہ عدد کسی شئے یا اشیاء کے تقسیم کئے گیے مساوی حصوں سے استعمال شدہ حصوں کی تعداد کو ظاہر کرتا ہے

## کوشش کیجئے

1. رنگین حصوں کو کسر کی شکل میں لکھئے۔ کونسی کسر سب سے بڑی ہے؟ کونسی کسر سب سے چھوٹی ہے؟




حسب ذیل میں کونسی کسر بڑی ہے؟


(a) $2\frac{1}{3}$ یا $2\frac{1}{5}$ (b) $4\frac{1}{8}$ یا $4\frac{1}{4}$ **(c)** $6\frac{1}{7}$ یا $6\frac{1}{9}$


**(e)** $10\frac{1}{2}$ یا $10\frac{1}{4}$ **(e)** $10\frac{1}{2}$ یا $11\frac{1}{2}$

SCERT TELANGANA



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

## الطاف کے مکعب سے کھیلئے





I.



(a) نیلے رنگ کے حصہ کو کسر میں ظاہر کیجئے۔

(b) سبز رنگ کے حصہ کو کسر میں ظاہر کیجئے۔

(c) سرخ رنگ کے حصہ کو کسر میں ظاہر کیجئے۔

(d) زرد رنگ کے حصہ کو کسر میں ظاہر کیجئے۔

(e) کونسی کسر سب سے بڑی ہے اور کونسی کسر سب سے چھوٹی ہے۔

## دوا کی گولیوں کا کتنا پتّہ باقی ہے؟



(a) تحسین نے بخار کے پہلے دن 3 گولیاں لیں۔ اس نے دوا کے پتے میں موجود گولیوں کا کتنا حصہ کھایا؟ اور کتنا حصہ باقی ہے؟_______

(b) دوسرے دن اس نے مزید 2 گولیاں کھائیں اب دوا کے پتے میں موجود گولیوں کا کتنا حصہ باقی ہے؟_______

(c) تیسرے دن اس نے ایک اور گولی لی۔ اب گولیوں کے دوا کے پتے میں موجود گولیوں کا کتنا حصہ باقی ہے؟_______

(d) آخر میں دوا کی گولیوں کے پتے کا کونسا حصہ زیادہ ہے۔ وہ حصہ جس میں گولیاں ہیں یا وہ حصہ جو خالی ہے؟_______

## پھولوں کی کیاریاں




اقبال نے اپنے کھیت میں پھول اُگائے اس نے زمین کو 9 مساوی حصوں میں تقسیم کیا۔

(a) زمین کے بیشتر حصے پر کونسے رنگ کے پھول اُگائے جارہے ہیں؟ وہ مکمل زمین کا کتنا حصہ ہے؟

(b) سفید اور نارنجی رنگ کے پھول زمین کے کتنے حصے پر اُگائے جارہے ہیں؟ کیا یہ حصہ سرخ پھولوں کے حصہ کی زمین سے زیادہ ہے؟

## کس نے زیادہ ہل چلایا؟

ساجد، منیر اور واحد کے پاس مساوی رقبے والے کھیت ہیں۔ انھوں نے اپنے کھیت کو 6 مساوی حصوں میں تقسیم کیا۔ اور غیر مساوی حصوں میں کاشتکاری کی، ذیل کی اشکال میں کاشت کئے ہوئے حصوں کو سایہ دار کیا گیا ہے۔




(a) ساجد نے اپنے کھیت کے کتنے حصے پر کاشت کی؟

(b) منیر نے اپنے کھیت کے کتنے حصے پر کاشت کی؟


(c) واحد نے اپنے کھیت کے کتنے حصے پر کاشت کی؟

(d) کس نے کھیت کے سب سے زیادہ حصہ پر کاشت کی؟

(e) کس نے کھیت کے سب سے کم حصہ پر کاشت کی؟

### یہ کیجئے

نیچے دیئے گئے دائروں کے رنگین حصے کو کسور میں ظاہر کیجئے اور بتایئے کہ کونسی کسر سب سے بڑی اور کونسی کسر سب سے چھوٹی ہے؟




سب سے چھوٹی کسر ____________ سب سے بڑی کسر ____________

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

## صبح 7 بجے سے شام 7 بجے تک

حامد صبح 7 بجے نیند سے جاگتا ہے۔ ذیل میں دی گئی گھڑی یہ بتاتی ہے کہ حامد شام کے 7 بجے تک کیا کرتا ہے۔




(a) حامد ورزش کرنے کے لیے 12 گھنٹوں کا کتنا حصہ صرف کرتا ہے؟


(b) حامد 12 گھنٹوں کا کتنا حصہ مدرسہ میں گزارتا ہے؟

(c) حامد 12 گھنٹوں کا کتنا حصہ کھیلنے اور ہوم ورک کرنے میں مصروف رہتا ہے؟


**یہ کیجئے**

1. ان اشکال کا کتنا حصہ رنگین ہے؟

(a)




(b)




SCERT TELANGANA

(c)




(d)




2. ٹینگرام کے کتنے حصہ کو رنگین کیا گیا ہے؟

(a)




(b)



## یکساں دکھائی دینے والے حصے

3. کتنا حصہ سایہ دار ہے؟



____ ____ ____ ____

اوپر کے اشکال کو دیکھتے ہوئے کیا آپ کہہ سکتے ہیں کہ

$$\frac{1}{2}=\frac{2}{4}=\frac{3}{6}=\frac{4}{8}$$

SCERT TELANGANA

## مشغلہ

ایک کاغذ کا ٹکڑا لیجئے اسے دو مساوی نصف حصوں میں موڑیئے۔ نصف حصے کو رنگ کیجئے۔ اس نصف حصے کو دوبارہ موڑیئے۔ اب کاغذ کے ٹکڑے کو کھولئے۔ اب کاغذ جملہ کتنے حصوں میں تقسیم ہوا؟ اور کاغذ کا کتنا حصہ سایہ دار ہے۔

کیا آپ کہہ سکتے ہیں۔

$$\frac{1}{2} = \frac{2}{4}$$


کاغذ کو 6 حصوں میں موڑنے کی کوشش کریں اب کاغذ جملہ کتنے حصوں میں تقسیم ہوا۔ کاغذ کا کتنا حصہ سایہ دار ہے؟

کاغذ کو 8 حصوں میں موڑنے پر کیا ہوتا ہے؟


## مشق

نیچے دی ہوئی اشکال کو مساوی حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ہر شکل کا کتنا حصہ سایہ دار ہے؟


(a)




(b)



(c)





(d)





SCERT TELANGANA

2. شکل کے نیچے دی گئی کسور کی مناسبت سے اس کے حصوں میں رنگ بھریئے۔

(a)

$\frac{4}{9}$

(b)

$\frac{3}{5}$

(c)

$\frac{5}{6}$

(d)

$\frac{8}{8}$

3. عمران نے 12 کلوگرام آلو خریدے۔ آلو کا $\frac{2}{3}$ حصہ بڑے آلو پر اور $\frac{1}{3}$ حصّہ چھوٹے آلو پر مشتمل تھا کتنے کلوگرام آلو بڑے تھے؟

4. عثمان اپنے گھر سے اسکول تک کا فاصلے کا $\frac{7}{10}$ حصہ سیکل پر طے کرتا ہے۔ باقی حصہ وہ پیدل چلتا ہے۔ تب اُس نے کتنا حصہ پیدل چل کر طے کیا؟

5. ایک دن میں 24 گھنٹے ہوتے ہیں۔ اگر رفیع ایک دن کا $\frac{1}{3}$ حصہ سوتا ہے۔ $\frac{1}{2}$ حصہ پڑھتا اور کام کرتا ہے اور $\frac{1}{6}$ حصہ کھیلتا ہے تب بتایئے کہ وہ ہر کام پر کتنے گھنٹے صرف کرتا ہے؟

6. کان کی بالیوں کا وزن 32 گرام ہے۔ اگر اس وزن کا $\frac{7}{8}$ حصہ چاندی ہو تو کان کی بالیوں میں کتنے گرام چاندی ہے؟

SCERT TELANGANA

7. ایک جماعت میں جملہ 32 طلباء ہیں۔اس تعداد کا $\frac{3}{4}$ حصہ لڑکوں پر مشتمل ہے۔تب بتائیے کہ جماعت میں کتنے لڑکے ہیں؟

8. ریشماں اپنی کتاب کا $\frac{1}{6}$ حصہ صبح پڑھتی ہے۔اور شام میں $\frac{3}{6}$ حصہ پڑھتی ہے۔اس نے کتنا حصہ پڑھا؟ کسر میں لکھئے۔

9. کریم نے اپنے دوستوں کو کیک کا $\frac{2}{5}$ حصہ دیا۔اب اس کے پاس کتنا کیک بچا ہے؟

10. اگر عبداللہ نے درخت کا تین چوتھائی حصہ چڑھا ہو تو اس کو مزید کتنا حصہ چڑھنا باقی ہے؟

11. رحیم نے بازار سے 12 سیب خریدے وہ اور اس کے افراد خاندان نے سیب کا $\frac{5}{12}$ حصہ کھایا اور سیب کا $\frac{3}{12}$ حصہ خراب ہو گیا۔تب باقی بچے سیب کے حصے کو کسر کی شکل میں لکھئے۔

12. ایک چاکلیٹ کا $\frac{2}{5}$ حصہ یاسر کو اور $\frac{3}{5}$ حصہ انجم کو حاصل ہوا۔کس کو چاکلیٹ زیادہ حصہ حاصل ہوا؟

13. رحیم نے اپنی جیب خرچ کا $\frac{3}{4}$ حصہ اتوار کو اور $\frac{1}{4}$ حصہ پیر کو خرچ کیا۔اس نے کس دن زیادہ خرچ کیا؟

14. عالیہ ہفتہ کو اپنے ہوم ورک کا $\frac{7}{12}$ حصہ اور اتوار کو $\frac{3}{12}$ حصہ مکمل کرتی ہے۔

(a) ان دو دنوں میں عالیہ نے اپنے ہوم ورک کا کتنا حصہ مکمل کیا؟

(b) ہوم ورک کا کتنا حصہ ابھی باقی ہے؟


15. گلاب کی کیاری میں 15 پھول کھلے تھے۔شافعہ نے اپنے کمرہ کی سجاوٹ کے لئے ان کا $\frac{1}{5}$ حصہ توڑا، تب بتائیے کہ اس نے کتنے پھول توڑے؟

16. رامو نے بازار سے $\frac{3}{4}$ کلوگرام سیب خریدے، اس نے اپنے بھائی کو $\frac{1}{4}$ کلوگرام سیب دیئے۔تب اس کے پاس سیب کا کتنا حصہ باقی رہے گا؟

SCERT TELANGANA

# 14 اجزائے ضربی اور اضعاف

کوئل کنڈہ گاؤں کے اطراف کئی پہاڑیاں ہیں۔صبا، ناظمہ اور انجم اتوار کے دن ایک پہاڑی پر جانا چاہتے تھے۔ پہاڑی پر چڑھنے کے لیے انہیں 50 سیڑھیاں عبور کرنا ہوگا۔ سیڑھیوں کو عبور کرنے کے دوران صبا ہر دوسری سیڑھی پر، ناظمہ ہر تیسری سیڑھی پر اور انجم ہر چوتھی سیڑھی پر ٹھہرتی ہیں۔




(a) اس طرح صبا ان سیڑھیوں پر ٹھہرتی ہے- 2, 4, ___ ,

___,___,___,___,___,___,___,___,___,___

___,___,___,___,___,___,___,___,___,___,

___,___,___

(b) ناظمہ ان سیڑھیوں پر ٹھہرتی ہے- 3, 6, ___, ___,

___,___,___,___,___,___,___,___

(c) انجم ان سیڑھیوں پر ٹھہرتی ہے- 4, 8, ___,___,

___,___,___,___,___,___,___,___,___,

___,___,___

(d) کونسی سیڑھیوں پر صبا اور ناظمہ دونوں ٹھہرتے ہیں- 6,

___,___,___,___,___,___,___

(e) کونسی سیڑھیوں پر صبا اور انجم دونوں ٹھہرتے ہیں- 4,

___,___,___,___,___,___,___,___,___,

___,___,

(f) کونسی سیڑھیوں پر تینوں ٹھہرتے ہیں- 12, ___,

___,___,

TELANGANA

## اضعاف

آیئے نیچے دیئے گیے جدول میں 2، 5اور 10 سے مکمل تقسیم ہونے والے اعداد کو پہچانیں۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 • | 3 | 4 | 5 × | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 ✓ |
| 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
| 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |
| 31 | 32 | 33 | 34 | 35 | 36 | 37 | 38 | 39 | 40 |
| 41 | 42 | 43 | 44 | 45 | 46 | 47 | 48 | 49 | 50 |
| 51 | 52 | 53 | 54 | 55 | 56 | 57 | 58 | 59 | 60 |
| 61 | 62 | 63 | 64 | 65 | 66 | 67 | 68 | 69 | 70 |
| 71 | 72 | 73 | 74 | 75 | 76 | 77 | 78 | 79 | 80 |
| 81 | 82 | 83 | 84 | 85 | 86 | 87 | 88 | 89 | 90 |
| 91 | 92 | 93 | 94 | 95 | 96 | 97 | 98 | 99 | 100 |

(a) (i) ان اعداد کے پاس '•' کا نشان لگایئے جن کو 2 سے تقسیم کرنے پر باقی نہیں بچتا۔

(ii) اب ان تمام اعداد کو لکھیے۔

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

(iii) ان تمام اعداد میں اکائی کے مقام پر کونسے ہندسے موجود ہیں؟

لہٰذا! ایسے تمام اعداد جو 2 سے مکمل تقسیم ہوتے ہوں اُن کے اکائی کے مقام پر ____، ____، ____، ____ یا ____ ہوں گے۔

اعداد جو 2 سے قابل تقسیم ہوں جفت اعداد کہلاتے ہیں۔

اعداد جو 2 سے قابل تقسیم نہ ہوں طاق اعداد کہلاتے ہیں۔

اعداد جو 2 سے قابل تقسیم ہوں انھیں 2 کے اضعاف کہا جاتا ہے۔

SCERT TELANGANA

(b) (i) ان اعداد کے پاس (×) کا نشان لگایئے جن کو 5 سے تقسیم کرنے پر باقی نہیں بچتا۔

(ii) اب ان تمام اعداد کو لکھیے۔

________________________________________

________________________________________

(iii) ان تمام اعداد میں اکائی کے مقام پر کونسے ہندسے موجود ہیں؟

لہٰذا تمام اعداد جو 5 سے قابل تقسیم ہوں اُن کے اکائی کے مقام پر ____ یا ____ ہوں گے۔

**ایسے تمام اعداد جو 5 سے قابل تقسیم ہوں انھیں 5 کے اضعاف کہا جاتا ہے۔**

(c) (i) ان اعداد کے پاس (✓) کا نشان لگایئے جن کو 10 سے تقسیم کرنے پر باقی نہیں بچتا۔

(ii) اب ان تمام اعداد کو لکھیے۔

________________________________________

________________________________________

(iii) ان تمام اعداد میں اکائی کے مقام پر کونسے ہندسے موجود ہیں؟

لہٰذا تمام اعداد جو 10 سے قابل تقسیم ہوں اُن کے اکائی کے مقام پر 0 ہوگا۔

**ایسے تمام اعداد جو 10 سے قابل تقسیم ہوں انھیں 10 کے اضعاف کہا جاتا ہے**

**کوشش کیجیے**

عدد 10 کے تمام اضعاف 2 اور 5 کے اضعاف ہوں گے۔ کیا یہ بیان صحیح ہے یا غلط؟ کیوں؟

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

## مشغلہ

3 کے اضعاف کو حذف کیجیے۔




چند بچوں کو دائروی شکل میں بیٹھائیے۔ کوئی بھی بچہ 1 کہہ کر گنتی شروع کرے اس کے بازو بیٹھا ہوا بچہ 2 کہے گا اور اگلا بچہ بجائے 3 کے حذف کہے گا۔ چونکہ عدد 3 بھی 3 کا ایک ضعف ہے۔ اس طرح کھیل کو آگے بڑھائیں جہاں بچوں کو ہر 3 کے ضعف پر حذف کہنا ہوگا۔

جو بچہ 3 کے ضعف کی جگہ حذف کہنا بھول جائے وہ اس کھیل سے باہر ہو جائے گا۔ اور آخر کار جو 2 بچے کھیل میں باقی بچے رہتے ہیں اُن کی جیت ہوگی۔

اس کھیل کو 4 اور 5 کے اضعاف کے ساتھ بھی کھیلئے۔

### جوڑیوں میں کھیلنا




دو پانسوں کو ایک ساتھ ہلا کر نیچے ڈالیئے حاصل ہونے والے پانسے کے نشانات کے مطابق ایک 2 ہندسی عدد لکھیے۔

ساجدہ نے 52 کہا اور اکرم نے 25 کہا۔

کیا یہ اعداد نیچے دیئے گئے کسی بھی عدد کے اضعاف ہیں؟


ان اضعاف کو مناسب دائرے میں لکھئے۔




SCERT TELANGANA

## مشترک اضعاف

عدد 3 کے اضعاف کو سُرخ دائرے میں اور عدد 5 کے اضعاف کو نیلے دائرے میں لکھئے ۔ اگر کوئی عدد 3 اور 5 دونوں کا ضعف ہو تو اُس کو زرد حصّے میں لکھیے ۔




(a) اعداد لکھئے جو 3 اور 5 دونوں کے اضعاف ہیں ۔ ______________________

ایسے اعداد 3 اور 5 کے مشترک اضعاف کہلاتے ہیں ۔

(b) 3 اور 5 کا اقل ترین مشترک ضعف کونسا ہے؟ ____________

اب عدد 2 کے اضعاف کو سبز رنگ کے دائرے میں اور عدد 7 کے اضعاف کو جامنی رنگ کے دائرے میں لکھئے ۔ 2 اور 7 دونوں کے مشترک اضعاف کو زرد حصّے میں لکھئے ۔




(a) 2 اور 7 کا اقل ترین مشترک ضعف کونسا ہے؟ ____________

SCERT TELANGANA

## کوشش کیجیے

1۔ عدد 2 کے اضعاف کو نیلے رنگ کے دائرے میں لکھیے 3 کے اضعاف کو سبز دائرے میں اور 4 کے اضعاف کو سرخ دائرے میں لکھیے ۔2 اور 3 کے مشترک اضعاف کو گلابی حصے میں' 3 اور 4 کے مشترک اضعاف کو زرد حصے میں اور، 2 اور 4 کے مشترک اضعاف کو نارنجی حصے میں لکھیے۔



(a) کیا ایسے اعداد موجود ہیں جو 2' 3 اور 4 کے مشترک اضعاف ہیں؟ انھیں کہاں لکھیں گے؟

(b) 2' 3 اور 4 کا اقل ترین مشترک ضعف کونسا ہے

## یہ کیجیے

1۔ ذیل کے کون سے اعداد 2 سے مکمل طور پر قابل تقسیم ہیں؟

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 49 | 64 | 96 | 112 | 153 | 190 | 272 |
| 297 | 308 | 529 | 666 | 780 | 981 | 995 |

SCERT TELANGANA

2۔ ان میں سے کونسے اعداد 5 سے کونسے اعداد 10 سے اور کونسے دونوں سے قابل تقسیم ہیں؟

| عدد | 5 سے قابل تقسیم | 10 سے قابل تقسیم | دونوں سے قابل تقسیم |
|---|---|---|---|
| **5** | | | |
| **65** | | | |
| **120** | | | |
| **175** | | | |
| **335** | | | |
| **400** | | | |
| **585** | | | |

3۔ ذیل میں کونسے اعداد 4 کے اضعاف ہیں؟

44 36 26 14 8 2

کیا 4 کے تمام اضعاف عدد 2 کے بھی اضعاف ہیں؟

4۔ 9 کے کوئی 5 اضعاف لکھئے؟

5۔ 6 کے کوئی 5 اضعاف لکھئے؟


6۔ ذیل کا جدول مکمل کیجئے۔ اور معلوم کیجیے کے کیا عدد 6 کے تمام اضعاف عدد 2 اور عدد 3 کے بھی اضعاف ہیں؟

| عدد | 2 سے قابل تقسیم | 3 سے قابل تقسیم | 6 سے قابل تقسیم |
|---|---|---|---|
| **9** | | | |
| **14** | | | |
| **18** | | | |
| **24** | | | |
| **22** | | | |
| **36** | | | |
| **44** | | | |
| **27** | | | |
| **33** | | | |

SCERT TELANGANA

## اجزائے ضربی

ٹیچر: عدد 12 کو دو اعداد کے حاصل ضرب میں لکھئے۔




ٹیچر: جب 3 اور 4 کو ضرب دیتے ہیں تو 12 حاصل ہوتا ہے۔ لہٰذا 12، 3 اور 4 کا ضعف ہے۔ اسی طرح عدد 12، 2 اور 6 کا بھی ضعف ہے اور 1، 12 کا بھی ضعف ہے۔ لہٰذا 1، 2، 3، 4، 6 اور 12، 12 کے اجزائے ضربی کہلاتے ہیں۔

1۔ اب 18 کے اجزائے ضربی معلوم کیجئے۔ [اشارہ: اس کے 6 اجزائے ضربی ہیں]

دیئے گئے جدول میں آپ تمام اعداد کے جز ضربی معلوم کر سکتے ہیں۔ اس میں 12 اور 18 کے جز ضربی دیئے گئے ہیں۔ اب اس ضربی جدول کو مکمل کیجیے اور بتلائیے کہ

| × | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | | | | | | | | | | |
| 2 | | | | | | 12 | | | 18 | |
| 3 | | | | 12 | | 18 | | | | |
| 4 | | | 12 | | | | | | | |
| 5 | | | | | | | | | | |
| 6 | | 12 | 18 | | | | | | | |
| 7 | | | | | | | | | | |
| 8 | | | | | | | | | | |
| 9 | | 18 | | | | | | | | |
| 10 | | | | | | | | | | |

(a) 20 کے اجزائے ضربی کیا ہیں؟

(b) 36 کے اجزائے ضربی کیا ہیں؟

(c) 15 کے اجزائے ضربی کیا ہیں؟

(d) 7 کے اجزائے ضربی کیا ہیں؟

(e) صرف ایک جز ضربی رکھنے والا عدد کونسا ہے؟

(f) کن اعداد کے اجزائے ضربی صرف دو ہیں؟

(g) کونسا عدد ہر عدد کا جز ضربی ہے؟

SCERT TELANGANA

## مشق

1۔ دیئے گئے اعداد میں کونسے اعداد طاق ہیں اور کونسے جفت؟

289, 354, 610, 325, 47, 70, 65, 18, 23,

999, 807, 724, 553, 400, 431, 169, 842,

2۔ 5 سے قابل تقسیم اعداد پر دائرہ بنائیے؟

10, 25, 70, 52, 45, 68, 94, 85, 100, 71, 20, 58

43, 235, 400, 353, 255, 91, 78, 420, 32, 99

اوپر دیے گئے اعداد میں کونسے اعداد 10 سے بھی قابل تقسیم ہیں۔

3۔ 5 اور 4 کے پہلے 10 اضعاف لکھئے۔

(a) 5 کے اضعاف: ______, ______, ______, ______, ______, ______, ______, ______, ______, ______

(b) 4 کے اضعاف: ______, ______, ______, ______, ______, ______, ______, ______, ______, ______

(c) 4 اور 5 کے مشترک اضعاف: ______, ______

4۔ ذیل میں دیئے گئے اعداد کے اجزائے ضربی لکھئے۔

(a) 14 (b) 24 (c) 16 (d) 42

5۔ (a) 3 کے، پہلے 6 اضعاف لکھئے۔

(b) 9 کے، پہلے 6 اضعاف لکھئے۔

(c) کیا 3 کے تمام اضعاف 9 کے بھی اضعاف ہیں؟

(d) کیا 9 کے تمام اضعاف 3 کے بھی اضعاف ہیں؟

6۔ (a) 12 کے، پہلے 6 اضعاف لکھئے۔

(b) 4 کے، پہلے 9 اضعاف لکھئے۔

(c) کیا 4 کے تمام اضعاف 12 کے بھی اضعاف ہیں؟

(d) کیا 12 کے تمام اضعاف 4 کے بھی اضعاف ہیں؟

SCERT TELANGANA

7۔ کیا 10 سے قابل تقسیم تمام اعداد، 2 اور 5 سے بھی قابل تقسیم ہیں۔

| عدد | 2 سے قابل تقسیم | 5 سے قابل تقسیم |
|---|---|---|
| 10 | | |
| 20 | | |
| 30 | | |
| 40 | | |
| 50 | | |
| 150 | | |
| 210 | | |

اس فہرست کو اپنے پسند کے اعداد سے بڑھایئے اور جانچئے

8۔ ٹیچر نے ریشماں اور زرینہ کو مساوی طول والے ربّن دیے۔ زرینہ نے اس ربّن میں، 5 انچ کے اور ریشماں نے 7، انچ کے ٹکڑے کیے، ایسا کرنے کے بعد ان دونوں کے پاس ربّن کا کچھ بھی حصہ باقی نہیں بچتا۔ ربّن کا وہ کم سے کم طول کیا ہے جو ٹیچر ان لڑکیوں کو دے سکتے ہیں؟

9۔ ایک جماعت میں 20 لڑکے اور 30 لڑکیاں ہیں۔ ٹیچر اس جماعت کو ایسے مساوی گروہوں ( گروپ ) میں تقسیم کرنا چاہتی ہیں کہ ہر گروہ میں مساوی لڑکے اور لڑکیاں ہوں۔ ٹیچر اس طرح کے زیادہ سے زیادہ کتنے گروہ بنا سکتی ہیں؟

10۔ ایک ٹرک 100 کلوگرام وزن کے 12 تھیلے بہ یک وقت لے جا سکتا ہے اور دوسرا ٹرک 100 کلوگرام وزن کے 15 تھیلے بہ یک وقت لے جا سکتا ہے۔ اگر کسی دن دونوں ٹرک مساوی تعداد میں تھیلے لے جاتے ہوں تو بتایئے کہ ہر ٹرک میں اس دن، تھیلوں کی کم سے کم تعداد کیا ہوگی؟

11۔ ایک دوکان میں 3 گھڑیاں ہیں۔ ایک گھڑی ہر 5 منٹ میں ایک دفعہ اور دوسری گھڑی ہر 15 منٹ میں ایک دفعہ اور تیسری گھڑی ہر 30 منٹ میں ایک دفعہ بجتی ہے۔ اگر تینوں گھڑیاں 10 بجے ایک ساتھ بجتی ہیں تو اگلی مرتبہ تینوں ایک ساتھ کب بجیں گی؟

SCERT TELANGANA

# 15 تشاکل

## آئینہ کبھی جھوٹ نہیں بولتا؟



رادھا 6:15 بجے جانا چاہتی ہے۔

رادھا: مجھے صرف 5 منٹ میں تیار ہوجانا چاہیے

مگر رادھا کا خیال غلط نکلا کیونکہ اس کے پاس 25 منٹ ہیں۔ رادھا کو یہ اُلجھن کیوں ہوئی ؟




رادھا نے جلد ہی اپنی غلطی کو محسوس کرلیا۔ اتنے میں سنتوش وہاں آگیا۔ اس نے سونچا کیوں نہ سنتوش کا امتحان لیا جائے۔ رادھا نے دو حرف آئینے میں دکھا کر سنتوش کو پہچاننے کے لیے کہا۔




### یہ کیجیے

یہاں چند حروف دیئے گیے ہیں۔ ان میں ان حروف کی نشاندہی کیجیے جو آئینے میں الگ دکھائی دیتے ہیں۔


B Z Q V


A F H

SCERT TELANGANA




یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے




رادھا نے کاغذ پر چند حروف لکھی (جیسا کہ تصویر میں دکھایا گیا ہے) اور پھر وہ اس کاغذ کو درمیان سے موڑ کر کھولتی ہے۔


رادھا: جب میں نے کاغذ کو درمیان سے موڑا تو حروف کے بائیں جانب کا آدھا حصہ اس کے دائیں جانب کے آدھے حصّے کو ڈھانک لیا یہ حروف متشاکل ہیں کیونکہ ان کا آدھا حصّہ دوسرے آدھے حصّے کو مکمل طور پر ڈھانکتا ہے۔ یہ حروف آئینے میں ایک ہی طرح نظر آئیں گے۔



## مشغلہ

### آدھے حصّے کو رنگ کیجیے۔ مکمل دیکھئے

ایک کاغذ کا ٹکڑا لیجیے اور اس کو درمیان سے موڑیئے تتلی کی آدھی شکل اُتاریئے جیسا کہ بتایا گیا ہے۔




اس مڑے ہوئے حصّے کو آئینے کی پٹی پر رکھئے؟ بتایئے کہ آپ نے کیا مشاہدہ کیا؟

SCERT TELANGANA

## کوشش کیجئے

خط پر آئینہ رکھیے اور مکمل تصویر حاصل کیجیے







## یہ کیجئے

ان تصویروں کو مکمل کیجیے۔

(a)


(b)


(c)


(d)


(e)



SCERT TELANGANA


## خطوط جو مساوی نصف حصوں میں تقسیم کرتے ہیں


حروف H، I، K اور D پر اس طرح خطوط کھینچئے کہ ایک دوسرے کو ڈھانکنے والے نصف حصے حاصل ہوں۔

رادھا : میں نے D کو اس طرح تقسیم کیا

سنتوش: میں نے K کو اس طرح تقسیم کیا








سنتوش: H، اور I کو ایک سے زائد طریقوں سے مساوی نصف میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

حروف H، I، K اور D تشاکل حروف ہیں۔ سنتوش اور رادھا نے ان حروف پر جو خطوط کھینچے ہیں وہ **تشاکلی خطوط** کہلاتے ہیں۔


**یہ کیجئے**

1۔ دیکھئے! کیا سنتوش اور رادھا کے کھینچے گئے خطوط، تشاکلی خطوط ہیں۔ اگر وہ خطوط تشاکل نہیں ہیں تب (×) کا نشان لگائیے۔
اس بات کا بھی یقین کر لیجئے کہ ان کے رنگ بھی مشابہہ ہوں۔



SCERT TELANGANA

1۔ دی گئی شکلوں کے لیے خط تشاکل کھینچے۔ اُن اشکال کے آگے (×) کا نشان لگائیے جو خط تشاکل نہ رکھتی ہو۔




SCERT TELANGANA

### یہ کیجئے

1۔ حرف X کے لیے دو خطوط تشاکل کھینچئے۔ اس طرح کہ اس کے دونوں نصف ایک دوسرے کو ڈھانکیں یعنی ایک دوسرے پر منطبق ہوجائیں۔

X

### مشغلہ


## کاغذ کی تراش سے متشاکل شکلیں

ایک کاغذ لیجیے اور اسکو موڑیئے

تصویر میں بتائے گئے طریقے کے مطابق اس کو تراشئے۔

اسے کھولیے اور ڈیزائن کا مشاہدہ کیجیے۔

کیا اس کا ایک نصف حصّہ دوسرے نصف حصّے کو چھپاتا ہے؟





یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

## آدھا یا اس سے کم گھمانا




6 کو ہم دو طریقوں سے گھما سکتے ہیں۔

ہم اس کو گھڑی کے کانٹوں کی طرح گھما سکتے ہیں یا مخالف سمت میں بھی گھما سکتے ہیں۔




دونوں طریقوں سے مکمل گھمانے پر 6 ہی حاصل ہوگا۔ دونوں سمتوں میں نصف گھمانے پر 9 حاصل ہوگا۔


**کوشش کیجئے**

1۔ ذیل میں کونسے ہندسے ہیں جن کو آدھا گھمانے پر وہی ہندسے حاصل ہوتے ہیں۔

5 3 8 0 1


**یہ کیجئے**

تصویروں کو دیکھئے۔ ان کو $\left[\frac{1}{2}\right]$ نصف گھمانے پر یہ کیسے دکھائی دیں گے اتاریئے۔




SCERT TELANGANA

2۔ ان تصویروں کو $\left[\frac{1}{2}\right]$ نصف گھمانے پر یہ کیسے دکھائی دیں گی؟ صحیح جواب پر (✓) کا نشان لگایئے۔




3۔ اگر ہم N کو $\frac{1}{2}$ نصف گھمائیں تو N ہی حاصل ہوگا۔ مزید 3 انگریزی کے حرف لکھئے جن کو $\frac{1}{2}$ گھمانے پر وہی حاصل ہوں۔

## ایک چوتھائی $\left[\frac{1}{4}\right]$ گھمایئے



شکل دیکھئے I نصف کا $\frac{1}{2}$ گھمایا ہوا ہے۔

اس لیے ہم کہہ سکتے ہیں کہ یہ ایک چوتھائی $\frac{1}{4}$ گھمایا گیا ہے۔

چند مزید ایک چوتھائی گردشوں کا مشاہدہ کیجیے۔





غور کیجیے! یہ سب کو مخالف سمت ساعت گھمایا گیا ہے۔ اگر ان کو سمت ساعت میں ایک چوتھائی $\frac{1}{4}$ گھمایا جائے تو یہ کیسے دکھائی دیں گے؟

SCERT TELANGANA


## کوشش کیجئے

1۔ چند شکلیں دی گئی ہیں۔ ($\frac{1}{2}$) نصف موڑنے پر اور ($\frac{1}{4}$) ایک چوتھائی موڑنے پر یہ کیسے دکھائی دیں گی، اتاریئے۔

| | ($\frac{1}{2}$) حصہ موڑنے پر | ($\frac{1}{4}$) حصہ موڑنے پر |
|---|---|---|
| **(a)**  | | |
| **(b)**  | | |
| **(c)**  | | |
| **(d)**  | | |


2۔ ذیل میں چند شکلیں دی گئی ہیں۔ ہر شکل کے آگے، دو شکلیں ہیں جن کے آگے یہ نشان لگا ناھیکہ کونسی شکل دی گئی شکل کو نصف $\frac{1}{2}$ گردش دینے پر نظر آئے گی اور کونسی شکل ایک چوتھائی $\frac{1}{4}$ گردش دینے پر نظر آئے گی۔ بتلایے کہ کونسی شکلیں $\frac{1}{4}$ گردش پر یکساں نظر آتی ہیں اور کونسی $\frac{1}{2}$ گردش پر یکساں نظر آتی ہیں؟

(a)




SCERT TELANGANA


(b)




(c)




(d)




(e)




(f)



(g)



(h)



SCERT TELANGANA

# 16 نمونے




ایک دن ساجدہ اور سلیم مارکٹ گئے۔

اُنہوں نے چند ساڑیاں دیکھیں، ساڑیوں پر بہت خوبصورت باڈر اور دلکش نمونے بنے ہوئے تھے۔

آیئے! اب ہم چند باڈر کے نمونوں کا مشاہدہ کریں گے۔

یہ نمونہ  مسلسل دہرایا جارہا ہے



یہاں  اور یہ  متبادل دہرائے جارہے ہے۔



## یہ کیجئے

1. باڈر کے نمونے کو بڑھایئے اور اس کے اُصول کو بیان کیجئے۔

(a) 

(b) 

SCERT TELANGANA


دیے گئے ان ،  اور  ۔نمونوں کے استعمال سے مزید نمونے بنائیے۔آپ ایک ہی نقش میں ایک، دو یا تین نمونوں کو استعمال کر سکتے ہیں۔

SCERT TELANGANA

## مشغلہ

### کاغذ کی بنی لڑیاں


کاغذ کی ایک پتلی لمبی پٹی لیجیے۔



اس کو پنکھے کی طرح موڑ لیجیے۔

موڑے ہوئے کاغذ پر گڑیا اُتاریئے جس طرح شکل میں بتایا گیا ہے۔

اسے گہرے خطوط پر کاٹ دیجیے۔ اب اس کو کھولیئے اور مشاہدہ کیجیے۔





دوسرے اشکال کے ساتھ اسی طرح کاغذ کی لڑی بنانے کی کوشش کیجیے۔

### نمونوں کو گھمایئے اور دہرایئے

اب ہم کچھ اور نمونوں کے بارے میں سیکھیں گے۔

ذیل کے نمونوں کو آگے بڑھایئے اور بڑھانے کے اُصول لکھیے۔

(a) 

(b) 


## یہ کیجیے

1. انہی بلاک کو استعمال کرتے ہوئے دو مزید نمونے بنایئے۔

SCERT TELANGANA

ان نمونوں پر غور کیجئے





اس نمونہ کو کس طرح وسعت دیں گے۔ اگر آپ غور کریں تو پتہ چلتا ہے کہ یہ پتے ایک دور مکمل کرتے ہیں۔ اس شکل کو دیکھ کر ہم سمجھ سکتے ہیں کہ پتے کا ہر گھماؤ مکمل دور کا $\frac{1}{4}$ حصہ ہوگا۔


ان پتوں کو دیکھئے جو ہر وقفہ $\frac{1}{2}$ گھماؤ مکمل کرتے ہیں۔




اس نمونہ کو آگے بڑھائیے اور نشاندہی کیجئے کہ اوپر اور نیچے کے ان دو نمونوں میں کیا فرق ہے۔



اس نمونہ کو دیکھئے۔



یہاں دیئے گئے نمونے میں پتہ $\frac{1}{4}$ سے بھی کم گھمایا ہوا ہے۔



اشکال پر غور کرتے ہوئے پتوں کے گھومنے کے عمل کو بہتر طور پر سمجھئے۔
ہر ایک گھماؤ مکمل دائروی گھماؤ کا $\frac{1}{8}$ حصّہ ہے۔

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

## یہ کیجیے

1. ذیل میں دیئے گئے نمونوں کو دیکھئے اور اس بلاک پر نشان لگائیے جو آگے آئے گا اور ہر دفعہ نمونہ کے گھماؤ کو پہچانیے اور لکھیے

(a)



(b)





(c)



(d)




(e)



(f)



SCERT TELANGANA

## عددی نمونے







اس نمونہ کے مطابق اگلی شکل بنایئے۔ ان نمونوں کو تیلیوں کی تعداد کی مناسبت سے ظاہر کیجیے۔ 3، 4، ________

عائشہ نے دو مزید نمونے تیار کئے۔

(a)

(b)






ہم عائشہ کے بنائے گئے نمونوں کو اس طرح لکھ سکتے ہیں۔

(a) 2 2+2=4 4+2= 6 6+2=8 ……

(b) 1 1+2=3 3+2=5 5+2=7 ……


اس طرح اعداد کے سلسلے کو استعمال کرتے ہوئے مختلف نمونے بنائے جاتے ہیں اور قاعدہ کے اعتبار سے انھیں آگے بڑھایا جا سکتا ہے۔


### یہ کیجئے

1. ذیل میں دیئے گئے اعداد کے سلسلہ کو غور سے دیکھئے۔

5 10 15 20 25 .........

کون صحیح ہے؟




SCERT TELANGANA

2. کیا آپ اس سلسلہ کو دونوں جانب وسعت دے سکتے ہیں۔

(a) ____ ____ _____ 125 130 135 ____ ____ ____ ____

(b) ____ ____ 30 40 50 ____ ____ ____ ____ ____

(c) ____ ____ 120 110 ____ ____ ____ 70 ____

(d) ____ ____ 600 700 ___ ___ ___ ___

3. اس نمونہ کو آگے وسعت دیجیے اور اسی کے اُصول کی بنیاد پر ایک اور نمونہ بنائیے

(a) 40, 35, 30, ______, ______, ______

آپ کا نمونہ ______, ______, ______, ______, ______

(b) 11, 16, 21, ______, ______, ______

آپ کا نمونہ ______, ______, ______, ______, ______

(c) 15, 30, 45, ______, ______, ______

آپ کا نمونہ ______, ______, ______, ______, ______

(d) 33, 36, 39, ______, ______, ______

آپ کا نمونہ ______, ______, ______, ______, ______

(e) 1, 5, 9, 14 ______, ______, ______

آپ کا نمونہ ______, ______, ______, ______, ______

(f) 82, 76, 70, 64 ______, ______, ______

آپ کا نمونہ ______, ______, ______, ______, ______

(g) 91, 84, 77 ______, ______, ______

آپ کا نمونہ ______, ______, ______, ______, ______

(h) 123, 112, 101, 90 ______, ______, ______

آپ کا نمونہ ______, ______, ______, ______, ______

SCERT TELANGANA

شاکرہ نے  مثلث کو استعمال کرتے ہوئے مزید بڑے مثلثات بنائے



ہم اس اُصول کو عددی سلسلے کی طرح بھی لکھ سکتے ہیں۔

1 $\quad$ 1 + 2 = 3 $\quad$ 1 + 2 + 3 = 6 $\quad$ 1 + 2 + 3 + 4 = 10

(a) اس سلسلہ میں اگلے اعداد لکھئے ____________________


ہم نے مثلث کی شکل بنانے کے لیے متصلہ اعداد کو اس طرح جمع کیا، فرض کیجئے کہ ہم نے صرف طاق اعداد کو جمع کیا ہے۔

1

1+3 = 4

1+3+5 = 9

1+3 + 5 + 7 = 16



شاکرہ نے نقاط کے استعمال سے اعداد کو ترتیب دینے کی کوشش کی اور اس نے یہ حاصل کیا۔

فرح نے محسوس کیا کہ وہ اعداد کے نمونوں 1, 4, 9, 16 کے اُصول پر بھی لکھ سکتی ہے۔

1 = 1 x 1

4 = 2 x 2

9 = 3 x 3

16 = 4 x 4

(b) اوپر دئے ہوئے اعداد کے نمونہ پر اگلے تین اعداد لکھئے ____________________



SCERT TELANGANA

## عمر پہچانئے

(a) اپنے دوست سے کہئے کہ وہ اپنی عمر لکھے اور اس میں 5 جمع کرے اس مجموعہ کو 2 سے ضرب دے کر ماحاصل جمع سے 10 تفریق کرے اور آخر میں حاصل ہونے والے عدد کو 2 سے تقسیم کرے۔ حاصل ہونے والا نتیجہ کیا ہوگا

کیا آپ کے دوست حیرت زدہ ہیں؟

(b) اپنی عمر لکھئے ____________

7 سے ضرب دیجئے ____________

حاصل جواب کو 13 سے ضرب دیجئے ____________

حاصل نتیجہ کو دوبارہ 11 سے ضرب دیجئے ____________

حاصل شدہ آخری جواب پر غور کیجئے اس عدد سے کیا آپ کو اپنی عمر معلوم ہوئی یہ عدد آپ کی عمر سے کتنے گنا زیادہ ہے۔ اعداد کا یہ کھیل اپنے دیگر دوستوں کے ساتھ کھیلئے۔

## چند اور کھیل

(c) ایک عدد لیجئے

اسے دگنا کیجئے

جواب کو 5 سے ضرب دیجئے اور نتیجہ کو 10 سے تقسیم کیجئے

سوچئے تو بھلا ایسا کیوں ہو رہا ہے؟

(d) ایک عدد لیجئے

اسے دگنا کیجئے

پھر دگنا کیجئے

اپنے جواب میں وہ عدد جمع کیجئے جو آپ نے سب سے پہلے لیا تھا

پھر اس کو دگنا کیجئے

اب 10 سے تقسیم کیجئے

سوچئے تو بھلا ایسا کیوں ہو رہا ہے؟

SCERT TELANGANA

(e) کوئی دو ہندسی عدد لیجئے جس کے ہندسے مختلف ہوں جیسے 27 اب ان ہندسوں کی ترتیب کو الٹ دیجئے، یعنی یہ عدد 72 ہوگا۔

چھوٹے عدد کو بڑے عدد سے تفریق کیجئے $72 - 27 = 45$

کیا یہ عدد 9 کا ضریب ہے؟

حاصل تفریق کو اُلٹ دیجئے یعنی 54 حاصل ہوگا۔ ان دونوں کو جمع کیجئے $45 + 54 = 99$

کیا یہ عدد 11 سے قابل تقسیم ہے؟

چند اور دو ہندسی اعداد سے یہی کھیل کھیلئے اور جانچئے کہ کیا آپ ایک ہی نتیجہ پر پہنچتے ہیں۔

## شاکرہ 9 کا پہاڑا یاد کر رہی تھی


$9 \times 1 = 09$

$9 \times 2 = 18$

$9 \times 3 = 27$

$9 \times 4 = 36$

$9 \times 5 = 45$




کیا فرح کا مشاہدہ صحیح ہے؟

$9 \times 6 = 54 \quad 9 \times 7 = 63 \quad 9 \times 8 = 72 \quad 9 \times 9 = 81 \quad 9 \times 10 = 90$

شاکرہ: $9 \times 11 = 99$ کے بارے میں کیا کہیں گے؟ میں نہیں سمجھتی کہ یہ طریقہ آپ کے بتائے گئے اصول کے مطابق ہے۔

9 کے تمام اضعاف کے اصول کو معلوم کرنے میں فرح کی مدد کیجئے

فرض کرو کہ 9 کے اضعاف کے انفرادی ہندسوں کو جمع کیا گیا ہے۔

18 $1+8=9$ 27 $2+7=9$

36 $3+6=9$ 45 $4+5=9$

قاعدہ: 9 کے اضعاف کے انفرادی ہندسوں کو جمع کرنے پر ہمیں 9 حاصل ہوگا۔ 9 کے دیگر اضعاف پر بھی اس قاعدے کو آزمائیے۔

$9 \times 6 = 54 \qquad 9 \times 7 = 63 \qquad 9 \times 8 = 72$ ..........................

$9 \times 11 = 99$ کے لئے بھی کیا یہی قاعدہ برقرار رہے گا؟ اس دفعہ بھی قاعدہ غلط نہیں ہے۔

$9 + 9 = 18 \qquad 1 + 8 = 9$

SCERT TELANGANA

## یہ کیجیے

(1) 9 کے اضعاف پر دائرہ کھینچیے۔

927 988 621 360 432 775 666 556 889 243

(2) کوئی بھی ایک 3 ہندسی عدد لکھیے جو 9 ذو اضعف ہو

(3) کوئی بھی ایک 4 ہندسی عدد لکھیے جو 9 ذو اضعف ہو

(4) کوئی بھی ایک 5 ہندسی عدد لکھیے جو 9 ذو اضعف ہو

## جادوئی مربع

دیے گئے گرڈ پر غور کیجیے۔

| | | |
|---|---|---|
| 6 | 1 | 8 |
| 7 | 5 | 3 |
| 2 | 9 | 4 |

(a) پہلی صف کے اعداد کو جمع کیجیے۔ہمیں ______ = 6 + 1 + 8 حاصل ہوگا۔

(b) آخری صف میں موجود اعداد کو جمع کیجیے۔ہمیں __________ حاصل ہوگا۔

(c) درمیانی کالم کے اعداد کو جمع کیجیے۔ہمیں __________ حاصل ہوگا۔

(d) وتری اعداد کو جمع کیجیے $6 + 5 + 4 = 15$

اعداد کے اس خصوصی جدول کو جادوئی مربع کہتے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| | 11 | |
| | | 13 |
| 12 | | 14 |

.1 دیئے ہوئے خاکے میں خالی جگہوں کو 11 اور 19 کے درمیانی اعداد سے پر کیجیے۔ کسی بھی عدد کو صرف ایک مرتبہ استعمال کیا جائے۔اور اس طرح لکھا جائے کہ اعداد کی ہر صف' کالم یا وتر میں موجود اعداد کا مجموعہ 45 ہونا چاہئے۔

| | | |
|---|---|---|
| | 21 | |
| | | |
| | 29 | |

.2 اس خاکہ کو 21 اور 29 کے درمیانی اعداد سے پر کیجیے۔ ہر عدد صرف ایک ہی مرتبہ لکھا جائے۔اور اس طرح لکھا جائے کہ اعداد کی ہر صف' کالم یا وتر میں موجود اعداد کا مجموعہ 75 ہونا چاہئے۔

SCERT TELANGANA

3. 41 اور 49 کے درمیان کے اعداد سے خاکہ کی خالی جگہوں کو پر کیجئے۔

ہر عدد ایک مرتبہ آنا چاہیے

ہر لائن کا مجموعہ 135 ہونا چاہیے

| | | |
|---|---|---|
| 46 | | |
| | 45 | 43 |
| | | 44 |

4. اب ان تمام 4 جادوئی مربعوں کو دیکھئے۔ جو آپ نے بنائے ہیں اور ذیل کے سوالات کے جواب دیجئے۔

(a) 4 اعداد لکھئے جو ہر جادوئی مربعے کے درمیان میں واقع ہوں

(b) پہلے جادوئی مربع میں ہر ایک قطار کا مجموعہ 15= ______ 3 x

(c) دوسرے جادوئی مربع میں ہر ایک قطار کا مجموعہ ______ 3 x ہوگا۔

(d) تیسرے جادوئی مربع میں ہر ایک قطار کا مجموعہ ______ 3 x ہوگا۔

(e) چوتھے جادوئی مربع میں ہر ایک قطار کا مجموعہ ______ 3 x ہوگا۔

## کوشش کیجئے

| | | |
|---|---|---|
| 128 | | 124 |
| | | |
| | 127 | |

1. 121 اور 129 کے درمیان کے اعداد سے جادوئی مربع کو مکمل کیجئے۔ اس مربع کی ہر قطار کا مجموعہ 375 ہو۔

2. 26 اور 34 کے درمیان کے اعداد کے استعمال سے ایک جادوئی مربع بنائیے۔

## یہ کیجئے

1. اس نمونہ کو آگے بڑھائیے۔ اسی قاعدہ کے حساب سے ایک اور نمونہ بنائیے۔

(a) 8, 16, 24, 32, ______, ______, ______

آپ کا نمونہ ______, ______, ______, ______, ______

SCERT TELANGANA

(b) 45, 54, 63, 72, ______, ______, ______

آپ کا نمونہ ______, ______, ______, ______, ______

(c) 49, 56, 63, 70, ______, ______, ______

آپ کا نمونہ ______, ______, ______, ______, ______

(d) 3, 6, 10, 15, ______, ______, ______

آپ کا نمونہ ______, ______, ______, ______, ______

(e) 16, 25, 36, ______, ______, ______

آپ کا نمونہ ______, ______, ______, ______, ______

(f) 3, 15, 75, ______, ______, ______

آپ کا نمونہ ______, ______, ______, ______, ______

(g) 10, 40, 160 ______, ______, ______

آپ کا نمونہ ______, ______, ______, ______, ______

(h) 7, 21, 63 ______, ______, ______

آپ کا نمونہ ______, ______, ______, ______, ______

(i) 6, 12, 24 ______, ______, ______

آپ کا نمونہ ______, ______, ______, ______, ______

(j) 2,4,8,16 ______

آپ کا نمونہ ______, ______, ______, ______, ______

(k) 64,32,16 ______

آپ کا نمونہ ______, ______, ______, ______, ______

(l) 6,30,150 ______

آپ کا نمونہ ______, ______, ______, ______, ______

SCERT TELANGANA

# 17 قلعہ گولکنڈہ کی سیر

ملے پلی پرائمری اسکول کے اساتذہ، چوتھی اور پانچویں جماعت کے بچوں کو قلعہ گولکنڈہ کی سیر پر لے جانے کا منصوبہ بنا رہے ہیں۔صدر معلمہ اس پروگرام کے خرچ کا اندازہ لگا رہی ہیں۔




(a) بس ایجنسی کو جملہ کتنی رقم ادا کرنی ہوگی؟

(b) قلعہ گولکنڈہ میں داخلہ ٹکٹ پر کتنا خرچ آئے گا؟

(c) ہر فرد پر ہونے والا خرچ

(i) سفر خرچ ₹__________________

(ii) داخلہ ٹکٹ خرچ ₹__________________

(iii) کھانے کا خرچ ₹__________________

(iv) جملہ خرچ ₹__________________

دیگر زائد اخراجات بھی ہوں گے۔اس لئے میں ہر ایک کو 110 ₹ ادا کرنے کے لئے کہوں گی۔


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے
SCERT TELANGANA



## تفریح کا دن

2012/11/10 کے دن تفریح پر جانے کا منصوبہ بنایا گیا تھا۔

(a) دن، مہینہ اور سال کی وضاحت کرتے ہوئے الفاظ میں لکھیے؟

________________

اُس دن تمام لوگ صبح 7 بجے مدرسہ میں جمع ہوگئے۔ 20 منٹ بعد بس آئی تمام لوگ 15 منٹ کے اندر بس میں سوار ہوگئے۔

(b) بس کس وقت اسکول پہنچی؟

(c) کس وقت وہ تفریح کے لیے نکلے؟

## ڈیزل کے لئے ڈرائیور نے پٹرول پمپ پر کچھ دیر کے لئے بس روکا

قلعہ گولکنڈہ جانے کے لئے 250 کلومیٹر اور اسکول واپس آنے کے لئے 250 کلومیٹر

(a) اگر بس ایک لیٹر ڈیزل میں 5 کلومیٹر کا فاصلہ طے کرتی ہے تو اس سفر کے لئے کتنا ڈیزل درکار ہوگا؟


(b) اگر ایک لیٹر ڈیزل کی قیمت ₹ 54 ہو تو ڈرائیور کو پٹرول پمپ پر کتنی رقم ادا کرنی ہوگی؟

## قلعہ گولکنڈہ پر



SCERT TELANGANA

قلعہ پہنچ کر تمام بچے قلعہ کے داخلہ پر لگے ہوئے قلعہ کے نقشہ کو دلچسپی سے دیکھنے لگے







رضیہ ٹیچر بچوں کو گولکنڈہ کی تاریخ بتاتی ہیں۔قلعہ گولکنڈہ 400 فٹ بلند پہاڑ پر تعمیر کیا گیا۔قلعہ کا نام تلگو الفاظ ''گولا کونڈہ'' یعنی ''چرواہے کا پہاڑ'' سے موسوم کیا گیا۔کہا جاتا ہے کہ چرواہے کو منگلاورم پہاڑ پر ایک مورتی دستیاب ہوئی۔اس کی اطلاع وہاں کے راجہ کو دی گئی۔اس نے اس مورتی کے اطراف 1143ء میں ایک مٹی کا قلعہ بنایا تھا۔

1500ء میں اس قلعہ کو توسیع دی گئی اور پختہ بھی کیا گیا اور 1590ء تک اس کے اطراف 10 کلومیٹر طویل پتھر کی فصیل تعمیر کی گئی۔

(a) منگلاورم پہاڑ پر کتنے سال قبل مٹی کے قلعہ کی تعمیر کی گئی تھی؟

900 ،700 ،500

(b) کتنے سال قبل قلعہ کی فصیل پتھر سے تعمیر کی گئی؟

700 ،600 ،500


(c) ذیل میں دیئے گئے بیانات کو وقتی خط پر ظاہر کیجئے۔

(i) اُس سال کو ظاہر کیجئے جب مٹی کا قلعہ تعمیر کیا گیا تھا۔

(ii) اُس صدی کو ظاہر کیجئے جب قلعہ کو وسعت دے کر مضبوط بنایا گیا۔

(iii) جاریہ سال کو ظاہر کیجئے۔

(iv) آپ کے والد کی پیدائش کے سال کو ظاہر کیجئے۔





SCERT TELANGANA

روحی ٹیچر نے واضح کیا کہ قلعہ میں مختلف ہال، منادر، مساجد، سپاہیوں کے ٹھہرنے کے مقامات، جیل خانے، اسطبل اور باغات وغیرہ ہیں۔

جب ہم قلعہ کے تمام مقامات دیکھ چکے ہوں گے تب میں آپ لوگوں سے قلعہ کے اُن تمام مقامات کو اِس نقشہ میں نشاندہی کرنے کے لئے کہوں گی۔

تمام لوگ قلعہ میں فتح دروازہ سے داخل ہوئے۔ لفظ فتح دروازہ یعنی ’’جیت کا دروازہ‘‘





منور: یہ دروازہ بہت بڑا ہے


پروین: اب تک میں نے جتنے دروازے دیکھے ہیں، اُن سب میں یہ سب سے بڑا ہے۔

ٹیچر: ہاں! یہ دروازہ 13 فٹ چوڑا اور 25 فٹ اونچا ہے۔ یہ دروازہ ساگوان کی لکڑی سے بنا ہوا ہے اور اس میں فولاد کے کیل لگائے گئے ہیں، تاکہ قلعہ کو دشمن کے ہاتھیوں کے حملے سے محفوظ رکھا جائے۔

(a) آپ کے اسکول کے گیٹ کی چوڑائی اور اونچائی کیا ہے؟

(b) فتح دروازے کی اونچائی آپ کے اسکول کی گیٹ سے کتنے گنا زیادہ ہے؟

(c) فتح دروازہ کی چوڑائی آپ کے اسکول کی گیٹ سے کتنے گنا زیادہ ہے؟



اس دروازے کی ایک اور خوبی ہے کہ اگر اس کے گنبد کے نیچے آواز لگائیں یا تالی بجائیں تو اُس کی آواز بالا حصار کے نظارگاہ تک سنائی دے گی جو کہ اس قلعہ کا سب سے اُونچا حصہ ہے اور اس کا فاصلہ گنبد سے تقریباً 1 کلومیٹر ہے۔

ماضی میں خطروں سے آگہی کے لئے یہ طریقہ اپنایا جاتا تھا۔

SCERT TELANGANA

اب تمام لوگ قلعہ میں داخل ہوکر کھوج شروع کرتے ہیں۔ایک لوہے کے بکسہ نما کندہ کے پاس آتے ہیں جو کہ وہاں رکھا تھا۔تمام بچے ایک کے بعد دیگرے اسے اُٹھانے کی کوشش کرتے ہیں لیکن کوئی بھی اس کو نہیں اٹھا سکے۔اُن کے ٹیچر بھی اُس کو نہیں اُٹھا سکے۔






کیا آپ اندازہ لگا کر بتا سکتے ہیں کہ لوہے کے کندہ کا وزن کیا ہوگا؟ اِس لوہے کے کندہ کا وزن 260 کلوگرام ہے۔ ماضی میں یہ سپاہیوں کی طاقت کا امتحان لینے کے لئے استعمال کیا جاتا تھا۔


(a) اگر ایک بچے کا وزن 40 کلوگرام ہے تب بتائیے کہ کتنے بچوں کا وزن اُس کندہ کے وزن کے مساوی ہوگا؟

اب یہ لوگ اس خوبصورت مسجد کی جانب آتے ہیں۔





اب یہ گروپ بالا حصار گیٹ کی جانب آتا ہے۔ بچے بالا حصار کے نظارگاہ تک جانے والی 380 سیڑھیوں کی گنتی کرتے ہیں۔اور یہاں وہ داخلے کے دروازے کے گنبد کے نیچے بجائی جانے والی تالی کی آواز سنتے ہیں۔





SCERT TELANGANA

جب بچے بالا حصار سے شہر کا نظارہ کرتے ہیں تو شہر اس طرح دکھائی دیتا ہے۔




اب یہ تمام لوگ نگینہ باغ دیکھنے جاتے ہیں۔ باغ بڑے مستطیل نما اور مربع نما گھاس کے قطعوں سے گھرا ہے۔



(a) اگر مربع نما قطعہ کا ضلع 2 میٹر ہو تو اُس کا احاطہ کیا ہے؟

(b) اگر اس قطعہ کے اطراف 25 سمر لمبائی والی اینٹیں رکھی جائیں، تب اس کو مکمل گھیرنے کے لیے ایسی کتنی اینٹیں درکار ہوں گی؟

(c) اگر اس طرح کے 13 قطعے ہیں تب ایسی کتنی اینٹیں درکار ہوں گی؟

(d) اگر مستطیلی قطعہ جس کا طول 3 میٹر اور چوڑائی 1 میٹر 50 سمر ہو، تب اس کا احاطہ کیا ہوگا؟

(e) اس قطعہ کے اطراف 25 سمر لمبائی والی اینٹوں کی قطار بنائیں تو کتنے اینٹوں کی ضرورت ہوگی؟

(f) اگر اس طرح کے 19 مستطیلی قطعہ ہوں تو کتنی اینٹوں کی ضرورت ہوگی؟

اس طرح تمام لوگوں نے قلعہ کے دوسرے مختلف دلچسپ مقامات کو دیکھا اور .2-30 p.m کو قلعہ سے باہر آ گئے۔

باہرنکل کر بچے دوبارہ قلعہ کے نقشہ کے پاس آ گئے۔

(a) ٹیچر: بچو! کیا آپ بالا حصار کے نظارِگاہ اور مسجد کی نقشہ میں نشاندھی کر سکتے ہیں؟

بچے دلچسپی سے قلعہ کی دیوار کو دیکھ رہے ہیں ٹیچر بتاتی ہیں کہ قلعہ کا احاطہ 10 کلومیٹر ہے۔

(b) آپ اسکول کی دیوار کے احاطہ کا اندازہ لگائیے اور بتائیے کے یہ قلعہ کا احاطہ اسکول کے احاطہ سے کتنے گنا زیادہ ہے؟

ٹیچر نے بتایا کہ قلعہ کو 8 دروازے اور 87 نصف دائروی فصیل کی چوکیاں (Bastions) ہیں۔ زمانہ ماضی میں قلعہ کی حفاظت کے لئے سپاہیوں کی چند تعداد اسی طرح کے ہر ایک مقام پر رہا کرتی تھی۔






(c) اگر ہر نصف دائروی چوکیوں کے حصے پر 9 سپاہی متعین کئے جائیں اور 2 فوجی ہر دروازے پر ہوں تب جملہ کتنے فوجی قلعہ کی حفاظت کر رہے ہوں گے؟

تفریح سے واپسی پر یہ گروپ ایک رسٹورنٹ پر دوپہر کے کھانے کے لئے رُک گیا اور جب وہ اسکول واپس لوٹے تب رات کے 9 بج رہے تھے۔



# معلم کے لیے رہنمایانہ خطوط

## نصاب وطریقہ تدریس پر مبنی

پیارے اساتذہ!

اس کتاب میں 17 باب ہیں۔زیادہ تر یہ دوشعبوں کا احاطہ کرتے ہیں۔اعداداورجگہ۔تحتانوی سطح پراعداد کی سمجھ بوجھ قائم کرنے میں بڑے اعداد کو پڑھنا،لکھنااوران کوسمجھنے کی اہلیت اورساتھ ہی ساتھ چار بنیادی اعمال یعنی جمع،تفریق،ضرب اورتقسیم میں مہارت پیدا کرنا ہوتا ہے۔مختلف اعمال جیسے جمع اور تفریق کے درمیان اورضرب اورتقسیم کے درمیان رشتوں کا مشاہدہ بھی اس میں شامل رہتا ہے۔اس کے علاوہ اعمال کے تقلیبی اور تقسیمی خصوصیات سے واقف کرانا ہوتا ہے۔اعداد کی بڑھتی سوجھ بوجھ میں عددی ترتیبوں سے مسابقہ کرنے کی قابلیت لازمی طور پر موجود رہتی ہے۔تقسیم کے فہم پر کسور کو سمجھا جاتا ہے جس سے بچوں میں دوسرے کثیف نکات جیسے فی صد،تناسب وغیرہ کو سیکھنے کی صلاحیت پیدا ہوتی ہے اوراس کے بعد عددی سیٹ کا نشونما ہوتا ہے اور یہ سب وسطانوی جماعتوں میں واقع ہوتا ہے۔جگہ کی سمجھ بوجھ کا مطلب سہ ابعادی اوردوابعادی اشکال میں دنیا کا مشاہدہ کرنا،3D اور 2D اشکال سے دنیا کے درمیان قائم رشتے کوسمجھنا،مختلف مقامات سے دنیا کا تصور کرنااورمختلف نمونوں وتشاکل کی دنیا کو دریافت کرنا ہوتا ہے۔پیمائش میں جگہ سے متعلق اورجگہ سے غیر متعلق مختلف نکات جیسے طول،وزن،گنجائش،وقت اوراحاطہ کوعددی مقدار میں ظاہر کرنا پڑتا ہے اوران تمام شعبوں میں چاراعمال کواستعمال کرنے سے عددی سمجھ کوتقویت ملتی ہے۔اعداداورجگہ دونوں میدانوں کا ایک اہم جزو اندازہ لگانا ہوتا ہے۔ڈاٹا کواستعمال میں لانے کے عمل میں مختلف اقسام کے تصویری چارٹ اور گراف سے اعداد کا تصور کرنا شامل رہتا ہے۔ہم آپ سے گزارش کرتے ہیں کہ بچوں کو ریاضی کے عددی وفضائی دونوں پہلوؤں سے لطف اندوز ہونے میں تعاون کریں۔

ایک تحتانوی کمرۂ جماعت میں ریاضی کے تعلیمی عمل کی نوعیت کے متعلق بھی ہم آپ سے کچھ کہنا چاہتے ہیں۔پہلے اس مرحلے میں طبعی اشیا کواستعمال کرنا نہایت ضروری ہے۔چند طبعی اشیا جیسے پانسہ،عددی کارڈ،100 موتیوں کی لڑی،میٹرکی سلاخ،پیمائشی ٹیپ،اوزان،گھڑی،کیلینڈر،مختلف اشکال کے بکسے، مختلف گنجائش کی بوتلیں،آئینہ وغیرہ تحتانوی سطح پر ضرورت ہوتی ہے۔دوسرے مختلف نکات کو معنی خیز طور پر بچوں کے تجربات سے جوڑ کر پیش کرنا ضروری ہوتا ہے جس سے بچے کمرۂ جماعت میں استعمال ہونے والی ریاضی اور بیرونی دنیا میں استعمال ہونے والی ریاضی کے درمیان پائے جانے والے رشتے کو دیکھ سکتے ہیں۔اس کتاب میں یہ کوشش کی گئی ہے کہ نکات کو ایسی صورتوں میں پیش کیا گیا جنھیں بچے بہ آسانی سمجھ سکیں اور ہم آپ سے گزارش کرتے ہیں کہ مزید سوالات اس طرح کریں کہ جو ریاضی کے نکات کو مقامی حالات سے جوڑنے میں بچوں کے لیے مددگار ثابت ہوسکیں۔بچوں کو بھی اپنے خود کے سوالات بنانے اوران کو حل کرنے پر ابھاریں۔تیسرے،ایک سوال یا مسئلے کو حل کرنے کے کئی طریقے ہوسکتے ہیں۔آپ سے گذارش کی جاتی ہے کہ بچوں کی ہمت افزائی کریں کہ مسائل کو حل کرنے کے لیے وہ اپنے خود کے طریقہ کار کو استعمال کریں اورانھیں اپنے طریقوں کے بارے میں ایک دوسرے سے بات چیت کرنے کے لیے بھر پور مواقع فراہم کریں۔درحقیقت مل کر اکتساب کرنا کمرۂ جماعت کے لیے سیکھنے کا ایک اہم ذریعہ ہوتا ہے اور بچوں کو جوڑیوں اور گروپ میں مسائل کو حل کرنے کے لیے حوصلہ افزائی کرنا ضروری ہوتا ہے۔

ایک تعلیمی سال کے درمیان جب بھی ممکن ہو،آپ سے گزارش ہے کہ تعلیمی دوروں،میلوں،ریاضی کی نمائش،اکتسابی گوشوں،کوئیز،ریاضی کے کلب وغیرہ جیسی سرگرمیوں کا اہتمام کریں۔

آخر میں ہم آپ سے گذارش کرتے ہیں کہ تمام ابواب کا بہ غور مطالعہ کریں اوراس کے مطابق منصوبہ بندی کرتے ہوئے کمرۂ جماعت میں داخل ہونے سے قبل تیاری کرلیں۔ہمارا یہ خیال ہے کہ اگر آپ تدریس سے قبل باب میں دیئے گئے سوالات ومسائل کو قبل از وقت حل کرلیں تو تدریسی عمل میں کافی فائدہ ہوگا۔اس بات کی بھی توقع کی جاتی ہے کہ آپ نکات کو قائم کرنے کے لیے درکار تدریسی واکتسابی اشیا(TLM) جن کی بھی ضرورت لاحق ہوتی ہے،جیسے لمبائی کے لیے میٹر کی رسی،گنجائش کے لیے ایک لیٹر کی بوتلیں وغیرہ کا انتظام کرلیں۔

**کتابوں کے متعلق نوٹ:** مسائل وسوالات کے حل کے لیے نہ صرف باب کے ختم پر بچوں کے لیے جگہ فراہم کی گئی ہے بلکہ باب کے درمیان مختلف مرحلوں پر بھی اس کا موقع دیا گیا ہے۔درحقیقت نکات کو قائم کرنے کا عمل ایک ایسا عمل ہے جس میں بچہ کتابی مواد کے ساتھ تبادلۂ خیال کرتا ہے اور وقفے وقفے سے جو بھی وہ سمجھتا ہے اس کو ظاہر کرنے کے لیے جگہ مہیا کی گئی ہے۔"یہ کیجیے" مشق بچوں کو سیکھے گئے تصورات دہرانے کا موقع فراہم کرتی ہے اوراس مشق کو بچے خود سے کرنا چاہیے۔"کوشش کیجیے" مشق میں ان کے لیے ایک چیلنج کا عنصر پایا جاتا ہے اور بچوں کو سوچنے کی دعوت دی جاتی ہے۔"سوچیے اور بات چیت کیجیے" سوالات بھی اپنے اندر چیالنج کا عنصر رکھتے ہیں اور یہ جوڑیوں اور گروپ میں کیے جانے والے کام ہیں۔باب کے آخر میں دی گئی "مشق" باب میں موجود تمام اکتسابی نکات کا احاطہ کرتی ہے۔

## چند باب واری رہنمایانہ خطوط ذیل میں دیئے گئے ہیں

### اشکال:

☆ بچوں کو اپنے اطراف واکناف پائے جانے والی اشیا میں دو ابعادی اور سہ ابعادی شکلوں کی نشان دہی کی ترغیب دیں۔
☆ بچوں کو اس بات کی بھی ترغیب دیں کہ وہ حقیقی سہ ابعادی اشیا لیکر ان کا جائزہ لیں تا کہ ان کی خصوصیات سے بخوبی واقف ہو سکیں۔
☆ انہیں تعریفات فراہم کرنے کے بجائے بچوں کو ان خصوصیات کا جائزہ لینے کے بھرپور مواقع اور درکار جگہ مہیا کریں۔
☆ بچوں کو ترغیب دیں کہ وہ مختلف قسم کے باکس کھولیں اور ان کی جال کا مشاہدہ کریں۔
☆ ایسے حالات پیدا کئے جائیں کہ جہاں بچے مختلف اشیا اور ان کے مقام کا مختلف پہلوؤں سے جائزہ لے سکیں اور انہیں اس بات کی بھی ترغیب دیں کہ جو وہ دیکھتے ہیں اتاریں۔
☆ مدرسہ، محلے اور گاؤں وغیرہ کے چند مقامی نقشہ جات دکھا کر بچوں کو ان میں مقامات کی نشاندہی کرنے کی حوصلہ افزائی کریں۔

### اعداد:

☆ بچوں کو عشری نظام سمجھانے کے لیے 100 موتیوں والی لڑی، عددی خط اور 100 کے پہاڑے کو استعمال کریں۔
☆ ہندسوں کے استعمال سے اعداد بنانے اور ان کے تقابل کرنے کے خاطر خواہ مواقع بچوں کو فراہم کریں۔

### جمع اور تفریق:

☆ بڑے اعداد کو جمع اور تفریق کرنے اور مجموعہ اور فرق کا اندازہ لگانے میں بچوں کی ہمت افزائی کریں۔
☆ بچوں کو جوڑنا، تقابل اور تبدیل کرنے کے نمونوں پر مشتمل زیادہ سے زیادہ عبارتی سوالات تیار کریں اور ان کو حل کرنے کے لیے دیں۔
بچوں کو جمع، تفریق اور دونوں عمل سے ملے ہوئے عبارتی سوالات کو حل کرنے کے مواقع فراہم کرنا بھی ضروری ہے۔

### ضرب:

☆ بڑے سے بڑے اعداد کو ضرب دینے اور حاصل ضرب کے بارے میں اندازہ لگانے کے لیے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔
☆ تمام طرح کے کارآمد عبارتی سوالات جو گروہی۔ کارتیزی حاصل ضرب، سادہ ضرب، راست ضرب (جماعت پنجم میں) کو استعمال کرتے ہوئے حل کرنے کے لیے دیں۔ ضرب کے عبارتی سوالات بنانے کے لیے بچوں کو زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کریں۔
☆ بچوں کو تقسیمی قانون کے استعمال کے ذریعہ اعداد کو 10، 100 وغیرہ کو علاحدہ کرکے ضرب دینے کے خاطر خواہ مواقع فراہم کریں۔
☆ ضرب اور تقسیم کے درمیان پائے جانے والے رشتہ کو سمجھنے اور اسی طرح ضرب کے تقلیبی اور تقسیمی خصوصیات سے بخوبی واقف ہونے میں بچوں کی ہمت افزائی کریں۔

### تقسیم:

☆ بڑے اعداد کی تقسیم اور خارج قسمت کا اندازہ لگانے کے لیے طلبا کی ہمت افزائی کریں۔
☆ تمام اقسام کے معنیٰ خیز عبارتی سوالات کی تشکیل۔ مساوی اشتراک اور گروپ بچوں کو حل کرنے کے لیے کہیں۔ یہ کام بڑی اہمیت کا حامل ہے کہ بچوں سے عمل تقسیم پر عبارتی سوالات بنانے کا موقع فراہم کریں۔


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

## کسور:

طلبا اپنی روزمرہ زندگی میں آدھا، پاؤ اور تین گنا کا استعمال کرتے ہیں۔ انہیں اس بات کی واقفیت نہیں ہوتی کہ وہ کسور ہیں۔ بچوں کو کسور سے آگاہ کروائیں۔

☆ کسور کو سمجھاتے وقت اس بات پر اہمیت دیں کہ کسر کسی شئے کے حصے یا گروپ کے حصوں کے مساوی ہوتے ہیں۔

☆ کسور اور ان کی تقسیم کو عددی خط پر بھی ظاہر کیا جاسکتا ہے۔

## پیمائشات:

طول، وزن، وقت اور حجم وغیرہ کی تمہید دی گئی ہیں۔ بچوں کو ان سے واقف کروائیں۔

☆ طلبا ان تمام سے واقفیت حاصل کرتے ہوئے کمرہ جماعت میں اس کا اطلاق کر پائیں گے اور آپس میں تبادلہ خیال کریں گے۔ بچوں کے والدین بچوں سے اس قسم کے اقسام کے طول، وزن اور وقت معلوم کرنے میں ان کی مدد کریں۔

☆ طول، وزن، حجم اور وقت کی بہترین واقفیت کے لیے طول کتنے سنٹی میٹر، کتنے میٹر، کتنے کلو میٹر، کتنا وزن، چند گرام، کتنا وقت وغیرہ کی وضاحت کے لیے ایک میٹر رسی، ایک کلو گرام وزنی ریت کی تھیلی کے علاوہ حقیقی اوزان سے واقفیت کروانا۔

☆ جہاں کہیں ممکن ہو منصوبہ کام دنیا اور فیلڈ ٹرپ پر لے جانا، تاکہ بچوں کی صلاحیتیں اجاگر ہوں اور وہ پیمائشات کو اچھی طرح سمجھ کر ان کو مختلف اکائیوں میں تبدیل کرسکیں۔

## نمونے:

☆ بچے قدرت میں پائے جانے والے اور انسان کے تیار کردہ نمونوں کو اپنے اطراف واکناف دیکھتے ہیں۔ بچوں کو ان کی شناخت کرنے میں ان کی مدد کریں۔

☆ بچوں کو صرف نمونوں کی پہچان تک ہی محدود نہ رکھیں بلکہ انہیں مختلف نمونے تیار کرنے کی طرف راغب کریں۔

☆ اعداد کی مختلف ترتیب کی تیاری میں بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تشاکل:

☆ بچوں کو اطراف واکناف پائے جانے والے اشیا میں تشاکل کی نشاندہی کرنے کو کہیں۔

☆ قدرتی ماحول میں پائے جانے والے تشاکلی مناظر پر غور کرنے کو کہیں۔

☆ خط تشاکل کی تفہیم کے لیے کمرہ جماعت میں آئینہ کا استعمال کرتے ہوئے اس کی وضاحت کریں۔

## معطیات:

☆ بچوں کو معطیات اکٹھا کرنے کے لیے مواقع فراہم کرنا۔ جو اپنے ماحول میں پائے جانے والے گھر و مدرسے سے تعلق رکھتے ہیں اور ان کی مختلف ترتیب، جیسا کہ جدول تیار کرنا، تصویری گراف، بار گراف وغیرہ۔



SCERT TELANGANA

# نصاب

## I تفہیم کی وسعت (16 گھنٹے):

### اشکال اوران کی فہم کی وسعت

☆ فرشی نقشوں کے راستے/سڑک کے نقشوں کو پڑھنا اوران کی شناخت
☆ جانے پہچانے مقامات کے سادہ زمینی نقشوں کی نقشہ کشی ☆ مکعبوں کے جال کی شناخت
☆ شکلوں کے استعمال کے لیے مختلف اختراعی شکلیں بنانے کا مشغلہ (tangram) ایک چینی مشغلہ
☆ دوابعادی مختلف شکلیں بنانے کے لیے ڈاٹ شیٹ کے استعمالات
☆ ایک جیسی اشیا کو جوڑنے پر بننے والے نمونوں (tiling pattern) کی بناوٹ
☆ جانے پہچانے سہ ابعادی اجسام کا (جن میں دوسمتی شکلوں میں ڈھالا گیا ہو) خطی تشاکل۔ان کی جانچ
☆ جانی پہچانی دوابعادی اشکال کا کسی نقطہ پر گھماؤ اور جانچ ☆ ماحولیات میں زاویوں کی شناخت
☆ قائمہ زاویوں کی شناخت ☆ زاویہ قائمہ سے کم اور زیادہ زاویوں (حادہ اور منفرجہ زاویئے) کی شناخت
☆ زاویہ قائمہ،زاویہ حادہ اور زاویہ منفرجہ کی تشکیل ☆ دائرے کا مرکز اور نصف قطر کی شناخت

### مختلف نمونے (تین گھنٹے)

☆ مختلف نمونوں کی نشاندہی کرتے ہوئے ان ہی نمونوں کی اساس پر اسکو آگے بڑھاتے ہوئے گھماؤ کے متبادل طریقوں کا انتخاب کرتے ہیں۔
☆ نمونوں کے بلاک یا اکائی کی شناخت۔

## II اعداد (40 گھنٹے)

### اعداد 10,000 تک

☆ عبارتی سوالات/موضوعاتی صورتوں کے پس منظر میں تین اور چار ہندسی اعداد کی شناخت، لکھنا اور تقابل
☆ 3، 4 ہندسی اعداد میں ہندسی قدر کی تفہیم
☆ ہندسی قدر کو استعمال کرتے ہوئے اعداد کو توسیعی طریقہ سے لکھنا
☆ 4 ہندسوں کو استعمال کرتے ہوئے اعداد لکھنا ☆ اعداد میں سینکڑے اور ہزار کے ہندسوں کو چھوڑ کر گنتی کرنا۔

### جمع اور تفریق

☆ 9999 تک جمع اور تفریق کے لیے عبارتی سوالات/موضوعاتی مواقع کا استعمال (تقابل۔یکجائی اور عبارتی سوالات میں موضوعاتی مسائل)
☆ تین ہندسی اعداد کی حاصل جمع اور حاصل تفریق کا تخمینہ ☆ عبارتی سوالات کی تشکیل
☆ جمع کے عمل میں تلازمی خصوصیت کی تفہیم ☆ جمع اور تفریق کے درمیان رشتہ کی تفہیم

### ضرب

☆ حساب وشمار کے (کالم واری) معیاری طریقے کے علاوہ تقسیمی قانون کو استعمال کرتے ہوئے دو ہندسی اعداد سے دو یا تین ہندسی اعداد (عبارتی سوالات/موضوعاتی صورتوں کے ذریعہ) ضرب کا عمل۔(عبارتی سوالات میں اعداد کے سلسلہ کا حاصل ضرب۔شرحی حاصل ضرب اور گروپنگ۔کالم واری اور صف واری متعین اعداد کا حاصل ضرب)
☆ 10، 100 اور 1000 کے ضرب ☆ عبارتی سوالات کی تشکیل ☆ 3x1، 3x2 ضرب کے عمل میں تخمینہ


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے
SCERT TELANGANA

☆ تقسیمی عبارتی سوالات/موضوعاتی مرحلوں کے بروئے کار لاتے ہوئے دو ہندسی اعداد کی دو ہندسی اعداد سے اور تین ہندسی اعداد کی دو ہندسی اعداد سے تقسیم۔ باقی بچنے والے اعداد اور باقی نہ بچنے والے اعداد کے ساتھ (مساویانہ گروپنگ اور اشترا کی دونوں طریقوں سے)

☆ 10 سے تقسیم پر حاصل ہونے والے نمونوں کا فہم

☆ دو اور تین ہندسی اعداد کی ایک یا دو ہندسی اعداد سے تقسیم کے علاوہ چار ہندسی اعداد کی ایک ہندسی اعداد سے تقسیم کے لیے حساب وشمار کے معیاری تقسیمی طریقے کا استعمال

☆ عبارتی سوالات کی تشکیل ☆ جفت اور طاق اعداد ☆ 2، 5 اور 10 سے تقسیم کی جانچ

☆ خارج قسمت کا تخمینہ ☆ دو اور تین ہندسی اعداد کو استعمال کرتے ہوئے ضرب اور تقسیم کے درمیان رشتہ کی جانچ

### کسری اعداد

☆ بعض اشیا/ شئے کے کسری حصوں کا حساب ☆ سادہ کسور کے حسابات کا اطلاق

☆ 1/2، 3/6 اور 4/8 میں مساوی کسور کی شناخت ☆ ایک جیسی اور مختلف کسور کا تقابل (بغیر دو اضعاف اقل)

☆ ایک جیسی کسور کا حاصل جمع اور حاصل تفریق

### نمونے (تین گھنٹے)

☆ مربع اعداد اور مثلثی اعداد میں نمونوں کی شناخت ☆ ضرب اور تقسیم کے عمل میں نمونوں کی شناخت

☆ سلسلہ وار مربع اعداد کے درمیان کے اعداد ☆ 9 کے ضربیوں کے نمونوں کی شناخت

## III پیمائشات (26 گھنٹے)

### طول، وزن اور گنجائش

☆ فٹ کے مطلب کی تفہیم اور انچوں میں تبدیلی ☆ کنٹل کی تفہیم اور کلوگرام سے اس کا تعلق

☆ کلومیٹر سے میٹر، میٹر سے سنٹی میٹر، لیٹر سے ملی لیٹر، کلوگرام سے گرام، کنٹل سے کلوگرام میں تبدیلی

☆ مذکورہ بالا تمام اکائیوں کا استعمال کرتے ہوئے طول، وزن اور حجم سے متعلق سوالات کا حل

☆ طول، وزن اور حجم کا تخمینہ ☆ رقبہ کا فہم ☆ رقبہ کا حساب از خود تفہیم سے ☆ احاطہ کو محسوب کرنے کا طریقہ

### وقت

☆ سکنڈس، منٹ، گھنٹوں، دنوں، مہینوں اور برسوں کی رقوم میں وقت کے تعین کی تفہیم

☆ گھنٹوں کی منٹوں میں اور منٹوں کی سکنڈس میں تبدیلی ☆ am اور pm کا تصور اور ان رقوم کا اظہار

☆ 24 گھنٹے کی گھڑی کا فہم 12 گھنٹوں کے وقت کو 24 گھنٹوں میں تبدیل کرنے کا فہم

☆ تاریخ کو پڑھنا ☆ وقت کی برسوں میں تبدیلی کی تفہیم

## IV اعداد وشمار کی تدریس 6 گھنٹے

☆ تصویری خاکہ کو پڑھنا ☆ تصویری خاکہ کے لیے موزوں اسکیل کی اہمیت کا فہم

☆ بارگراف کو پڑھنا ☆ تقابلی نشانات کے آنکڑوں کی تدوین

## V روزمرہ کی زندگی میں حساب (5 گھنٹے) (رقم، طول، وزن، حجم، خلا)

☆ حساب کے ایک عمل سے زائد اور/ ایک فہم سے زائد اور/سوالات حل کرنے کے مختلف مراحل کے ذریعہ عبارتی سوالات/موضوعاتی سوالات کا حل ☆ روزمرہ زندگی میں تخمینہ


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے
SCERT TELANGANA

# تعلیمی معیارات

تعلیمی معیارات ایسے واضح بیانات ہوتے ہیں جس میں طلبا کن معلومات کو حاصل کریں گے اور کونسے اعمال کرنے کے قابل ہوں گے یہ بتایا جاتا ہے۔

ذیل میں ان زمروں (درجات) کو پیش کیا گیا ہے جن کی بنیاد پر ہم تعلیمی معیارات تشکیل دیتے ہیں۔

## مسئلہ کا حل:

ریاضی کے مسائل کے حل کے لیے تصورات اور طریقۂ عمل کو استعمال کرنا۔

### a) مسائل کے اقسام:

مسائل کئی اقسام کے ہوسکتے ہیں جیسے معنیٰ، عبارتی سوالات، تصویری سوالات، عملی سوالات، مواد، جدول اور ترسیم وغیرہ کا مطالعہ

### b) مسئلہ کے حل کے مراحل:

☆ مسئلہ کا مطالعہ

☆ مواد یا معلومات کے تمام اجزا کی شناخت

☆ متعلقہ معلومات کو علاحدہ کرنا

☆ پائے جانے والے تصورات کا فہم

☆ طریقۂ عمل کا انتخاب

☆ مسئلہ کو حل کرنا

### c) پیچیدگی:

کسی مسئلہ کی پیچیدگی کا انحصار حسب ذیل پر ہوتا ہے۔

☆ منسلک کرنا (جیسا کہ اس کو زمرہ ربط میں بتایا گیا ہے)

☆ مسئلہ میں کتنے مراحل موجود ہیں۔

☆ مسئلہ میں موجود اعمال کی تعداد

☆ مسئلہ میں موجود سلجھی ہوئی عبارتوں کی تعداد

☆ مسئلہ میں موجود طریقۂ عمل کی نوعیت

## استدلالی ثبوت

☆ مختلف اقدامات کے درمیان استدلال (مشمول ناقابل تبدیل صورت حال)


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے
SCERT TELANGANA

☆ ریاضیاتی عمومیت اورصورت حال کافہم اور تشکیل

☆ طریقہ عمل کافہم اوردرستگی

☆ منطقی بحث کا جائزہ لینا۔

☆ مہمل دلائل کافہم

☆ استقرائی واستخراجی طریقوں کا استعمال

☆ ریاضیاتی استدلال کی جانچ

## اظہار

ریاضیاتی عبارت پڑھنااورلکھنا

3+4 = 7, 3/4

☆ ریاضیاتی عبارتوں کو بنانا۔

☆ ریاضیاتی خیالات کو اپنے الفاظ میں واضح کرنا۔ جیسے مربع ایک بند شکل ہے جس کے چار ضلع مساوی ہوتے ہیں اور چاروں زاویہ بھی مساوی ہوتے ہیں۔

☆ ریاضیاتی طرزعمل کو واضح کرنا جیسے دو ہندسی اعداد کی جمع میں پہلے اکائی کے ہندسوں کو جمع کرنا اور بعد میں دہائی کے ہندسوں وحاصل کو مدنظر رکھتے ہوئے ریاضیاتی منطق کو واضح کرنا۔

## ربط:

☆ ریاضیاتی علاقہ میں تصوارت کا ربط پیدا کرنا۔ جیسے جمع اور تفریق میں تعلق ایک کل سے جز کی نسبت اور تقسیم میں تعلق۔ ترتیب اور تشاکل میں تعلق، جگہ اور پیائش میں تعلق

☆ روزمرہ زندگی میں ریاضی سے تعلق پیدا کرنا۔

☆ دوسرے مضامین سے ریاضی کا تعلق پیدا کرنا۔

☆ ریاضی کے مختلف علاقوں کے تصورات کا تعلق پیدا کرنا جیسے معطیات کا اظہار اور حساب یا حساب اور جگہ

☆ تصورات کو مختلف طریقوں سے جوڑنا

## نمائندگی

☆ جدول میں دیئے گئے معطیات، عددی خط، تصویری گراف، بارگراف، دوابعادی، سہ ابعادی اور تصاویر کا مطالعہ اور تشریح کرنا

☆ جدول، عددی خط، تصویری گراف، بارگراف اور تصاویر کو بنانا۔



SCERT TELANGANA